رجسٹرڈ ڈی سی نمبر 12 — قیمت 10 روپے

MEMBER OF APNS

کوئٹہ، اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ — A.B.C Certified

DAILY AWAM QUETTA

روزنامہ عوام کوئٹہ

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 38 | پیر 08 ربیع الثانی 1448ھ | 21 ستمبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 69

قانون سب کیلئے یکساں، ہماری ذمہ داری ہے، کوئی پرتشدد جتھہ اسلام آباد نہیں آئیگا، عطاء اللہ تارڑ

سڑکوں کی بندش، آمدورفت میں خلل کے حوالے سے ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں

جماعت اسلامی کے ساتھ ہمارا رابطہ ہے، جماعت اسلامی کے پرامن اور سمجھدار لوگ ہیں، فیول ریلیف سکیم کے حوالے سے شکایات بھی آ رہی ہیں، جو شکایات آرہی ہیں، انہیں حل کیا جارہا ہے، وفاقی وزیر اطلاعات

تقریباً اڑھائی کروڑ موٹر سائیکلیں پاکستان میں رجسٹرڈ ہیں جو اس سکیم سے مستفید ہوں گے، وزیراعظم نے 15 سال کی بجائے 20 سال پرانی موٹر سائیکل، رکشہ اور گاڑیوں کو بھی سکیم کا حصہ بنایا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سڑکوں کی بندش، عوام کی آمدورفت میں خلل کے حوالے سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں، ہماری ذمہ داری ہے، کوئی پرتشدد جتھہ اسلام آباد نہیں آئے گا، جماعت اسلامی (بقیہ نمبر 37 صفحہ 6 پر)

سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف کا بحری مشق سی اسپارک 2026 کا معائنہ

کراچی، راولپنڈی (آن لائن) سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل (بقیہ نمبر 41 صفحہ 6 پر)

اپوزیشن کے احتجاج کے پیش نظر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی مختلف شاہراہوں پر کنٹینرز پہنچا دیئے گئے

ریڈ زون مکمل طور پر سیل، پارلیمنٹ ہاؤس سمیت وفاقی وزارتوں اور سیکرٹریٹ کے راستے محدود کر دیے گئے

اسلام آباد (آن لائن) اپوزیشن کے احتجاج کے پیش نظر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی مختلف شاہراہوں پر کنٹینرز پہنچا دیئے گئے۔ ریڈ زون مکمل طور پر سیل کر دیا گیا۔ (بقیہ نمبر 40 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد: وزیر مملکت بلال بن ثاقب سے امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر ملاقات کر رہی ہیں

صدر، وزیراعظم کا قلات میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کارروائیاں جاری رہیں گی، وزیراعظم شہباز شریف

غیر ملکی سرپرستی و معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا، صدر مملکت آصف علی زرداری کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے علاقے قلات میں دہشت گردوں کی جانب سے پاکستان ہائی وے پر شہریوں کی نقل و حرکت میں خلل ڈالنے کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش (بقیہ نمبر 39 صفحہ 6 پر)

خیبر پختونخوا سے اسلام آباد آنے والی شاہراہوں پر خندقیں کھودنے کا فیصلہ

پولیس نے اسلام آباد آنے والوں مظاہرین روکنے کیلئے حکمت عملی تیار کرلی

اسلام آباد (این این آئی) سیاسی جماعتوں کے احتجاج کے پیش نظر وفاقی پولیس نے خیبر پختونخوا سے اسلام آباد آنے والوں مظاہرین روکنے کیلئے حکمت عملی تیار کرلی (بقیہ نمبر 38 صفحہ 6 پر)

احتجاج میں کوئی قانون نہیں توڑیں گے اور نہ راستے بند کریں گے، چیئرمین پی ٹی آئی

لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کا بالکل استعمال نہیں کیا جائے گا سیاسی مسائل کے حل کیلئے ہر فریق کو ایک قدم پیچھے ہٹنا ہوگا

ملاقاتیں ہوتی رہتی ہیں، مذاکرات ہونے چاہئیں، فی الحال ماحول ٹھنڈا ہے اور کوئی بات نہیں بن سکی، بیرسٹر گوہر کی نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ سیاسی مسائل کے سیاسی حل کے لیے ہر فریق کو ایک قدم پیچھے ہٹنا ہوگا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کے دوران بیرسٹر گوہر نے محسن نقوی کے ساتھ ملاقاتوں کی تردید سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ ملاقاتیں ہوتی رہتی ہیں، مذاکرات ہونے چاہئیں، فی الحال ماحول ٹھنڈا ہے اور کوئی بات نہیں بن سکی۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج میں کوئی قانون نہیں (بقیہ نمبر 42 صفحہ 6 پر)



لاہور: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سکیورٹی فورسز کی قلات کے قریب کارروائی، 5 دہشتگرد ہلاک، 23 مغوی بازیاب

فائرنگ تبادلے میں 8 خوارج جہنم واصل، 2 افسران سمیت 6 جوان شہید

قلات آپریشن میں 6 ٹرک، 3 بسیں اور 2 کاریں، بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد، غیر ملکی سرپرستی و معاونت سے ہونے والی دہشتگردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا

شہید ہونے والے افسران میں کیپٹن ابوذر فاروق اور لیفٹیننٹ شیراز بھی شامل ہیں، اپنے جوانوں کی قیادت کرتے ہوئے انتہائی جوانمردی کا مظاہرہ کیا، علاقے میں سینیٹائزیشن آپریشن جاری، آئی ایس پی آر

(بقیہ نمبر 43 صفحہ 6 پر) (بقیہ نمبر 44 صفحہ 6 پر)

اڈیالہ جیل میں عمران خان کا طبی معائنہ، مختلف ٹیسٹ کیے گئے

بانی پی ٹی آئی کے بلڈ پریشر، کولیسٹرول اور آنکھوں سمیت مکمل طبی معائنہ کیا گیا، جیل ذرائع

(بقیہ نمبر 45 صفحہ 6 پر)

ملک کو درپیش مسائل مذاکرات اور باہمی اتفاق رائے سے حل کیے جائیں، وزیر خزانہ

ہڑتالوں، دھرنوں اور سڑکوں کی بندش سے یومیہ 120 ارب روپے کا معاشی نقصان ہوسکتا ہے، محمد اورنگزیب

زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے، مالیاتی خسارہ کم ہو کر 22 سال کی کم ترین سطح 2.6 فیصد پر آ گیا

(بقیہ نمبر 49 صفحہ 6 پر)

جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت کیلئے اسحاق ڈار نیویارک چلے گئے

(بقیہ نمبر 47 صفحہ 6 پر)

خوردنی تیل کی درآمد کم اور مقامی پیداوار بڑھانے کیلئے منصوبہ تیار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کا پام آئل کا سالانہ درآمدی بل 3 ارب 80 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا، خوردنی تیل کی درآمد کم اور مقامی پیداوار بڑھانے کیلئے حکومت (بقیہ نمبر 48 صفحہ 6 پر)

آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے ریاستی ادارے متحد اور پرعزم ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

میر سرفراز بگٹی کا قلات کے قریب پاکستان ہائی وے چین کراچی، N-25 پر دہشتگردوں کیخلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار

دہشتگردوں کے ٹھکانے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور گاڑیوں سمیت بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کرنے پر پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا

پیشہ ورانہ صلاحیت اور بروقت ردعمل کا ثبوت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردوں کی جانب سے قومی شاہراہ پر (بقیہ نمبر 46 صفحہ 6 پر)

بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان کو لاہور میں ان کی رہائش گاہ سے گرفتار کرلیا گیا

چیئرمین پی ٹی آئی کی طرف سے علیمہ خان کی گرفتاری کی شدید مذمت، فوری رہا کرنے کا مطالبہ

(بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)

میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ نورین نیازی نے انہیں فون پر علیمہ خان کی گرفتاری سے متعلق آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے ہمیشہ واضح کیا ہے کہ ان کا مارچ پرامن اور سیاسی ہوگا، جبکہ پارٹی کا مقصد اپنے آئینی اور سیاسی (بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر)

کراچی: وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کیڈٹ کالج ملیر کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

حملوں کیلئے امریکا کو تعاون دینے والے علاقائی ممالک کو کوئی رعایت نہیں ملے گی، ایران کی وارننگ

علاقائی ممالک کو ایران کے خلاف کارروائی کے لیے گرین سگنل دینے کے منصوبوں سے خبردار رہنا چاہیے، فوجی کمان

تہران (این این آئی) ایران نے امریکا کی جانب سے ممکنہ حملے میں علاقائی ممالک کے تعاون پر سخت ردعمل کی دھمکی دی ہے۔ ایرانی فوجی مرکزی کمان نے سرکاری میڈیا (بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر)

محسن نقوی کا دورہ تہران صرف دوطرفہ تعلقات پر مرکوز ہوگا، ایرانی وزارت خارجہ

جنگ کے خاتمے کیلئے جاری ثالثی کی کوششوں سے متعلق کسی مخصوص امریکی پیغام کے تبادلے سے آگاہ نہیں، ترجمان

تہران (این این آئی) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ پاکستانی وزیر داخلہ محسن نقوی کا دورہ تہران صرف دوطرفہ تعلقات پر مرکوز ہوگا۔ اپنے بیان میں ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے کہا کہ پاکستانی وزیر داخلہ کے دورے کے (بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ: صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان راحیلہ حمید خان درانی بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ میں ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کے امتحانی مرکز کا دورہ کر رہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے پمز اسپتال میں نرسری میں آتشزدگی کے المناک واقعے کے بعد کراچی کے قومی ادارہ برائے صحت اطفال (این آئی سی ایچ) میں بھی نومولود بچوں کی زندگیوں کو لاحق سنگین فائر سیفٹی خطرات کے باوجود نرسری کے اندر کھلے عام ویلڈنگ کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق موصول ہونے والی ویڈیو فوٹیج میں ایک شخص (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر)

حکومت بجلی کی خریداری سے عملی طور پر باہر ہورہی ہے، اویس لغاری

کسی کو حق نہیں ہوگا کہ حکومت کو بجلی بیچ سکے اور نہ حکومت خرید سکے گی، وزیر توانائی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ حکومت بجلی کی خریداری سے عملی طور پر باہر ہورہی ہے، کسی کو حق نہیں ہوگا کہ حکومت کو بجلی بیچ سکے اور نہ (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر)

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، محسن نقوی

وزیر داخلہ کا قلات میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

سکیورٹی فورسز نے جرات و بہادری سے کارروائی کرتے ہوئے 23 شہریوں کو بحفاظت بازیاب کرایا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قلات میں این 25 پر فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی (بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر)

کوہاٹ، پرانا پولیس لائنز میں خودکش حملے کا مقدمہ تھانہ سی ٹی ڈی میں درج

مقدمہ ایس ایچ او تھانہ سٹی کوہاٹ کی مدعیت میں نامعلوم دہشت گردوں کے خلاف درج کیا گیا

پشاور (این این آئی) کوہاٹ کے پرانا پولیس لائنز میں ہونے والے خودکش حملے کا مقدمہ تھانہ سی ٹی ڈی میں درج کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقدمہ ایس ایچ او تھانہ سٹی (بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر)

پاکستان کشیدگی میں کمی اور عالمی امن کے فروغ کیلئے کوشاں ہے، شہباز شریف

جامعات میں شہری ذمہ داری، رواداری اور تنوع کے احترام کو تقویت دینا سماجی امن کا ضامن ہے، وزیراعظم

بلاامتیاز اور بلاتفریق رنگ و نسل مساویانہ معاشرتی رویہ ہی پائیدار امن کا ضامن ہے، عالمی یوم امن پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی برادری کیساتھ مل کر پرامن بقائے باہمی، عالمی استحکام و سلامتی، ترقی و خوشحالی کے مساوی مواقعوں کی فراہمی اور عدل و انصاف جیسی تعمیری روایات سے اپنی وابستگی کا تجدید عزم کرتا ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق عالمی یوم امن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ علاقائی اور بین الاقوامی امن کے فروغ میں پاکستان کا حالیہ تعمیری کردار قوم کیلئے باعث اعزاز ہے، پاکستان نے پرخلوص انداز میں تنازعات کے خاتمے، کشیدگی میں کمی اور عالمی امن (بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر)

بلال بن ثاقب کی امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر سے ملاقات

پاکستان کے ڈیجیٹل اثاثوں کے جدید ریگولیٹری نظام پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت و چیئرمین پیوارا بلال بن ثاقب (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر)

27 ستمبر احتجاج، اسلام آباد سے تحریک انصاف کے متعدد رہنماؤں کو گرفتار کرلیا گیا

میاں محمد غوث، ثناء اللہ مستی خیل اور سینیٹر سیف اللہ نیازی پارلیمنٹ لاجز سے نکلنے کے بعد ایکسپریس چوک کے قریب حراست میں لے کر نامعلوم مقام پر منتقل

ایم این ایز داوڑ خان اور احمد جمال حسن خان کو میاں والی چوک کے قریب گرفتار کیا گیا، کارروائی ایس ایچ او سیکرٹریٹ سلیم رضا کی نگرانی میں کی گئی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے 27 ستمبر کے مجوزہ احتجاج کے تناظر میں پی ٹی آئی کے متعدد رہنماؤں کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ پی ٹی آئی ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ اسلام آباد میں پارٹی کے سینیٹر سیف اللہ نیازی ذرائع کے مطابق میاں محمد غوث، ثناء اللہ مستی خیل اور (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر)

یکم جنوری 2006 کے بعد سے رجسٹرڈ موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشہ چلانے والے خصوصی ریلیف اسکیم کے لیے اہل ہیں

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کے لیے
ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت

800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کے لیے
ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر رعایت

مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول کی رعایتی قیمت پر فراہمی

REG لکھ کر space دیں
STEP 01 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر 3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں
STEP 02 بغیر space نمبر پلیٹ LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں
STEP 03 صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹر ہے صوبہ کا نام پنجاب (P) کے بعد space دیں
STEP 04 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ، مہینہ اور سال DD/MM/YYYY دن مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:
STEP 01 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں
STEP 02 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہو گی
STEP 03 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں

صوبے کے نام کا پہلا حرف
(I) اسلام آباد — (P) پنجاب — (S) سندھ — (B) بلوچستان — (K) خیبر پختونخوا — (G) گلگت بلتستان — (A) آزاد جموں و کشمیر

9771
REG 4650191820545
LHR123 P 30082018

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

مزید معلومات کے لیے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR اسکین کریں

وزارتِ اطلاعات و نشریات — حکومتِ پاکستان
URAAN PAKISTAN
/GovtofPakistan | govtofpakistan | @GovtofPakistan | @govtofpak | www.moib.gov.pk
PID (I) 2694-D/26

روزنامہ عوام MEMBER OF APNS ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

کھیلوں کی دنیا

انچارج شجاع



ایشین گیمز میں پاکستانی ایتھلیٹس تاحال قابل ذکر پرفارمنس دینے میں ناکام

50 میٹر بریسٹ اسٹروک ہیٹ میں حریم ملک سب سے آخری نمبر پر رہیں

ناگویا (این این آئی) جاپان کے شہر ایچی ناگویا میں جاری ایشین گیمز میں پاکستانی ایتھلیٹس قابل ذکر پرفارمنس دینے میں ناکام رہے۔ تفصیلات کے مطابق سوئمنگ میں پاکستانی سوئمرز پہلے راونڈ میں ہی باہر ہوگئے، 50 میٹر بریسٹ اسٹروک ہیٹ میں حریم ملک سب سے آخری نمبر پر رہیں۔ حریم ملک نے مقررہ فاصلہ چھتیس عشاریہ پانچ دو سیکنڈ میں طے کیا جبکہ مشعال عائشہ حیات نے بھی 37 عشاریہ صفر دو سیکنڈز کے ساتھ آٹھویں پوزیشن پائی۔ حریم ملک کا مجموعی نتائج میں 22 واں اور مشعال کا 24 واں نمبر رہا۔ اسی طرح 100 میٹر فری اسٹائل میں حمزہ آصف نے ہیٹ میں دوسری، جو مجموعی نتائج میں 35 ویں پوزیشن پائی۔ ٹرائی تھلون ایونٹ میں پاکستانی ایتھلیٹس فائنل میں ٹیکنیکل ناک آوٹ ہوگئے۔ سائیکلنگ ایونٹ میں علی حسن، ثناء عارف اور موحد اور لیپ قرار دیئے گئے۔ ٹرائی تھلون ایونٹ میں کل پاکستان اب مکسڈ ایونٹ میں حصہ لے گا۔ ایم ایم اے میں پاکستان کے عاصم خان کوارٹر فائنل میں پہنچنے میں کامیاب رہے۔ ابتدائی راونڈ میں عاصم خان کے حریف کو وزن زیادہ ہونے کی وجہ سے ڈس کوالیفائی کر دیا گیا تھا۔

ایشین گیمز 2026، سری لنکا ویمن کرکٹ ٹیم نے پاکستان 8 وکٹوں سے شکست دیدی

ٹوکیو (این این آئی) ایشین گیمز میں پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کو سیمی فائنل میں سری لنکا ویمن نے 8 وکٹوں سے شکست دیدی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان ویمن نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 4 وکٹوں پر 177 رنز بنائے جس کے بعد سری لنکا ویمن نے دو وکٹوں کے نقصان پر 17.5 اوورز میں ہدف حاصل کرلیا۔ سری لنکا ویمن ٹیم کی کپتان چمار ی اتا پتو نے 83 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی جبکہ ہسینی پریرا نے 42 رنز بنائے۔ پاکستان کی فاطمہ ثنا اور نشرہ سندھو نے ایک ایک وکٹ حاصل کی جبکہ عائشہ ظفر 71 اور شوال ذوالفقار نے 54 رنز اسکور کیے۔

پبلک ہیلتھ سکول اور بلوچستان ریفارمز اسپورٹس کلب اسپورٹس فن گالہ کا افتتاح پرنسپل ڈاکٹر صفیہ مینگل، ڈاکٹر فرحت، ملک عاصم خان، اور فاطمہ خان کر رہی ہیں

باکسنگ کا ایونٹ (آج) سے جاپان میں شروع ہوگا

چار پاکستانی باکسرز ایشین گیمز میں اپنی قسمت آزمائی کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) چار پاکستانی باکسرز ایشین گیمز میں اپنی قسمت آزمائی کریں گے، باکسنگ کا ایونٹ (آج) پیر سے جاپان میں شروع ہوگا، پاکستان باکسنگ فیڈریشن کے صدر کرنل ریٹائرڈ ناصر اعجاز تنگ نے بتایا کہ ایشین گیمز میں چار پاکستانی باکسرز حصہ لے رہے ہیں جن میں دو، دو مرد اور خواتین باکسرز شامل ہیں مردوں کی ویٹ کیٹگریز میں سامہ رحمان 55 کلوگرام اور عرفان خان 90 کلوگرام پلس کے مقابلوں میں جبکہ خواتین کی ویٹ کیٹگریز میں فاطمہ زہرہ 60 کلوگرام اور ماریہ رند 51 کلوگرام مقابلوں میں حصہ لیں گی۔ ان باکسرز کے ہمراہ کوچنگ کے فرائض محمد طارق صدیقی (پاکستان واپڈا) اور محمد لیاقت مغل (پاکستان نیوی) انجام دے رہے ہیں، ایشین گیمز میں باکسنگ کا ایونٹ 21 ستمبر سے 2 اکتوبر تک جاری رہے گا

فیفا آسیان کپ، پاکستان فٹبال فیڈریشن کا 23 رکنی اسکواڈ کا اعلان

فیفا آسیان کپ 25 ستمبر سے 5 اکتوبر تک جاری رہے گا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) فیفا آسیان کپ کے لیے پاکستان فٹبال فیڈریشن نے 23 رکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا تاہم ہیڈ کوچ نوبلر نوسولا نو ویزا میں تاخیر کے باعث اسلام آباد کے تربیتی کیمپ میں شریک نہیں ہو سکے اور ٹورنامنٹ سے قبل براہِ راست [illegible]

آذربائیجان کے کلب قرہ باغ ایف کے سے 2 سالہ معاہدہ کیا ہے۔ پاکستان فٹبال فیڈریشن کے صدر سید محسن گیلانی نے جناح اسٹیڈیم اسلام آباد میں تربیتی کیمپ کا دورہ کیا اور کھلاڑیوں سے ملاقات کی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو عالمی درجہ [illegible]

بھارت کے امیر ترین کھلاڑی ویرات کوہلی کی مالیاتی سلطنت کی تفصیلات سامنے آگئیں

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے اسٹار بلے باز ویرات کوہلی نے کاروبار، سرمایہ کاری اور برانڈز کے ذریعے ایک ایسی مالیاتی سلطنت بھی قائم کر لی [illegible]

بھارتی کرکٹ بورڈ کی ایشیا کپ مینز، ویمنز ٹرافیاں جلد حاصل کرنے کی امید دم توڑ گئی

ایشیا کپ کی مینز اور ویمنز دونوں ٹرافیاں اس وقت پاکستان میں موجود ہیں، کہیں نہیں جا رہیں، ذرائع

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ کی جانب سے ایشیا کپ کی مینز اینڈ ویمنز کی ٹرافیاں جلد حاصل کرنے کی امید دم توڑ گئی۔ ذرائع کے مطابق ایشیا کپ کی مینز اور ویمنز دونوں ٹرافیاں اس وقت پاکستان میں موجود ہیں اور وہ کہیں نہیں جا رہیں۔ گزشتہ برس بھارتی مینز ٹیم نے دبئی میں ایشین کرکٹ کونسل کے صدر محسن نقوی سے ٹرافی وصول نہیں کی تھی، جبکہ گزشتہ اتوار بھارتی ویمن ٹیم نے بھی کامیابی کے بعد ٹرافی وصول نہیں کی۔ دونوں ٹرافیاں اب بھی اے سی سی کے صدر محسن نقوی کے پاس ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹرافیاں حاصل کرنے کے لیے بھارت کو رضامندی ظاہر کرنا ہوگی جبکہ دونوں ٹرافیاں اے سی سی کے صدر محسن نقوی ہی دیں گے۔ بی سی سی آئی کے سیکرٹری دیواجیت سائیکیا کا ایک بیان سامنے آیا تھا کہ ایشیا کپ کی دونوں ٹرافیاں ایک دن ممبئی میں بی سی سی آئی ہیڈکوارٹر ضرور پہنچیں گی، تاہم ٹرافیوں کی واپسی کے لیے کوئی ٹائم لائن نہیں دی جا سکتی۔

میرے خیال میں بابر اعظم کو کپتانی لینی ہی نہیں چاہیے تھی، وسیم اکرم

انگلینڈ کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میچ میں ٹاس کے موقع پر بابر اعظم سے 7 کھلاڑیوں اور کوچ کی تبدیلی کے بارے میں پوچھا گیا؟ سوال

مجھے نہیں معلوم، قومی ٹیم کے کپتان کا جواب...... آپ کو نہیں پتہ تو آپ یہاں کیا چنے بیچنے آئے ہیں، سابق کپتان وسیم اکرم کا بابر اعظم پر طنز

مانچسٹر (این این آئی) پاکستان کے سابق کپتان وسیم اکرم نے کہا ہے کہ میرے خیال میں بابر اعظم کو کپتانی لینی ہی نہیں چاہیے تھی، یہ سب غیر ضروری تھا۔ وسیم اکرم نے وقار یونس کے ساتھ چیریٹی فنڈ ریزنگ پروگرام میں شرکت کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ میں کسی کو الزام نہیں لگانا چاہتا اور میں غلط بھی ہو سکتا ہوں۔ وسیم اکرم نے کہا کہ انگلینڈ کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میچ میں ٹاس کے موقع پر بابر اعظم سے 7 کھلاڑیوں اور کوچ کی تبدیلی کے بارے میں پوچھا گیا۔ وسیم اکرم نے کہا کہ اس سوال پر بابر اعظم نے کہا کہ انہیں نہیں معلوم۔ وسیم اکرم نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے طنز کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ کو نہیں پتہ تو آپ یہاں کیا چنے بیچنے آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بطور کھلاڑی یا شخص میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ کالیڈر یا کپتان آپ کی سائیڈ نہیں لیتا تو آپ اپنا سو فیصد نہیں دے سکتے، میری تجویز ہے کہ دوسرے ٹیسٹ کے بعد جو کچھ ہوا بابر کو کہنا چاہیے تھا کہ وہ صرف بطور کھلاڑی کھیلیں گے۔

بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ 2026 کے شیڈول کا اعلان

بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ میں میزبان بنگلادیش سمیت پاکستان، بھارت، سری لنکا اور افغانستان کی ٹیمیں شرکت کریں گی

اسلام آباد (این این آئی) بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ 2026 کے شیڈول کا اعلان کر دیا گیا، بنگلادیش پہلی مرتبہ ایونٹ کی میزبانی کرے گا۔ بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ میں میزبان بنگلادیش سمیت پاکستان، بھارت، سری لنکا اور افغانستان کی ٹیمیں شرکت کریں گی۔ بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ 14 سے 20 نومبر تک کھیلا جائے گا، ایونٹ کا لیگ مرحلہ 15 سے 19 نومبر تک کھیلا جائے گا۔ ایونٹ میں پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ 17 نومبر کو کھیلا جائے گا۔ پاکستان بلائنڈ ٹیم 16 نومبر کو سری لنکا، 18 نومبر کو بنگلادیش اور 19 نومبر کو افغانستان کے خلاف مدِمقابل ہوگی۔

نیوزی لینڈ کے راچن رویندرا پر وموشنل شوٹ کے دوران زخمی

آکلینڈ (این این آئی) نیوزی لینڈ کے آل راونڈر راچن رویندرا ایک پروموشنل شوٹ کے دوران زخمی ہو گئے جس کے بعد بھارت کے خلاف اگلے ماہ شیڈول ٹی ٹوئنٹی سیریز میں ان کی شرکت مشکوک ہو گئی ہے۔ نیوزی لینڈ کرکٹ نے راچن رویندرا کی انجری کی تصدیق کر دی ہے اس حوالے سے جاری کی گئی تفصیل کے مطابق آکلینڈ میں پروموشنل شوٹ کے دوران راچن رویندرا کے دائیں کندھے میں ڈائیونگ کیچ لیتے ہوئے چوٹ لگی۔ ابتدائی طور پر کسی بڑی چوٹ کی تصدیق نہیں ہوئی ہے۔ نیوزی لینڈ کے [illegible] حفاظتی [illegible] مستقبل [illegible] طریقہ کار کا [illegible]

فٹبالر اینڈروس ٹان سینڈ وارم اپ کے دوران حادثے کا شکار

حادثے میں اینڈروس ٹان سینڈ کو معمولی نوعیت کی چوٹیں آئیں

[illegible] میں شدید زخمی ہونے سے محفوظ رہے۔ اینڈروس ٹاون سینڈ اپنی ٹیم پی ٹی پر اچاپ کی جانب سے پٹانی ایف سی کے خلاف میچ سے قبل وارم اپ کر رہے تھے کہ گراونڈ پر گھاس ہموار کرنے والا رولر [illegible] رہے ہیں۔ اس سے قبل وہ انگلینڈ کے ٹوٹنہم ہاٹ اسپر، کرسٹل پیلس، ایورٹن اور لوٹن ٹان سمیت دیگر کلبز کی نمائندگی کر چکے ہیں، جبکہ انگلینڈ کی قومی ٹیم کے لیے بھی کھیل چکے ہیں۔

کوہاٹ حملہ، شاہین اور شاہد آفریدی کی سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اداروں کی محنت، بہادری، قربانی اور پیشہ ورانہ صلاحیت قابل تعریف ہے، یہی جذبہ پاکستان کو محفوظ رکھتا ہے، شاہد آفریدی

لاہور (این این آئی) فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی اور سابق کپتان شاہد آفریدی نے کوہاٹ میں دہشت گرد حملے کے بعد کلیئرنس آپریشن مکمل کرنے پر پاک فوج، پولیس، سی ٹی ڈی اور دیگر سیکیورٹی اداروں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اداروں کی محنت، بہادری، قربانی اور پیشہ ورانہ صلاحیت قابلِ تعریف ہے، یہی جذبہ پاکستان کو محفوظ رکھتا ہے۔ اپنے بیان میں شاہد آفریدی نے کہا کہ رات بھر جاری آپریشن میں سیکیورٹی اداروں کی محنت، بہادری، قربانی اور پیشہ ورانہ صلاحیت قابلِ تعریف ہے، یہی جذبہ پاکستان کو محفوظ رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جدوجہد جاری رہے گی اور دعا ہے کہ اللہ پاکستان، قوم اور سیکیورٹی اہلکاروں کی حفاظت فرمائے۔ شاہین شاہ آفریدی نے بھی پولیس، سی ٹی ڈی اور مسلح افواج کی بہادری اور فوری کارروائی کو سراہتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف صفِ اول میں موجود اہلکاروں کی حفاظت کے لیے دعا کی۔

لاہور کے طالب علم نے عزم، حوصلے اور محنت کی نئی مثال قائم کر دی، پولو گراونڈ میں قومی پرچم لہرایا

سکردو (این این آئی) لاہور کے نوجوان طالب علم فیضان احمد نے پولو گراونڈ میں قومی پرچم لہرا کر عزم، حوصلے اور محنت کی نئی مثال قائم کر دی۔ تفصیلات کے مطابق طالبعلم فیضان احمد نے لاہور سے سکردو تک 1100 کلومیٹر کا سفر 22 روز میں دوڑ کر مکمل کر کے نیا ریکارڈ قائم کر دیا، سکردو پہنچنے پر طالبعلم فیضان احمد کا پرجوش استقبال کیا گیا، پولو گراونڈ میں قومی پرچم لہراتے ہوئے شاندار جشن منایا گیا

پبلک ہیلتھ سکول اور بلوچستان ریفارمز اسپورٹس کلب اسپورٹس فن گالہ پرنسپل ڈاکٹر صفیہ مینگل، ڈاکٹر فرحت، ملک عاصم خان، فائزہ مینگل، فاطمہ خان، زارا خان، پلوشہ اور فردوس کھلاڑیوں کو انعامات دے رہی ہیں

20 ویں ایشین گیمز 2026 کا تفصیلی ماسٹر شیڈول جاری تمام کھیلوں اور مقابلوں کی تاریخیں طے

جاپان کے پریفیکچر ایچی اور ناگویا سٹی میں شیڈول 20 ویں ایشین گیمز 2026 کے مقابلوں کا باضابطہ اور تفصیلی ماسٹر شیڈول جاری کر دیا گیا

ماسٹر شیڈول کے تحت 20 ستمبر پہلا بڑا میڈل ڈے ہوگا جبکہ 2 اکتوبر گیمز کا مصروف ترین دن ہوگا جس میں ریکارڈ 51 گولڈ میڈلز کے فیصلے کیے جائیں گے

ناگویا (این این آئی) جاپان کے پریفیکچر ایچی اور ناگویا سٹی میں شیڈول 20 ویں ایشین گیمز 2026 کے مقابلوں کا باضابطہ اور تفصیلی ماسٹر شیڈول جاری کر دیا گیا، ایشیا کے سب سے بڑے سپورٹس فیسٹیول کے لیے جاری اس شیڈول کے تحت تمام کھیلوں کے ابتدائی راونڈز، کوالیفائنگ مرحلے اور میڈل ایونٹس کی تاریخوں اور وینیوز کا باقاعدہ تعین کر دیا گیا ہے جس کے ساتھ ہی شریک ممالک کی اولمپک کمیٹیوں اور دستوں نے اپنی تیاریاں تیز کر دیں۔ گیمز کی شاندار باضابطہ افتتاحی تقریب گزشتہ روز 19 ناگویا کے پالومیزو ہو سٹیڈیم میں منعقد ہوئی جبکہ اختتامی تقریب 4 اکتوبر کو ہوگی۔ شیڈول کے مطابق شائقین کی غیر معمولی دلچسپی کے باعث متعدد ٹیم ایونٹس کا آغاز باقاعدہ افتتاحی تقریب سے قبل ہی ہو جائیگا، باسکٹ بال (55) کے ابتدائی مقابلے 26 ستمبر تک جاری رہیں گے، فٹ بال کا 14 ستمبر کو شروع ہونے والا ٹورنامنٹ 3 اکتوبر تک کھیلا جائے گا جس میں خواتین کا فائنل 2 اکتوبر اور مردوں کا فائنل 3 اکتوبر کو ہوگا۔ انڈور والی بال کے مقابلے 3 اکتوبر تک، کرکٹ ٹی ٹوئنٹی کے مقابلے 17 ستمبر تا 3 اکتوبر، ٹیک بال 17 تا 20 ستمبر، ہاکی 3 اکتوبر تک شیڈول کیے گئے ہیں۔ کلاسک اور روایتی اولمپک کھیلوں میں سوئمنگ (تیراکی) کے مقابلے 25 ستمبر تک ٹوکیوا ایکوانکس سینٹر میں ہوں گے جن کے بعد آرٹسٹک سوئمنگ 26 تا 28 ستمبر جبکہ واٹر پولو 3 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ اتھلیٹکس (ٹریک، فیلڈ اور میراتھن) کے سنسنی خیز مقابلے 23 تا 29 ستمبر ناگویا کے مرکزی سٹیڈیم میں منعقد ہوں گے۔ شوٹنگ کے مقابلے یکم اکتوبر، روئنگ 24 ستمبر تک، کینو اسپرنٹ 23 تا 26 ستمبر، کینو سلیلم 29 ستمبر تا 2 اکتوبر اور سیلنگ کے مقابلے 26 ستمبر تا 3 اکتوبر تک کھیلے جائیں گے۔ جمناسٹکس کے تحت آرٹسٹک جمناسٹکس 21 تا 25 ستمبر، ٹرامپولین 27 ستمبر اور ردھمک جمناسٹکس یکم تا 3 اکتوبر تک شیڈول ہے۔ ریکیٹ اور ٹیم سپورٹس کے زمرے میں بیڈمنٹن 20 تا 29 ستمبر، ٹیبل ٹینس 20 تا 28 ستمبر، ٹینس 27 ستمبر تا 3 اکتوبر، سکواش 23 ستمبر تا 2 اکتوبر، کبڈی 21 تا 26 ستمبر، سیپک ٹاکرا اور بیچ والی بال 20 ستمبر تا 3 اکتوبر، ہینڈ بال 19 تا 29 ستمبر اور رگبی سیونز یکم تا 3 اکتوبر تک منعقد ہوں گے۔ اسی طرح مارشل آرٹس اور کامبیٹ سپورٹس میں کراٹے 20 تا 23 ستمبر، ووشو 20 تا 24 ستمبر، مکسڈ مارشل آرٹس 20 تا 22 ستمبر، باکسنگ 21 ستمبر تا 2 اکتوبر، ویٹ لفٹنگ 23 تا 29 ستمبر، جوڈو اور ریسلنگ 30 ستمبر تا 3 اکتوبر جبکہ تائیکوانڈو کے مقابلے یکم تا 3 اکتوبر ہوں گے۔ جدید دور کے مقبول اور اربن سپورٹس میں سائیکلنگ کے مختلف شعبے (روڈ، ماؤنٹین، بی ایم ایکس اور ٹریک سائیکلنگ) 20 ستمبر تا 2 اکتوبر کے دوران مختلف ٹریکس پر ہوں گے۔ اس کے علاوہ فینسنگ 22 تا 27 ستمبر، ای سپورٹس 23 ستمبر تا 2 اکتوبر، سکیٹ بورڈنگ 24 تا 27 ستمبر، سرفنگ 25 تا 28 ستمبر، پیڈل 28 ستمبر تا 3 اکتوبر، سپورٹس کلائمنگ 29 ستمبر تا 3 اکتوبر، گولف 30 ستمبر تا 3 اکتوبر اور بریکنگ کے مقابلے 2 تا 3 اکتوبر تک منعقد ہوں گے۔ ماسٹر شیڈول کے تحت 20 ستمبر پہلا بڑا میڈل ڈے ہوگا جبکہ 2 اکتوبر گیمز کا مصروف ترین دن ہوگا جس میں ریکارڈ 51 گولڈ میڈلز کے فیصلے کیے جائیں گے۔

ایشین گیمز 2026، پاکستان ہاکی ٹیم کا فاتحانہ آغاز

تھائی لینڈ کو 0-9 سے شکست دے دی

اسلام آباد (این این آئی) 20 ویں ایشین گیمز کے مردوں کے ہاکی ایونٹ کے پول B کے ایک اہم میچ میں پاکستان قومی ہاکی ٹیم نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے تھائی لینڈ کو 0 کے مقابلے میں 9 گول سے شکست دے دی۔ میچ کے آغاز سے ہی پاکستانی کھلاڑیوں نے جارحانہ انداز اپنایا اور مخالف ٹیم پر دباو برقرار رکھا۔ پاکستان کی جانب سے احمد ندیم نے بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے 3 شاندار فیلڈ گول (20 ویں، 37 ویں اور 43 ویں منٹ میں) اسکور کیے۔ سفیان خان نے پینلٹی کارنر کے ذریعے 2 گول (22 ویں اور 23 ویں منٹ میں) حاصل کیے۔ اس کے علاوہ معین شکیل (8 ویں منٹ)، عماد بٹ (12 ویں منٹ)، رانا وحید اشرف (31 ویں منٹ) اور حنان شاہد (34 ویں منٹ) نے 1، 1 گول اسکور کر کے ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ پاکستان نے میچ کے چاروں کوارٹرز میں مکمل تسلط برقرار رکھا اور تھائی لینڈ کو گول کرنے کا کوئی موقع نہ دیا۔ اس شاندار فتح پر پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی نے قومی ٹیم اور مینجمنٹ کو مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ ٹیم آئندہ میچوں میں بھی فتح کا تسلسل برقرار رکھے گی۔

دوسری بے نظیر بھٹو شہید تھرو بال چیمپئن شپ 13 نومبر سے شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تھرو بال فیڈریشن کے زیر اہتمام اور سندھ تھرو بال ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام دوسری بے نظیر بھٹو شہید تھرو بال چیمپئن شپ 13 نومبر سے کراچی شروع ہوگی۔ پاکستان تھرو بال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل مقبول آرائیں نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور چیمپئن شپ میں مختلف محکموں، ڈیپارٹمنٹ، صوبائی اور ریجنل ایسوسی ایشن کی مردوں اور خواتین کی ٹیمیں حصہ لیں گی اور چیمپئن شپ کے فائنل مقابلے 15 نومبر کو کھیلے جائیں گے جن کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

دوسرے آل پاکستان حاجی محمد (وثیقہ) میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ آئندہ ماہ اکتوبر میں کھیلا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) دوسرے آل پاکستان حاجی محمد (وثیقہ) میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ آئندہ ماہ اکتوبر میں شاہین فٹ بال اکیڈمی گراونڈ، سٹی پارک، ڈیرہ غازی خان میں کھیلا جائیگا۔ ٹورنامنٹ کے آرگنائزنگ سیکرٹری محمد سجاد تجو نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں بھی شروع کر دی گئی ہیں اور ٹورنامنٹ میں بلوچستان کی نامور ٹیم چمن فٹ بال کلب ٹورنامنٹ میں اپنے ٹائٹل کا دفاع کرے گی۔ ٹورنامنٹ میں چاروں صوبوں سمیت ملک بھر مختلف ڈیپارٹمنٹ کی نامور ٹیموں کو شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں 24 ٹیمیں ناک آٹ سسٹم پر حصہ لیں گی اور ٹورنامنٹ کے اختتام پر اول آنے والی ٹیم کو دو لاکھ روپے بمعہ ونر ٹرافی اور رنر اپ ٹیم کو ایک لاکھ روپے بمعہ رنر اپ ٹرافی کے علاوہ دیگر انعامات سے نوازا جائے گا۔

بجلی کے بل کے ذریعے اسٹیل صنعت سے سیلز ٹیکس وصولی پر تشویش کا اظہار

ٹیکس وصولی کے ساتھ صنعت کے کیش فلو اور ورکنگ کیپیٹل کو بھی مدنظر رکھا جائے

لاہور (این این آئی) بجلی کے بل کے ذریعے اسٹیل میلٹرز، ری رولنگ ملز اور کمپوزٹ یونٹس سے سیلز ٹیکس کی وصولی ظلم اور ناانصافی ہے، ایس آر او 1245 فوری واپس لیا جائے، چار مخصوص کسٹم کوڈز کے تحت درآمد کرنے والے 36 افراد یا اداروں کو دی گئی مبینہ سہولتوں کی پالیسی بھی واضح کی جائے۔ سابق نائب صدر پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن و ماہر اقتصادیات عابد حفیظ عابد، ٹیکس ماہر بابر زمان خان اور صدر اسٹیل میلٹرز اینڈ ری رولنگ ملز ایسوسی ایشن الیاس ملک نے مشترکہ بیان میں کہا کہ حکومت ٹیکس وصولی ضرور کرے مگر صنعت کے کیش فلو، ورکنگ کیپیٹل اور کاروباری تسلسل کو قربان نہ کیا جائے۔ نئے نظام کے تحت مقامی اسکریپ استعمال کرنے والے میلٹرز سے 30 روپے فی یونٹ، 70 فیصد سے زائد درآمدی اسکریپ استعمال کرنے والے اہل یونٹس سے 5 روپے جبکہ کیپٹو پاور استعمال کرنے والوں سے 35 روپے فی یونٹ سیلز ٹیکس مقرر کیا گیا ہے۔ 15 لاکھ یونٹ ماہانہ بجلی استعمال کرنے والی فرنس پر 30 روپے فی یونٹ کے حساب سے 4 کروڑ 50 لاکھ روپے جبکہ 18 لاکھ یونٹ پر 5 کروڑ 40 لاکھ روپے ماہانہ ٹیکس بنتا ہے، اگرچہ یہ رقم آوٹ پٹ سیلز ٹیکس کے خلاف ایڈجسٹ ہو سکتی ہے تاہم بجلی بل کے ساتھ فوری ادائیگی سے صنعت کا ورکنگ کیپیٹل دباؤ میں آئے گا۔ انہوں نے ایف بی آر سرکلر 12/2022 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ درآمدی اسکریپ کے متعلقہ ایچ ایس کوڈز اور ان پٹ کا طریقہ کار پہلے سے موجود ہے، چار مخصوص کسٹم کوڈز کے تحت درآمد کرنے والے 36 افراد یا اداروں کو دی گئی۔

کرکٹ، بری کارکردگی کے بعد ملکی بدنامی؟

تحریر۔ چودھری خادم حسین

ایک طرف پاکستان کو مصالحتی کوششوں کے نتیجے میں دنیا بھر میں پذیرائی مل رہی ہے اور خارجی طور پر ملک کا نام روشن ہوا ہے تو دوسری طرف ہم خود اتنے "عقل مند" ہیں کہ اپنے ملک کی سبکی کا خود ہی اہتمام کر رہے ہیں، خود اپنی "منجی تھلے ڈانگ" نہیں پھیرتے اور اپنے آپ کو پارسائی کے مقام پر "فائز" کر کے کھلاڑیوں کو قربانی کا بکرا بنا رہے ہیں۔ کرکٹ سے پیار کرنے والے تمام پاکستانی شائقین اور ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کے موجودہ کرتا دھرتا اپنے مخصوص مقاصد اور مفادات کی وجہ سے کھیل کے زوال کا باعث ہیں اور اب برطانیہ میں ہونے والی شکست سے بوکھلا کر جو حرکتیں کیں اور کی جا رہی ہیں ان سے سالوں بعد ایک بار پھر ملکی کرکٹ دھوکا بازی اور فریب دہی کے الزام کی زد میں آ گئی ہے۔ بات یہ ہے "فعل بد تو خود کرے لعنت بھیجے شیطان پر" کہ قصور اس فرد اور اس کے ساتھیوں کا ہے جو پیر تسمہ پا بن کر بورڈ کو چمٹا ہوا ہے۔ ماہرین اور عوام کا کہنا ہے کہ تمام خرابیوں کی وجہ عاقب جاوید ہیں جو ایک آمر کے طور پر بورڈ کو چلا رہے ہیں۔ بورڈ کے چیئرمین محترم محسن نقوی جن کی اصل مصروفیات داخلہ امور کے حوالے سے ہیں انہوں نے بھی اپنا بوجھ عاقب جاوید پر ہی لاد رکھا ہے اور خود عالمی سطح پر نظر آتے ہیں، ان کی توجہ کے بغیر جو گل کھلائے جا رہے ہیں وہ ٹیم کی بدترین حالت سے ظاہر ہیں، لاکھوں روپے ماہانہ تنخواہ اور مراعات لینے والے یہ "پیر تسمہ پا" ملک کی بدنامی کرانے پر تل گئے ہیں۔

خبر تو یہ تھی کہ برطانیہ سے یکا یک سات کھلاڑیوں کو واپس بلانے کا فیصلہ کارکردگی کے حوالے سے تھا، (اگرچہ اس پر بھی ماہرین نے تنقید کی تھی) اور جب یہ کھلاڑی واپس بلا لئے گئے تو تب یہ بتایا گیا کہ چند کھلاڑی نظم و ضبط کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوئے ہیں لیکن اچانک امام الحق اور رضوان سے ان کے موبائل فون لے لئے گئے، بات یہاں تک بھی گوارا تھی لیکن پھر یہ فون ایف آئی اے کے سائبر زکنٹرول شعبہ کے حوالے کر دیئے گئے اور یہ دونوں ایک پیشی بھی بھگت چکے جو دو گھنٹے کی تھی، عاقب جاوید کی کھال بچاؤ اس مہم سے عالمی سطح پر انگلیاں اٹھنا شروع ہو گئیں اور اب کہا جا رہا ہے کہ مذکورہ کھلاڑیوں اور ان کے علاوہ ایک دو اور کے خلاف فکسنگ کے الزام میں تحقیقات ہو رہی ہیں یوں دنیا میں ملک کا نام ایک بار پھر "جرم" کے حوالے سے لیا جا رہا ہے اور بدنامی شروع ہو گئی ہے، کیا اس پر کسی نے غور کیا جہاں تک پاکستان اور ملک سے باہر رضوان کی شہرت کا تعلق ہے تو شائقین تو اسے اچانک واپس بلانے کی بھی مذمت کر رہے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ جتنی زیادہ تبدیلیاں بورڈ کے آمر نے کیں یہ بھی عقل سے ماوراء ہیں کہ یکا یک سات کھلاڑی واپس بلا لئے اور جو متبادل بھیجے گئے ان کا سٹیٹس ٹی 20 والا ہے، اس کے ساتھ ہی تیسرے ٹیسٹ کے لئے ایک بار پھر ٹیم کا چناؤ بھی غلط کیا گیا۔

یہ درست ہے کہ رضا اللہ نے اچھی باؤلنگ کی، اس کی رفتار بھی آج کے دور کے مطابق ہے اسی لئے تو وسیم اکرم نے ملک میں موجود تین دوسرے تیز باؤلروں کا ذکر کیا ہے جو مستقبل کا اثاثہ ہیں لیکن ان کو کسی کھاتے میں نہیں گنا جا رہا، اس کے علاوہ اس کا جواب کیا ہے کہ عبید شاہ ٹیم کے ساتھ ہے اس نے ویسٹ انڈیز میں اچھی باؤلنگ بھی کی لیکن اسے موقع ہی نہیں دیا گیا اور عمران رندھاوا کو یہاں سے بھیجا اور ٹیم میں شامل بھی کرا دیا گیا۔

میں سمجھتا ہوں کہ بورڈ کی آمریت کے عمل سے ٹیم کا ہر فرد متاثر ہوا ہے اور پلینگ الیون کا چناؤ بھی غلط ہے۔ اول تو کامران غلام کو نظر انداز کرنا اور صائم ایوب کو عالمی کھلاڑی سمجھ لینا ہی عقل سے باہر ہے۔ صائم نے ثابت بھی کیا کہ اس کے کھیل کی تکنیک ہی ٹھیک نہیں اور دونوں اننگز میں انڈہ لے کر ریکارڈ ہولڈروں میں شامل ہو گئے۔ یہاں میں ایک اور عرض کروں اول تو صائم کی جگہ نہیں بنتی تھی اور اگر اسے شامل بھی کر لیا گیا تو دوسری اننگ میں پھر سے اوپننگ کرانا درست نہیں تھا اسے مڈل آرڈر میں رکھ کر شان ہی سے اننگز شروع کرائی جا سکتی تھی جواب اذان اور شان کی موجودگی سے ثابت ہے۔ سابقہ تجربے ہی کی بناء پر عبداللہ شفیق کا نمبر تبدیل کر کے بابر اعظم خود یا سعود شکیل اس نمبر پر کھیلتے تو حالات تبدیل ہوتے۔

میں اب پھر اصرار کرتا ہوں کہ یہ سب ایک سازش اور آمرانہ خود غرضی ہے۔ اگر بابر اعظم اور رضوان جیسے کھلاڑیوں کو نکالنا مقصود تھا تو ان کو چنا ہی نہ جاتا اور اگر پسند کا سوال تھا تو پھر بابر اعظم کو دوبارہ کپتان بنانے کی ضرورت ہی کیا تھی؟ میں نے تو ماضی میں بابر کے لئے یہی تجویز دی تھی کہ وہ از خود قیادت سے دستبردار ہو کر کھیل پر توجہ دے اور مزید عالمی ریکارڈ بنائے لیکن ہم نہ تو چیئرمین اور نہ ہی بورڈ کے مدار المہام ہیں کہ ایسا کر پاتے، نتیجہ صاف ظاہر ہے کہ شکست کی خفت تو تھی اب میچ فکسنگ کا براتر الزام ہم نے خود اپنے سر لیا ہے۔

برطانوی فاسٹ باولر سٹیورٹ براڈ نے خوب کہا کہ نئے فاسٹ باولر کو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ پاکستان میں بہت ٹیلنٹ ہے۔ تو قارئین! میں شروع سے کہتا آیا ہوں کہ ہمیں کرکٹ اکیڈمی کو جدید انداز میں تبدیل کر کے ملکی کھلاڑیوں کو تیار کرنے کی ضرورت ہے۔ بیٹرز کی تکنیک درست کرنا اور باولرز کو سپیڈ اور لینتھ کے حوالے سے تربیت دینا لازم ہے، بورڈ کو پرچی سسٹم سے باہر آنا ہوگا اور حقیقی میرٹ کو برقرار رکھنا ہوگا، بورڈ کے اندر میرٹ کیلئے پہلے عاقب جاوید سمیت ذمہ داروں کی صفائی کرنا ہو گی۔

قارئین! کا سوال ہے کہ سلمان علی آغا کے پاس وہ کون سی گیدڑ سنگھی ہے وہ بری طرح ناکامی کے باوجود "باعزت" ہے اور اسے پوچھا تک نہیں جا رہا۔

☆☆☆☆

☆☆☆☆☆ پرنسپل ڈاکٹر صفیہ مینگل، ڈاکٹر فرحت، ملک عاصم خان کی افتتاحی تقریب سے پرنسپل ڈاکٹر صفیہ مینگل، ڈاکٹر فرحت، ملک عاصم خان، اکبر ساسولی اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

ایشین گیمز میں پاکستان کا پہلا میڈل یقینی ہوگیا

کوارٹر فائنل میں عاصم خان کے حریف کو زیادہ ویٹ ہونے کی وجہ سے ڈس کوالیفائی قرار دیا گیا تھا

لاہور (این این آئی) ایشین گیمز کے ایم ایم اے ایونٹ میں عاصم خان سیمی فائنل میں پہنچ گئے جس کے بعد پاکستان کا پہلا میڈل یقینی ہوگیا۔ کوارٹر فائنل میں عاصم خان کے حریف کو زیادہ ویٹ ہونے کی وجہ سے ڈس کوالیفائی قرار دیا گیا تھا۔ ایشین گیمز کے ایم ایم اے رولز کے تحت سیمی فائنل ہارنے کی صورت میں کانسی کے تمغے کے لیے الگ سے فائٹ نہیں ہوگی بلکہ دونوں سیمی فائنلز میں شکست کھانے والے ایتھلیٹ برانز میڈل کے حقدار ہوں گے۔

برآمدی صنعتوں کی ایسوسی ایشنز برآمدات کی ترقی کیلئے کوشاں

حکومتی گرانٹس کا دائرہ وسیع کیا جائے، اعجاز الرحمن

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اعجاز الرحمن نے کہا ہے کہ برآمدات میں اضافے، نئی عالمی منڈیوں تک رسائی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور صنعتی مسابقت بہتر بنانے کیلئے حکومت کو برآمدی صنعتوں کی ایسوسی ایشنز کے قابل عمل ترقیاتی منصوبوں میں معاونت کا دائرہ وسیع کرنا چاہیے کیونکہ ایسے منصوبے محض کسی ایک تنظیم کے نہیں بلکہ پوری صنعت اور قومی معیشت کے مفاد سے جڑے ہوتے ہیں، ایسوسی ایشنز کی محدود آمدنی بڑے پیمانے کے منصوبوں، بین الاقوامی نمائشوں، تحقیق و ترقی، ہنرمندی کی تربیت اور عالمی خریداروں سے روابط کے اخراجات پورے کرنے کیلئے کافی نہیں ہوتی اس لئے حکومتی تعاون صنعتی ترقی اور برآمدی فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ اپنے بیان میں چیئرپرسن سی ٹی آئی اعجاز الرحمن نے کہا کہ حکومتی گرانٹس کو محض مالی معاونت کے طور پر نہیں بلکہ سرکاری اقتصادی پالیسی کو عملی شکل دینے کے ایک موثر ذریعے کے طور پر دیکھا جانا چاہیے، اس کے ذریعے صنعتوں کو نئی منڈیوں تک رسائی، برآمدات میں اضافہ، جدید ٹیکنالوجی، تحقیق و ترقی اور ہنرمند افرادی قوت کی تیاری میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسوسی ایشنز عموماً ممبر شپ فیس اور دیگر محدود ذرائع سے اپنے روزمرہ امور چلاتی ہیں تاہم ایسے منصوبے جو پوری صنعت کیلئے طویل المدتی فوائد رکھتے ہوں اور جن کیلئے بڑے مالی وسائل درکار ہوں انہیں صرف ممبران کے فنڈز سے مکمل کرنا مشکل ہوتا ہے، حکومت کو ایسی سکیموں کا جائزہ لیتے ہوئے ان کے ممکنہ نتائج، برآمدی استعداد اور پوری صنعت پر پڑنے والے اثرات کو بنیادی اہمیت دینی چاہیے۔ اعجاز الرحمن نے کہا کہ سرکاری معاونت سے صنعتی معیار بہتر بنانے، سرٹیفکیشن اور تربیتی پروگرامز کے انعقاد، عالمی تجارتی میلوں میں شرکت اور بین الاقوامی خریداروں سے روابط بڑھانے کے مواقع پیدا ہوتے ہیں، جس کے نتیجے میں برآمدی کاروبار کو وسعت دینے اور نئی منڈیوں میں پاکستانی مصنوعات متعارف کرانے میں مدد ملتی ہے۔ چیئرپرسن سی ٹی آئی نے پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام آئندہ ماہ لاہور میں منعقد ہونے والی 42 ویں عالمی نمائش کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے اشتراک سے ہونے والی یہ نمائش حکومت اور برآمدی صنعت کی ایسوسی ایشن کے باہمی تعاون کی موثر مثال ہے، اس کے ذریعے پاکستانی ہاتھ سے بنے قالینوں کو عالمی خریداروں کے سامنے پیش کرنے، نئی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے اور برآمدی آرڈرز کے امکانات پیدا ہوں گے۔

بنوں گرینڈ فٹ بال نائٹ 27 ستمبر کو منائی جائیگی

بنوں (این این آئی) ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن بنوں و ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن بنوں کی زیر نگرانی بنوں گرینڈ فٹ بال نائٹ 27 ستمبر کو سپورٹس کمپلیکس زاہد اکرام خان درانی فٹ بال اسٹیڈیم بنوں میں منائی جائے گی۔ یہ پروگرام قومی اسمبلی کے سابق ڈپٹی سپیکر زاہد اکرام خان درانی کی زیر سرپرستی ہوگا ایونٹ کے آرگنائزنگ سیکرٹری اسرار بنگش نے بتایا کہ ایونٹ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں، فٹ بال میچ بھی ہوگا جس میں خیبر پختونخوا سے نامور قومی و بین الاقوامی کھلاڑی حصہ لیں گے اور ایونٹ منعقد کروانے کا مقصد بنوں کی غیور عوام اور بالخصوص پرجوش نوجوانوں کو امن، محبت اور بھائی چارے کا پیغام دینا ہے، اکرام خان درانی میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ کے سلسلے میں ایک تاریخی بنوں گرینڈ فٹ بال نائٹ 27 ستمبر کو شام 7 بجے سے منائی جا رہی ہے، جو اپنے جوش اور مقابلے کے لحاظ سے کسی فائنل سے کم نہیں ہوگی۔ آتش بازی کا مظاہرہ بھی ہوگا۔

ایشین گیمز میں باکسنگ کے مقابلے (آج) سے جاپان میں شروع ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) ایشین گیمز میں باکسنگ کے مقابلے (آج) پیر سے جاپان میں شروع ہو نگے۔ گزشتہ روز پاکستان باکسنگ فیڈریشن کے صدر کرنل ریٹائرڈ ناصر اعجاز تنگ نے بتایا کہ باکسنگ کے ایونٹ میں ایشیائی ممالک کے 190 باکسرز حصہ لے رہے ہیں جن میں 115 مرد باکسرز اور 75 خواتین باکسرز حصہ لے رہی ہیں باکسنگ کے ایونٹ میں مردوں کے چھ اور خواتین کے پانچ ویٹ کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔ مردوں کے ویٹ کیٹگریز کے مقابلوں میں 55 کلوگرام، 60 کلو گرام، 70 کلوگرام، 80 کلوگرام اور 90 کلو گرام جبکہ خواتین کے ویٹ کیٹگریز کے مقابلوں میں 51 کلوگرام، 54 کلوگرام، 60 کلوگرام، 65 کلوگرام اور 75 کلوگرام کے مقابلے شامل ہیں۔

"لز بن منشور" میں شمولیت کے بعد عالمی منڈیوں تک رسائی کے نئے مواقع پیدا ہو سکتے ہیں، نجم مزاری

پاکستان کو چین سمیت دیگر ممالک کیساتھ آرگینک زراعت کے منصوبوں کیلئے جوائنٹ وینچر زکرنا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) آرگینک زراعت اور مصنوعات پر تحقیق کرنے والے ادارے کے سربراہ نجم مزاری نے عالمی اتحاد "لز بن منشور" میں پاکستان کی شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ زیتون کے تیل، غذائیت اور عوامی صحت سے متعلق عالمی اتحاد میں پاکستان کی شرکت ملک کے زرعی شعبے کو جدید تحقیق، صحتمند خوراک اور عالمی معیار سے ہم آہنگ کرنے کی جانب اہم پیشرفت ہے، چار براعظموں کے 18 ممالک کی 60 سے زائد تنظیموں کی حمایت یافتہ اس کاوش سے پاکستان کے لیے زیتون سمیت معیاری اور صحت بخش زرعی مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی کے نئے مواقع پیدا ہو سکتے ہیں۔ اپنے بیان میں نجم مزاری نے کہا کہ پاکستان کو لز بن منشور میں شمولیت کو محض زیتون کے تیل تک محدود نہیں رکھنا چاہیے بلکہ اس عالمی پلیٹ فارم کو آرگینک زراعت، قدرتی زرعی مصنوعات، سائنسی تحقیق اور ویلیو ایڈیشن کے فروغ کے لیے بھی استعمال کرنا چاہیے۔ زیتون کی کاشت میں آرگینک طریقہ پیداوار کو فروغ دے کر ایسی مصنوعات تیار کی جا سکتی ہیں جو ملکی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ عالمی منڈی میں بھی بہتر مقام حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو چین سمیت دیگر زرعی ٹیکنالوجی رکھنے والے ممالک کے ساتھ آرگینک زراعت کے منصوبوں کیلئے جوائنٹ وینچر زکرنا چاہیے جن میں آرگینک زیتون، آرگینک کھاد، قدرتی زرعی مداخل، پراسیسنگ، پیکجنگ، لیبارٹری ٹیسٹنگ اور سرٹیفکیشن کو شامل کیا جائے۔ چین کے ساتھ مشترکہ تحقیق اور ٹیکنالوجی منتقلی کے ذریعے پاکستان میں آرگینک مصنوعات کی جدید پراسیسنگ اور عالمی معیار کے مطابق تیاری کے امکانات پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ نجم مزاری نے کہا کہ چین کے علاوہ پرتگال، ترکیہ، اٹلی اور دیگر ممالک کے ساتھ بھی زیتون اور آرگینک زراعت کے شعبے میں مشترکہ تحقیقی پروگرام تشکیل دیئے جا سکتے ہیں۔ پاکستان اور پرتگال کے درمیان زیتون کے شعبے میں تحقیق، ٹیکنالوجی منتقلی اور ویلیو ایڈیشن کے تعاون پر پہلے ہی بات چیت ہو رہی ہے اس لیے اسے آرگینک زراعت تک وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ نجم مزاری نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ لز بن منشور میں پاکستان کی شمولیت کو ایک وسیع تر زرعی پالیسی کے تحت استعمال کرتے ہوئے زیتون سمیت دیگر آرگینک فصلوں کے لیے خصوصی تحقیقاتی پروگرام شروع کیے جائیں اور چین و دیگر ممالک کے ساتھ مشترکہ سرمایہ کاری، تحقیق کے منصوبوں کو فروغ دیا جائے۔

لاہور سے سکردو تک 1100 کلومیٹر کا سفر 22 روز میں دوڑ کر مکمل، نیا ریکارڈ قائم

لاہور کے نوجوان طالب علم فیضان احمد نے عزم، حوصلے اور محنت کی نئی مثال قائم کر دی

لاہور (آن لائن) لاہور کے نوجوان طالب علم فیضان احمد نے عزم، حوصلے اور محنت کی نئی مثال قائم کر دی۔ طالبعلم فیضان احمد نے لاہور سے سکردو تک 1100 کلومیٹر کا سفر 22 روز میں دوڑ کر مکمل کر کے نیا ریکارڈ قائم کر دیا سکردو پہنچنے پر طالبعلم فیضان احمد کا پرجوش استقبال، پولو گراونڈ میں قومی پرچم لہراتے ہوئے شاندار جشن منایا گیا شہریوں اور کھیلوں کے شائقین نے سکردو آمد پر فیضان احمد کی حوصلہ افزائی کی اور ان کے جذبے کو سراہا۔ 1100 کلومیٹر کی طویل رننگ مہم کو عزم، محنت اور پاکستان کے جوانوں کے حوصلے کی عظیم مثال قرار دیا گیا۔ نوجوان طالبعلم فیضان احمد کا 1100 کلومیٹر کا کامیاب سفر پاکستانی نوجوانوں کی ہمت اور صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا A.B.C Certified بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
روزنامہ عوام کوئٹہ
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

شمالی کوریا کا تین گھنٹوں کے دوران میزائل تجربہ، 2 بیلسٹک میزائل داغے، جنوبی کوریا کی قومی سلامتی کونسل کا شدید ردعمل

جنوبی کوریا کی قومی سلامتی کونسل نے کم فاصلے تک مار کرنے والے اس میزائل تجربے کی شدید مذمت کی ہے، یہ تجربہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کی براہ راست خلاف ورزی ہے، ردعمل

پیانگ یانگ/سیئول (این این آئی) شمالی کوریا نے تین گھنٹوں کے دوران دو بیلسٹک میزائلوں کا تجربہ کرلیا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق یہ تقریباً ایک ہفتے کے دوران بیلسٹک میزائل تجربات کا دوسرا سلسلہ ہے۔ جنوبی کوریا کی وزارت دفاع کے مطابق اتوار کی سہ پہر بحیرہ جاپان کی جانب ایک کم فاصلے تک مار کرنے والا بیلسٹک میزائل فائر کرنے کے محض تین گھنٹے بعد شمالی کوریا نے ایک اور شارٹ رینج بیلسٹک میزائل داغ دیا۔ جنوبی کوریا کے جوائنٹ چیفس آف اسٹاف نے کہا کہ انہوں نے سہ پہر 3 بجے کے قریب وونسان کے علاقے سے پہلے تجرباتی فائر کا پتا لگایا اور اس ہتھیار کی شناخت ایک بیلسٹک میزائل کے طور پر کی۔ جاپان کی وزارت دفاع نے بھی تصدیق کی ہے کہ یہ بظاہر ایک بیلسٹک میزائل ہی تھا۔ جاپانی سرکاری نشریاتی ادارے 'این ایچ کے' نے بتایا کہ یہ پروجیکٹائل جاپان کے خصوصی اقتصادی زون سے باہر گرا ہے۔ جنوبی کوریا کی فوج کے مطابق پہلے (بقیہ نمبر1 صفحہ 6 پر)

لاہور، نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ منصورہ میں (میرا لانگ مارچ) کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کیمپ ڈیوڈ کی ممنوعہ فضائی حدود کی خلاف ورزی پر طیارے کو روک لیا گیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ کی میری لینڈ رہائش گاہ کیمپ ڈیوڈ کی ممنوعہ فضائی حدود کی خلاف ورزی ہوئی (بقیہ نمبر5 صفحہ 6 پر)

حوثی بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کر دیا، سعودی فوجی اتحاد

بیش، طائف، فرسان اور ینبع میں بھی حوثیوں کے حملے ناکام بنا دیئے، بیان

ریاض (این این آئی) سعودی فوجی اتحاد نے کہا ہے کہ یمن کے حوثیوں کی جانب سے ریاض کی طرف داغا گیا بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اتوار کو ایک بیان میں سعودی فوجی اتحاد کے مطابق بیش، طائف، فرسان اور ینبع میں بھی (بقیہ نمبر4 صفحہ 6 پر)

فلسطینی عوام کے مصائب کو کم کرنے کیلئے شاہ سلمان مرکز سے نیا امدادی قافلہ غزہ روانہ

غزہ (این این آئی) سعودی عرب کے امدادی ادارے کنگ سلمان ہیومینیٹیرین ایڈ اینڈ ریلیف سینٹر (کے ایس ایچ آر سی) نے فلسطینی عوام کی سپورٹ کیلئے جاری مہم کے ایک حصے کے طور پر نیا امدادی قافلہ غزہ بھیجا ہے، جس میں بڑی تعداد میں خیمے شامل ہیں۔ ایس ایچ آر سی غزہ میں متاثرہ خاندانوں میں ضروری امداد کی فراہمی کے لیے کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ غزہ میں امدادی ادارے کے ایگز (بقیہ نمبر3 صفحہ 6 پر)

آسٹریلیا سے امریکا بھیجے گئے ایف 35 کے حساس پرزے چین پہنچ گئے، تحقیقات کا آغاز

کیپ میں ایف 35 طیارے کا حفاظتی شیلڈ بھی شامل تھا جو طیارے کے خفیہ رہنے کی صلاحیت میں اہم کردار ادا کرتا ہے، رپورٹ

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا سے امریکا بھیجے جانے والے ایف 35 لڑاکا طیاروں کے انتہائی حساس پرزوں کی کھیپ ہانگ کانگ منتقل ہونے پر امریکی حکام نے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق کھیپ میں ایف 35 طیارے کا حفاظتی شیلڈ بھی شامل تھا جو طیارے کے خفیہ رہنے کی صلاحیت میں اہم کردار ادا کرتا ہے، شیلڈر پر ریڈار شعاعیں جذب کرنے والی خاص تہہ لگی ہوتی ہے جو طیارے کی ریڈار میں آنے کی صلاحیت اور شناخت کم کرنے میں مدد دیتی ہے۔ پرزے ایک تجارتی ایجنٹ کے ذریعے منتقل کیے جا رہے تھے تاہم یہ واضح نہیں کہ کھیپ کو ہانگ کانگ کے بعد کہاں بھیجا گیا یا اس وقت پرزے کہاں ہیں۔ رپورٹس (بقیہ نمبر2 صفحہ 6 پر)


ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

سعودی وزیر خارجہ کی نیویارک آمد، جنرل اسمبلی کے اجلاس میں ملکی وفد کی سربراہی کریں گے

نیویارک (این این آئی) سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت کے لیے نیویارک پہنچ گئے، وہ ملکی وفد کی سربراہی کریں گے۔ امریکی ٹی وی کے مطابق جنرل اسمبلی کے اس سال کے اعلیٰ سطح کے (بقیہ نمبر6 صفحہ 6 پر)

اقوام متحدہ کی سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت، ایک ہی دن میں افسران سمیت 25 حوثیوں سمیت 73 جنگجو مارے گئے

تمام جنگجو صنعا، صعدہ، حجہ، الحدیدہ، ذمار، عمران، المحویت، تعز، اِب اور الجوف میں مارے گئے، طائف، فرسان اور ینبع میں بھی حوثیوں کے حملے ناکام بنا دیئے، سعودی فوجی اتحاد

صنعا/ریاض/انقرہ/نیویارک (این این آئی) یمن میں حوثی ملیشیا نے اپنے 73 افراد کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے جن میں 25 فوجی رینک رکھنے والے افراد بھی شامل ہیں جس کے بعد ان کی تعداد 413 ہوگئی۔ ان اعلانات میں یمن کے 10 صوبوں سے تعلق رکھنے والے ہلاک شدگان شامل تھے، جن میں صنعا، صعدہ، حجہ، الحدیدہ، ذمار، عمران، المحویت، تعز، اب اور الجوف شامل ہیں۔ فہرست میں 25 فوجی رینک رکھنے والے افراد کے نام شامل تھے، جن کے عہدے اسسٹنٹ سے بریگیڈیئر تک تھے۔ ان میں 3 بریگیڈیئرز کے علاوہ متعدد کرنل، لیفٹیننٹ کرنل، میجر، کیپٹن اور لیفٹیننٹ بھی شامل تھے۔ دریں اثناء سعودی فوجی اتحاد نے کہا کہ یمن کے حوثیوں کی جانب سے ریاض کی طرف داغا (بقیہ نمبر7 صفحہ 6 پر)

امریکی ناکہ بندی کے باوجود تیل کی فروخت 2 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی، ایران

آبنائے ہرمز سے ہونے والی تجارت کا حجم گزشتہ چھ ماہ کی بلند ترین سطح پر آ گیا ہے، امریکی فوج

واشنگٹن/تہران (این این آئی) ایران نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی ناکہ بندی کے باوجود ایرانی تیل کی فروخت 2 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ تہران سے جاری ایرانی محکمہ منصوبہ بندی و بجٹ کی رپورٹ کے مطابق ستمبر میں ایرانی تیل کی فروخت 3 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی ہے۔ رپورٹ میں یہ نہیں بتایا گیا کہ ناکہ بندی کے باوجود ایران کس طرح تیل کی برآمدات جاری رکھے ہوئے ہے۔ دوسری جانب امریکی فوج نے دعویٰ کیا کہ آبنائے ہرمز سے ہونے والی تجارت کا حجم گزشتہ چھ ماہ کی بلند ترین سطح پر آ گیا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ سینٹکام نے کہا کہ (بقیہ نمبر8 صفحہ 6 پر)

صیہونی فورسز کے ہاتھوں شہید فلسطینیوں کی تعداد 74 ہزار ہوگئی

غزہ (این این آئی) غزہ میں اسرائیلی فورسز کی جانب سے نسل کشی کا سلسلہ تاحال جاری ہے اور جنگ کے نتیجے میں شہید فلسطینیوں کی تعداد تقریباً 74 ہزار تک پہنچ گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک سال (بقیہ نمبر10 صفحہ 6 پر)

ٹرمپ کیمپ ڈیوڈ کا دورہ مختصر کر کے قبل از وقت وائٹ ہاؤس واپس پہنچ گئے

امریکی انتظامیہ نے صدر ٹرمپ کا دورہ مختصر کرنے کی کوئی وجہ نہیں بتائی، عرب میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کیمپ ڈیوڈ میں قیام مقررہ وقت سے پہلے ختم کر کے وائٹ ہاؤس واپسی اختیار کر لی۔ عرب میڈیا کے مطابق امریکی انتظامیہ نے صدر ٹرمپ کا دورہ مختصر کرنے کی کوئی وجہ نہیں بتائی، ٹرمپ اتوار کے روز طے شدہ وقت سے قبل کیمپ ڈیوڈ سے روانہ ہو گئے۔ ہفتہ اور تعطیلات کے دوران صدر کے سفری پروگرام میں تبدیلی معمول کی بات ہے جس کی ایک بڑی وجہ موسم بھی ہو سکتی ہے کیونکہ کیمپ ڈیوڈ کے پہاڑی علاقے میں بارش اور گرج (بقیہ نمبر9 صفحہ 6 پر)

اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم پانی غیر قانونی کنکشنز کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امریکا کی مغربی ایشیا کے کئی ممالک میں موجود اپنے شہریوں کو محتاط رہنے کی ہدایت

یمن میں سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان تنازعے میں کشیدگی بڑھنے کا امکان موجود ہے، محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی حکام نے مغربی ایشیا میں متعدد امریکی سفارتخانوں کے ذریعے اپنے شہریوں کے لیے سکیورٹی وارننگ جاری کرتے ہوئے انہیں محتاط اور چوکس رہنے کی ہدایت کی ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق مغربی ایشیا کے متعدد ممالک میں امریکی سفارتخانوں نے فوری سکیورٹی وارننگ جاری کرتے ہوئے اپنے شہریوں پر زور دیا کہ وہ ہدایات پر عمل کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ خطے میں پروازیں منسوخ ہونے کا امکان ہے۔ خطے کے کئی ممالک میں امریکی سفارتخانوں نے یہ فوری سکیورٹی وارننگز جاری کیں اور اپنے شہریوں کو مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کے باعث چوکس رہنے اور زیادہ احتیاط برتنے کی ہدایت کی۔ بغداد میں امریکی سفارتخانے نے (بقیہ نمبر35 صفحہ 6 پر)

ٹوکیو سمیت جاپان کے مشرقی ساحلی علاقوں سے آج سمندری طوفان ٹکرانے کا خدشہ

شہری موسم کی تازہ ترین صورتحال سے آگاہ رہیں اور احتیاطی تدابیر اختیار کریں، حکام کی ہدایت

ٹوکیو (این این آئی) طاقتور سمندری طوفان ڈوجوان پیر یا منگل تک جاپان کے دارالحکومت ٹوکیو سمیت ملک کے مشرقی ساحلی علاقوں سے ٹکرا سکتا ہے۔ جاپان کی محکمہ موسمیات نے مذکورہ علاقوں کے مکینوں پر زور دیا ہے کہ وہ موسلا دھار بارش اور شدید ہواؤں کے خطرے کے پیش نظر انتہائی چوکس رہیں۔ رپورٹ کے مطابق جاپان کے مقامی وقت کے مطابق اتوار کی صبح 9 بجے تک رواں سال کا 25 واں سمندری طوفان ڈوجوان ملک کے جنوب میں سمندر کے اوپر شمال مغرب کی جانب 10 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے بڑھ رہا تھا۔ اس کے مرکز کے قریب ہواؤں کی رفتار 126 سے 180 کلومیٹر فی گھنٹہ تک ریکارڈ کی گئی۔ یہ سمندری طوفان پیر کو ٹوکیو کے مشرق (بقیہ نمبر34 صفحہ 6 پر)

پاسداران انقلاب کے ماہرین کا ریڈار کی تنصیب کے لیے باب المندب کا دورہ

ماہرین نے علاقے کے قریبی پہاڑی ٹیلوں میں سرنگیں کھودنے کے کام کی نگرانی کی، ایرانی میڈیا

تہران (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب کے ماہرین نے باب المندب کے علاقے کا دورہ کیا تاکہ اس کے قریب ریڈار کی تنصیب کا جائزہ لیا جا سکے اور قریبی پہاڑی ٹیلوں میں سرنگیں کھودنے کے کام کی نگرانی کی جا سکے۔ دونوں ذرائع نے بتایا کہ حوثیوں کے ساتھ کام کرنے والے ایرانی ماہرین نے باب المندب کے علاقے الخا کی بندرگاہ اور ہوائی اڈے اور الخا کے مشرق میں جبل النار ملٹری کیمپ کا دورہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماہرین نے الخا اور باب المندب کے قریبی پہاڑی ٹیلوں میں سرنگیں کھودنے کے کام کی نگرانی کی اور الخا کے قریب نیز جنوبی بحیرہ (بقیہ نمبر12 صفحہ 6 پر)

ہم ہمیشہ یہیں رہیں گے، اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو اور اہلیہ کی یروشلم سے ویڈیو

یروشلم (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے یروشلم میں ایک انتہائی علامتی مقام کا انتخاب کیا، جہاں سے انہوں نے محض پروٹوکول کے تحت دورے سے آگے بڑھ کر پیغام دیا۔ مغربی دیوار کی سرنگوں سے نیتن یاہو نے اپنی اہلیہ سارہ کے ہمراہ کہا: ہم واپس (بقیہ نمبر11 صفحہ 6 پر)

غزہ فلوٹیلا کے تیونسی اسیران کو اسرائیل رہا کرے، انسانی حقوق تنظیم کا مطالبہ

اسیران کی صحت بری طرح گر چکی اور اپنی اسیری کے خلاف انہوں نے بھوک ہڑتال شروع کر رکھی ہے، بیان

تیونس (این این آئی) تیونس میں سینکڑوں شہریوں نے ان اسیران کی رہائی کا مطالبہ دہرایا ہے جنہیں اسرائیل نے غزہ فلوٹیلا کے ذریعے اہل فلسطین کے حق میں آواز اٹھانے اور غزہ کی اسرائیلی ناکہ بندی کے خاتمے کا مطالبہ کرنے کی خاطر منی لانڈرنگ کے الزام میں حراست میں لیا گیا تھا۔ یہ کارکن فلوٹیلا پر 2025 میں غزہ کے لیے روانہ ہوئے تھے۔ بیان میں ان کی رہائی کے سلسلے میں جاری کردہ بیان میں یہ بھی کہا گیا کہ اسیران کی صحت بری طرح گر چکی ہے اور اپنی اسیری کے خلاف انہوں نے بھوک ہڑتال شروع کر رکھی ہے۔ تیونیسین لیگ فار (بقیہ نمبر31 صفحہ 6 پر)

اقوام متحدہ سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کرتی ہے، سیکرٹری جنرل گوتیریس

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیریس نے سعودی عرب میں بنیادی ڈھانچے پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کی ہے۔ عرب ٹی وی کو انٹرویو میں گوتیریس نے بحری نقل و حمل کی آزادی کے احترام کی انتہائی اہمیت پر زور دیا جس میں (بقیہ نمبر32 صفحہ 6 پر)

پاکستانی وزیر داخلہ کا دورہ دوطرفہ تعلقات پر مرکوز ہوگا، اسماعیل بقائی

پاکستانی وزیر داخلہ کے دورہ ایران سے متعلق کسی امریکی پیغام سے آگاہ نہیں، بیان

تہران (این این آئی) ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ پاکستانی وزیر داخلہ کا دورہ تہران صرف دوطرفہ تعلقات پر مرکوز ہوگا۔ غیر ملکی خبر رساں (بقیہ نمبر33 صفحہ 6 پر)

پاکستان مل کر سعودی عرب کی عسکری ضروریات کا جائزہ لیں گے، ترک وزیر خارجہ

ہم نے یوکرین اور روس کو بحیرہ اسود میں لڑائی ختم کرنے کی پیشکش بھیجی ہے، خاقان فیدان

انقرہ (این این آئی) ترک وزیر خارجہ خاقان فیدان نے کہا ہے کہ یمنی حوثیوں کے جاری حملوں کے باعث سعودی عرب کی کچھ عسکری ضروریات ہو سکتی ہیں۔ ہم پاکستان کے ساتھ مکہ معاہدے کے تحت اس عسکری ضروریات کا جائزہ لیں گے، اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ یمن میں جنگ ختم کرنے کے لیے تمام فریقین تک تجاویز پہنچا دی گئی ہیں، سعودی عرب کو امریکا ایران جنگ کا حصہ بنانا ناقابل قبول ہے۔ ترک وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ مشرق وسطیٰ کا بحران اب معاشی طور پر ناقابل برداشت ہو چکا ہے۔ خاقان فیدان نے مزید کہا کہ ہم نے یوکرین اور روس کو بحیرہ اسود (بقیہ نمبر13 صفحہ 6 پر)

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ میونسپل کارپوریشن گوادر کے نئے صفائی رکشوں کا افتتاح کر رہے ہیں

سائنسدانوں نے بلیک ہولز کے ایک بڑے اسرار کو حل کر لیا

نئی تحقیق میں بلیک ہول کی ''ڈکار'' کے راز کو حل کر لیا گیا ہے، محققین

نیویارک (این این آئی) بلیک ہول کے بارے میں آپ نے کافی کچھ سنا یا پڑھا ہوگا مگر اس کائناتی اسرار کے بارے میں کافی کچھ اب بھی معلوم نہیں ہو سکا ہے۔ مگر اب سائنسدانوں نے بلیک ہول کے ایک معمے کو حل کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایک نئی تحقیق میں بلیک ہول کی 'ڈکار' کے راز کو حل کرنے کا دعویٰ کیا گیا۔ بنیادی طور پر اس سے مراد بلیک ہول کی جانب سے ستاروں کو ہضم کرنے کے دوران خارج کی جانے والی توانائی ہے جس کے دوران مادوں کو بلیک ہولز کی جانب سے خلا میں بہت زیادہ دور تک پھینکا جاتا ہے۔ بلیک ہولز ایسے کائناتی جسم ہیں جو بہت زیادہ موٹے (بقیہ نمبر30 صفحہ 6 پر)

ٹرمپ کا اے آئی فورس بنانے کا اعلان، نیا سربراہ مقرر کرنے کا فیصلہ

امریکا مصنوعی ذہانت کی صنعت کی ترقی میں رکاوٹ نہیں بنے گا بلکہ اس کی معاونت اور نگرانی کرے گا، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مصنوعی ذہانت (اے آئی) کی نگرانی اور اس شعبے کو منظم کرنے کے لیے ایک نئی اے آئی فورس بنانے کا اعلان کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ وہ جلد مصنوعی ذہانت کے لیے ایک خصوصی اے آئی سربراہ بھی مقرر کریں گے۔ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر کہا کہ امریکا مصنوعی ذہانت کی صنعت کی ترقی میں رکاوٹ نہیں بنے گا بلکہ اس کی معاونت اور نگرانی کرے گا۔ ان کے مطابق موجودہ فوجداری اور سول قوانین کے ذریعے اے آئی کے ممکنہ غلط استعمال سے نمٹا جا سکتا ہے۔ امریکی صدر نے اس سے (بقیہ نمبر29 صفحہ 6 پر)

امریکا کی سعودیہ کو طیاروں کی فراہمی، شاطر اسرائیل نئی چال چلنے کو تیار

اسرائیل نے غیر معمولی عسکری پیکج اور جدید ہتھیاروں کا نظام بطور معاوضہ مانگنے کی تیاری شروع کر دی

تل ابیب/واشنگٹن (این این آئی) ٹرمپ کی انتظامیہ کی جانب سے سعودی عرب کو جدید ترین ایف 35 اسٹیلتھ جنگی طیاروں کی فراہمی کی منظوری کے بعد اسرائیل نے خطے میں اپنی فوجی برتری قائم رکھنے کے لیے سے غیر معمولی عسکری پیکج اور جدید ہتھیاروں کا نظام بطور معاوضہ مانگنے کی تیاری شروع کر دی۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق اس عسکری معاوضے کے ذریعے تل ابیب ان مہلک ترین ہتھیاروں تک رسائی حاصل کرنا چاہتا ہے جن کی فراہمی سے امریکی انتظامیہ ماضی میں صاف انکار کر چکی تھی۔ سعودی عرب اور امریکا کے درمیان اربوں ڈالر کے تاریخی (بقیہ نمبر27 صفحہ 6 پر)

ایران اپنے دشمنوں کا مقابلہ کرنے کے لیے فوجی طاقت استعمال کرے گا، قالیباف

تہران (این این آئی) ایران نے کہا ہے کہ جب تک اس کی شرائط پوری نہیں کی جاتیں اور امریکا کی جانب سے کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد نہیں ہوتا، آبنائے ہرمز دوبارہ نہیں کھولی جائے گی۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق میڈیا سے بات چیت میں پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا کہ ایران کو (بقیہ نمبر28 صفحہ 6 پر)

سابق ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل، عبدالرحیم کاکڑ و دیگر آرٹ سکول روڈ پر امپریس سینٹر سیکوٹی کا افتتاح کر رہے ہیں

عراق میں داعش کے مشتبہ چھ فرانسیسی شہریوں کے مقدمے کی سماعت شروع

450 شامی شہری رہا کر دیے جائیں گے کیونکہ تحقیقات میں ان کے خلاف ثبوت نہیں ملے، عدلیہ

بغداد (این این آئی) چھ فرانسیسی شہریوں کے مقدمے کی سماعت شروع ہوگئی ہے جیسا کہ عراق داعش کے ہزاروں مشتبہ ارکان کے خلاف قانونی کارروائی کی جانب بڑھ رہا ہے۔ عراق کے قید خانے جو پہلے ہی داعش کے مشتبہ ارکان سے بھرے پڑے ہیں، وہاں گذشتہ برس سے ہمسایہ ملک شام سے منتقل کردہ مزید ہزاروں قیدی لائے گئے۔ ایک عدالتی ذریعے نے فرانسیسی ٹی وی کو بتایا کہ چھ فرانسیسی شہریوں کے مقدمے کی سماعت اتوار کی صبح شروع ہوئی۔ بغداد میں عدالت کی عمارت کے باہر قیدیوں کو لانے والی گاڑیاں اور فرانسیسی سفارتی گاڑیاں پہنچتے ہوئے دیکھی گئیں۔ اس بڑے گروپ میں ایڈریئن گیہال بھی شامل ہے جس نے داعش کی جانب سے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 6 پر)

امن سے رہیں ورنہ روس جواب دینے پر مجبور ہوگا، پیوٹن کا یورپ کو پیغام

ماسکو اپنے یورپی ہمسایوں کے ساتھ تعاون اور تعلقات بحال کرنے کے لیے تیار ہے، روسی صدر

ماسکو (این این آئی) روسی صدر ولادیمیر پیوٹن نے یورپی ممالک کے ساتھ کشیدگی کم کرنے اور تعلقات بحال کرنے کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ روس کے یورپ یا یورپی ممالک کے خلاف کوئی جارحانہ عزائم نہیں ہیں، تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ روس کو کسی اقدام کا سامنا ہوا تو وہ جواب دینے پر مجبور ہو سکتا ہے۔ فوجی و صنعتی کمیشن کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پیوٹن نے بعض یورپی رہنماؤں پر الزام عائد کیا کہ وہ یوکرین جنگ اور روسی خطرے کو اپنی پالیسیوں کے جواز کے طور پر استعمال کرتے ہوئے روس کے ساتھ ممکنہ جنگ کی تیاری کر رہے ہیں۔ انہوں نے (بقیہ نمبر26 صفحہ 6 پر)

سعودی عرب، چین کے ڈیجیٹل کرنسی پروجیکٹ سے باہر نکل آیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب امریکی دباؤ سے بچنے کے لیے چین کے ڈیجیٹل کرنسی پروجیکٹ سے باہر نکل گیا۔ برطانوی اخبار فنانشل ٹائمز نے دعویٰ کیا کہ سعودی عرب چین کی سربراہی میں قائم ڈیجیٹل کرنسی نیٹ ورک ایم برج سے الگ ہوگیا ہے۔ رپورٹ کے (بقیہ نمبر25 صفحہ 6 پر)

رام اللہ کے قریب فائرنگ، مغربی کنارے کے شمال میں گاڑی سے کچلنے کی کوشش

اسرائیلی فوج نے رام اللہ کے قریب فائرنگ کرنے والے شخص کی تلاش کے لیے مزید نفری روانہ کر دی

رام اللہ (این این آئی) اسرائیل کے زیر قبضہ مغربی کنارے میں کشیدگی ایک بار پھر بڑھ گئی، رام اللہ کے قریب یہودی بستی نفی تسوف میں فائرنگ کے واقعے میں ایک اسرائیلی زخمی ہوگیا، جبکہ حملہ آور کی تلاش کے لیے اسرائیلی فوج نے کارروائی شروع کر دی۔ اسرائیلی فوج نے رام اللہ کے قریب فائرنگ کرنے والے شخص کی تلاش کے لیے مزید نفری روانہ کر دی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ نفی تسوف یہودی بستی میں فائرنگ کے نتیجے میں ایک اسرائیلی زخمی ہوا۔ ان کے مطابق اسرائیلی فورسز نے رام اللہ کے شمال میں عین سینیا اور عطارہ کے داخلی راستے، علاوہ ازیں البیرہ کے راستے بھی بند کر دیے ہیں۔ اسرائیلی ذرائع نے بتایا کہ رام اللہ کے شمال مغرب میں فائرنگ (بقیہ نمبر22 صفحہ 6 پر)

بھارت اور طالبان رجیم کا گھناؤنا چہرہ بے نقاب

طالبان نے ہیبت اللہ اخوندزادہ کی ہدایات پر دہشتگرد گروہوں کے روابط قائم کیے، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت اور طالبان رجیم کا گھناؤنا چہرہ، بھارتی خفیہ ایجنسی را اور طالبان کا دہشتگرد پراکسی نیٹ ورک انٹیلیجنس رپورٹ کے ذریعے بے نقاب ہوگیا ہے، خفیہ تحقیقاتی رپورٹ میں دہشتگرد کارروائیوں کیلئے بھارتی خفیہ ایجنسی را، افغان انٹیلی جنس اور طالبان رجیم کے درمیان رابطے کا انکشاف ہوا ہے، افغان میڈیا نے خفیہ تحقیقاتی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا ہے کہ بھارتی خفیہ ایجنسی را، طالبان جنرل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اور طالبان قیادت پر مشتمل نیٹ ورک 2025 میں قائم ہوا، طالبان انٹیلی جنس نے ہیبت اللہ اخوندزادہ کی ہدایات پر فتنۃ الہندوستان، فتنۃ الخوارج اور دیگر دہشتگرد گروہوں کے روابط قائم کیے۔ افغان میڈیا کے مطابق (بقیہ نمبر15 صفحہ 6 پر)

نیتن یاہو سمیت سیکڑوں اسرائیلی فوج کی سکیورٹی میں مسجد اقصیٰ کے صحن میں داخل

غزہ (این این آئی) مقبوضہ مشرقی القدس میں 570 اسرائیلی آبادکار وزیراعظم نیتن یاہو سمیت اسرائیلی فوج کی حفاظت میں مسجد اقصیٰ کے صحن میں داخل ہو گئے اور تلمودی مذہبی رسومات ادا کیں۔ عرب میڈیا کے مطابق فلسطینی گورنریٹ القدس نے بتایا ہے کہ اسرائیلی وزیراعظم (بقیہ نمبر14 صفحہ 6 پر)

مچھ، چیف انجینئر مواصلات وتعمیرات بشیر ناصر ترقیاتی عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

حوثیوں کے حملے کا مارکیٹ پر اثر، سعودی اور قطری اسٹاک انڈیکس میں بڑی کمی

ریاض (این این آئی) یمن کے حوثیوں کی جانب سے سعودی دارالحکومت ریاض میں میزائل اور ڈرون حملوں کے دعوے کے بعد سعودی عرب سمیت خلیجی ممالک کی اسٹاک مارکیٹس میں مندی دیکھی گئی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق سعودی عرب کا بینچ مارک انڈیکس تاسی کاروبار کے آغاز پر 0.5 فیصد نیچے آ گیا۔ سعودی آرامکو کے حصص میں 0.6 فیصد جبکہ ملک کے سب سے بڑے بینک سعودی نیشنل بینک کے حصص (بقیہ نمبر23 صفحہ 6 پر)

عالمی دباؤ کے باوجود شمالی کوریا کا جوہری پروگرام سے پیچھے ہٹنے سے صاف انکار

شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ ان کی بہن کم یو جونگ کا عالمی ایجنسی پر دوہرے معیار کا الزام عائد

پیانگ یانگ (این این آئی) شمالی کوریا نے اپنی جوہری طاقت کی حیثیت کو ناقابل واپسی قرار دیتے ہوئے جوہری ہتھیاروں کے پروگرام پر تنقید کرنے والی عالمی جوہری توانائی ایجنسی کی قرارداد مسترد کر دی ہے۔ شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ ان کی بہن کم یو جونگ نے عالمی جوہری ایجنسی پر دوہرے معیار کا الزام عائد کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایجنسی امریکا اور جنوبی کوریا کی جوہری سرگرمیوں کو نظرانداز کر رہی ہے جبکہ شمالی کوریا کی جوہری سرگرمیوں کے خلاف قرارداد منظور کی گئی۔ کم یو جونگ نے جنوبی کوریا کے جوہری توانائی سے چلنے والی آبدوزیں حاصل کرنے کے منصوبے کا بھی حوالہ دیا اور اسے شمالی کوریا کے خلاف غیر منصفانہ پالیسی کا حصہ قرار دیا۔ شمالی کوریا کی (بقیہ نمبر16 صفحہ 6 پر)

ایران نے سعودیہ، یمن کو امن کی پیشکش کر دی، نیوکلیئر معاہدہ چھوڑنے پر بھی غور شروع

تہران (این این آئی) ایران کے سکیورٹی چیف محسن رضائی نے کہا ہے کہ ایران جوہری ہتھیاروں کے پھیلاؤ کی روک تھام کے معاہدے سے دستبرداری کے امکان پر غور کر رہا ہے اور اس حوالے سے فیصلہ امریکا کے آئندہ رویے کو دیکھ کر کیا جائے گا۔ عرب ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے محسن رضائی نے کہا کہ ایران اپنے شہید رہنما علی خامنہ ای کے فتوے کے حوالے سے اپنے مؤقف پر اب بھی قائم ہے اور اس میں کوئی تبدیلی نہیں (بقیہ نمبر17 صفحہ 6 پر)

چینی صدر کا امریکا کا اہم دورہ بدھ سے شروع ہوگا

خاتون اول میلانیا ٹرمپ اور پنگ لی یوان کی بھی الگ ملاقات ہوگی، امریکی ٹی وی

واشنگٹن (این این آئی) چین کے صدر کا ایک دہائی سے زیادہ عرصے بعد پہلا سرکاری دورہ امریکا آئندہ ہفتے شروع ہو رہا ہے جس کے دوران وہ وائٹ ہاؤس میں امریکی ہم منصب ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ اہم اور حساس معاملات پر مذاکرات کے علاوہ غیر رسمی رابطے بھی بڑھائیں گے۔ امریکی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق سینئر امریکی انتظامی حکام نے گزشتہ روز صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ بدھ کو جب شی جن پنگ کا طیارہ واشنگٹن کے مضافات میں واقع جوائنٹ بیس اینڈریوز پر اترے گا تو صدر ٹرمپ استقبال کے لیے خود وہاں موجود ہوں گے اور چینی ہم منصب کا خیر مقدم کریں گے، یہ غیر معمولی بات ہے کیونکہ صدر ٹرمپ عموماً غیر ملکی سربراہان سے وائٹ ہاؤس میں ملاقات کرتے ہیں۔ دورے کا اہم ترین مرحلہ جمعرات کو ہوگا جب صدر ٹرمپ اور خاتون اول میلانیا ٹرمپ استقبالیہ تقریب میں صدر شی جن پنگ اور ان کی اہلیہ پنگ لی یوان کا خیر مقدم کریں گے۔ صدر ٹرمپ اور صدر شی جن پنگ روز گارڈن میں فوجی دستوں کا معائنہ بھی کریں گے جس کے بعد دونوں رہنما (بقیہ نمبر19 صفحہ 6 پر)

دبئی میں آئی فون 18 کی فروخت کا پہلا دن، فونز بلیک مارکیٹ میں 3 ہزار درہم تک مہنگے

دبئی (این این آئی) نامور موبائل فون کمپنی ایپل کے نئے آئی فون 18 کی عالمی سطح پر فروخت کے ساتھ ہی متحدہ عرب امارات (یو اے ای) اور خاص طور پر دبئی میں اس نے زبردست انٹری دی۔ عرب میڈیا رپورٹس کے مطابق نئے آئی فون کی آمد کے ساتھ ہی ری سیل مارکیٹ میں ایک نیا طوفان برپا ہوگیا۔ دبئی میں تمام اہم ایپل اسٹورز کے باہر ہزاروں افراد نئے آئی فون (بقیہ نمبر20 صفحہ 6 پر)

ایران نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں شرکت کو اپنا حق قرار دے دیا

نیویارک کا دورہ اس انداز میں ہونا چاہیے کہ اسے ایران کی کمزوری کی علامت نہ سمجھا جائے، اسماعیل بقائی

تہران (این این آئی) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کرنا ایران کا حق ہے۔ ان کا بیان امریکا کی جانب سے ایرانی وفد کو نیویارک کے دورے کے لیے ویزے جاری کیے جانے کے بعد سامنے آیا۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ ایرانی سفارت کاروں کے لیے نیویارک کا سفر کوئی خاص کشش نہیں رکھتا، تاہم اقوام متحدہ ایک ایسا عالمی فورم ہے جسے ایران کو چھوڑنا نہیں چاہیے۔ بقائی کے مطابق اقوام متحدہ کے اجلاس میں شرکت ایران کا حق ہے اور وہاں ایرانی قوم کے مؤقف کو واضح انداز میں پیش کیا جائے گا۔ ایرانی ترجمان نے کہا کہ نیویارک کا دورہ اس انداز میں ہونا چاہیے کہ اسے ایران کی کمزوری (بقیہ نمبر21 صفحہ 6 پر)

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی بڑھنے کا خدشہ، امریکا نے اپنے شہریوں کیلئے وارننگ جاری کر دی

ابوظہبی (این این آئی) امریکی سفارتخانے ابوظہبی نے مشرق وسطیٰ میں موجود امریکی شہریوں اور سفارتی مراکز کے حوالے سے نئی وارننگ جاری کر دی۔ امریکی حکام کے مطابق مشرق وسطیٰ میں کشیدگی اچانک بڑھنے کا خدشہ ہے، جبکہ امریکی سفارتی مراکز، قونصل خانوں اور سفارتخانوں کو بھی نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ (بقیہ نمبر18 صفحہ 6 پر)

یوکرین کا روس میں سینکڑوں ڈرونز سے حملہ، 2 افراد ہلاک

ماسکو کے آئل ریفائنری کمپلیکس کو بھی نقصان پہنچا، یوکرین باضابطہ ذمہ داری قبول نہیں کی

کیف/ماسکو (این این آئی) روس کے پارلیمانی انتخابات کے آخری روز یوکرین کی جانب سے مبینہ طور پر ایک بڑے ڈرون حملے میں ماسکو اور اس کے گردونواح کو نشانہ بنایا گیا۔ روسی حکام کے مطابق ہفتے سے اب تک 1,600 سے زیادہ ڈرونز مار گرائے گئے، جن میں تقریباً 450 ماسکو کی جانب آ رہے تھے۔ ماسکو کے ایک آئل ریفائنری کمپلیکس کو نقصان پہنچا۔ ماسکو کے علاقے میں ایک ڈرون رہائشی عمارت سے ٹکرایا، جس کے بعد تقریباً 400 افراد کو نکالا گیا۔ روسی حکام کے مطابق ماسکو ریجن میں 2 افراد ہلاک ہوئے۔ دوسری جانب یوکرین نے اس حملے کی باضابطہ ذمہ داری قبول نہیں کی۔ حملہ ایسے وقت ہوا جب روس میں 18 سے 20 ستمبر تک تین روزہ پارلیمانی انتخابات جاری ہیں۔

رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ اسلام آباد لانگ مارچ کے حوالے سے ذمہ داران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ عوام

081-2832244 ‏081-2822255 ‏051-2890427 ‏051-2890437 ‏32266 ‏32755

پیر 21 ستمبر 2026ء

انسداد پولیو مہم

پولیو کے خاتمہ کے لئے بلوچستان میں انسداد پولیو مہم میں اس عزم کا اظہار کیا جارہا ہے کہ پانچ سال کی عمر کے کسی بھی بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے محروم نہ رہنے دیا جائے گا، پولیو کے مہلک مرض کے خاتمے کے لئے محکمہ صحت، اضلاع کی انتظامیہ عالمی ادارہ صحت، یونیسیف اور دیگر متعلقہ اداروں کے درمیان موثر رابطہ کاری کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا جارہا ہے، کمشنر کوئٹہ ذیشان لاشاری نے کہا ہے کہ فیلڈ میں ٹیموں کی نگرانی موثر انداز میں یقینی بنائی جائے۔ پولیو کا مرض صرف پاکستان اور افغانستان میں باقی رہ گیا ہے، پوری دنیا سے اس بیماری کا خاتمہ ہو چکا ہے، تلخ حقیقت یہ ہے کہ پولیو کے مرض سے بچاؤ کی ویکسین بارے بے بنیاد پروپیگنڈا کرکے اس مہم کو سبوتاژ کیا جاتا رہا ہے، بعض دشمن عناصر انسداد پولیو کی ٹیموں اور سیکورٹی اہلکاروں پر حملے کرتے رہے ہیں، حکومت نے تمام تر رکاوٹوں کے باوجود پولیو کی مہم کو متاثر نہیں ہونے دیا۔ یہ کوشش کی جارہی ہے کہ بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کے لئے ہر صورت کوششوں کو نہ صرف جاری رکھا جائے، بلکہ مزید وسعت دی جائے۔ بلوچستان کی وسیع سرحدیں افغانستان کے ساتھ ملتی ہیں، وہاں سے آنے والے افغان باشندے اپنے ساتھ پولیو کا وائرس بھی لے کر آتے ہیں، ہمیں توقع ہے کہ سرحدی علاقوں میں انسداد پولیو مہم کو مزید مربوط بنایا جائیگا، علما اور علاقائی میڈیا کا تعاون حاصل کرنا بھی ضروری ہے۔

صفائی کی ابتر صورتحال

صوبائی دارالحکومت میں صفائی کی صورتحال روز بروز ابتر ہوتی جارہی ہے، سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر کچرے کے ڈھیر اور نالیوں سے نکلتا ہوا گندا پانی بہتا دکھائی دیتا ہے۔ ہم میٹروپولیٹن کارپوریشن کے حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ صفائی کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

نیشنل ایکشن پلان کی کامیابیاں

تحریر۔ حیدر علی

دہشتگردی اس وقت کسی ایک ملک یا خطہ کا مسئلہ نہیں رہا۔ بلکہ دنیا میں یہ مسئلہ آئے روز بڑھتا جارہا ہے۔ اور اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ پوری دنیا میں دہشتگردی کیخلاف جتنی قربانیاں پاکستان نے دی ہیں یاد رہے رہا ہے اس کی مثال نہیں ملتی۔ جہاں دہشتگردی کا عفریت دنیا میں بڑھتا جارہا ہے وہیں اس ناسور کے چند سہولتکار بھی ہیں۔ خصوصاً جہاں پاکستان اس ناسور کا قلع قمع کررہا ہے تو وہیں خطہ کے امن کا سب سے بڑا دشمن بھارت نہ صرف دہشتگردوں کا سہولتکار ہے بلکہ دہشت گردی میں بھرپور ملوث ہے اور دہشتگردی کیلئے فنڈ ریزنگ بھی کررہا ہے۔ اس حوالے سے کلبھوشن یادیو جیسے کردار بھارت کا بھیانک چہرہ پوری دنیا پر واضح کرچکے ہیں۔ خیر۔ آج تو اقوام عالم بھی بخوبی جان چکی ہیں کہ کون دہشتگردی کا ہمیشہ کیلئے قلع قمع کررہا ہے، امن کے حوالے سے قربانیاں دے رہا ہے اور کون فالس فلیگ آپریشنز کرنیوالا، لاکھوں کشمیریوں کا قاتل، دہشتگردوں کا سہولتکار اور آبی دہشت گردی میں ملوث ہے۔ دہشتگردی کیخلاف جنگ میں جہاں پاکستان کی غیور عوام، افواج پاکستان، سیکورٹی اداروں، سیاستدانوں، بیوروکریسی حتی کہ ہر شعبہ سے منسلک پاکستانیوں اور ننھے شہدا کی قربانیاں بھی شامل ہیں۔ 16دسمبر 2014 آرمی پبلک سکول پشاور پر دہشتگردوں کے حملہ نے تو نہ صرف پوری پاکستانی قوم بلکہ دنیا کے دل چھلنی کیے۔ اس سانحہ میں 130 سے زائد معصوم بچوں سمیت 140 سے زائد افراد شہید ہوئے تھے۔ اس قومی المیے کے بعد فوری طور پر اس وقت کے وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد نواز شریف کی سربراہی میں آل پارٹیز کانفرنس (APC) بلائی گئی، جس میں تمام سیاسی جماعتوں اور عسکری قیادت نے مشترکہ طور پر ایک ایسے لائحہ عمل پر اتفاق کیا جو صرف فوجی آپریشنز تک محدود نہ ہو بلکہ انتہا پسندی کی جڑوں کو مکمل طور پر ختم کرے۔ جنوری 2015 میں نیشنل ایکشن پلان کا باقاعدہ آغاز کیا گیا جس میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے فوجی عدالتوں کا قیام، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم اتھارٹی کو مضبوط اور فعال بنانا، انٹرنیٹ، سوشل میڈیا اور فرقہ واریت پھیلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی، دہشت گردوں کی مالی معاونت کا خاتمہ، دہشت گردوں اور ان کے نظریات کی میڈیا پر تشہیر پر مکمل پابندی، سابقہ فاٹا کو صوبہ خیبر پختونخوا میں ضم کرنے کے لیے اصلاحات، افغان پناہ گزینوں کی رجسٹریشن اور ان کی وطن واپسی کے لیے جامع پالیسی بنانا شامل تھا۔ نیشنل ایکشن پلان کے ان گیارہ سالوں میں پاکستان کو دہشتگردی کی جنگ کیخلاف بہترین کامیابیاں ملیں جس کی بدولت نہ صرف دہشت گردی میں نمایاں کمی ہوئی بلکہ آپریشن 'ضرب عضب' اور 'ردالفساد' کے تحت ملک بھر میں دہشت گردوں کے نیٹ ورکس کو تباہ کیا گیا، جس سے دھماکوں اور ٹارگٹ کلنگ میں ریکارڈ کمی آئی ہے۔ ''پیغام پاکستان'' کے ذریعے انتہاپسندانہ نظریات کا مکمل رد کیا گیا اور واضح کیا گیا کہ اسلام کے نام پر معصوموں کا خون بہانا حرام ہے۔ عصر حاضر میں خطہ میں مختلف تبدیلیوں کے بعد حکومت پاکستان نے آپریشن عزم استحکام اور نیشنل ایکشن پلان کے نئے وژن پر کام شروع کردیا ہے۔ جس میں نہ صرف پاکستان کے دشمنوں، فتنہ الہندوستان، فتنہ الخوارج کے بچے کھچے دہشتگردوں کا قلع قمع کیا جارہا ہے تو وہیں مادر عزیز میں امن وامان کے حوالے سے دوررس نتائج مل رہے ہیں۔ عصر حاضر میں جہاں پاکستان نے اپنے سے دس گنا بڑے دشمن اور خطہ میں دہشتگردوں کے سب سے بڑے سہولتکار بھارت کو ایک دفعہ پھر آپریشن بنیان مرصوص اور معرکہ حق میں عبرتناک شکست سے دوچار کیا ہے تو وہیں دہشتگردی کی جنگ بھی فیصلہ کن مراحل میں داخل ہوچکی ہے۔ پاکستان کی چٹان صفت مسلح افواج، سیکیورٹی ادارے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے بھرپور کام کررہے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ کسی بھی ملک کی ترقی و کامرانی کیلئے وہاں امن وامان کی فضا برقرار ہونا لازمی ہے اور اس حوالے سے بھی نیشنل ایکشن پلان کے تحت پاکستان نے قابل قدر کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف اور ان کی ٹیم کی بدولت نہ صرف بین الاقوامی سرمایہ کاری سے پاکستان کی معیشت مضبوط ہورہی ہے وہیں سی پیک جیسے عظیم الشان منصوبے پر بھی برق رفتاری سے کام جاری ہے۔ اس حوالے سے پوری پاکستانی قوم کی یکجہتی اور حکومت پاکستان اور پاکستان کی چٹان صفت مسلح افواج پر بھرپور اعتماد کی بدولت ہی تمام تر کامیابیاں ممکن ہوئیں۔ آج وقت کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں بھی نیشنل ایکشن پلان کی کامیابی کیلئے حکومت پاکستان کے ساتھ تعاون جاری رکھیں۔ انشاء اللہ آنیوالے سال پاکستان کی ترقی وخوشحالی کے سال ہوں گے اور پاکستان کے دشمن ہر میدان میں ناکام ونامراد رہیں گے۔ ☆

آج کا پاکستان اور بدلتی ہوئی دنیا

تحریر۔ محمد اکرم چوہدری

آج پاکستان اور دنیا ایک ایسے دور سے گزر رہے ہیں جہاں تبدیلی کی رفتار غیر معمولی طور پر تیز ہے سیاست، معیشت، ٹیکنالوجی، جنگ و امن، موسمیاتی تبدیلی اور معاشرتی رویے، تقریباً ہر شعبہ کسی نہ کسی تبدیلی کی زد میں ہے چند سال پہلے تک جن مسائل کو مستقبل کا مسئلہ سمجھا جاتا تھا، آج وہ ہمارے دروازے پر کھڑے ہیں پاکستان کے عام شہری کے لیے سب سے اہم سوال یہ نہیں کہ دنیا کس سمت جارہی ہے، بلکہ یہ ہے کہ ان عالمی اور قومی تبدیلیوں کا اس کے گھر، روزگار، بچوں کی تعلیم اور مستقبل پر کیا اثر پڑے گا۔

پاکستان میں عام آدمی کی زندگی کا سب سے نمایاں مسئلہ معاشی دباؤ ہے گھر کا بجٹ بنانا پہلے بھی آسان نہیں تھا، لیکن اب خوراک، بجلی، گیس، تعلیم، علاج، ٹرانسپورٹ اور رہائش کے اخراجات نے متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کے لیے مشکلات بڑھا دی ہیں تنخواہ دار طبقہ اپنی آمدنی اور اخراجات کے درمیان توازن قائم کرنے کی کوشش میں مصروف ہے، جبکہ چھوٹے کاروباری افراد کے لیے کاروباری لاگت، قوت خرید اور مارکیٹ کی غیر یقینی صورتحال اہم مسائل ہیں ایسے ماحول میں معاشی اعداد وشمار سے زیادہ اہم وہ حقیقت ہے جو بازار، دکان، گھر اور باورچی خانے میں محسوس ہوتی ہے۔

معیشت کا تعلق صرف حکومت یا بڑے کاروباری اداروں سے نہیں ہوتا ایک مزدور کی یومیہ اجرت، ایک نوجوان کی پہلی ملازمت، ایک کسان کی فصل، ایک دکاندار کی فروخت اور ایک خاندان کی ماہانہ بچت بھی معیشت ہی کی تصویر پیش کرتی ہے پاکستان کو دیرپا معاشی بہتری کے لیے ایسی بنیاد درکار ہے جس میں صنعت، زراعت، برآمدات، چھوٹے کاروبار، جدید ٹیکنالوجی اور ہنرمند افرادی قوت ایک دوسرے کا سہارا بنیں وقتی اقدامات کچھ عرصے کے لیے آسانی پیدا کرسکتے ہیں، مگر مستقل ترقی کے لیے طویل مدتی منصوبہ بندی ناگزیر ہے۔

پاکستان کا سب سے قیمتی سرمایہ اس کی نوجوان نسل ہے ہمارے نوجوان صرف ملازمت کے امیدوار نہیں، بلکہ کاروباری افراد، سائنس دان، انجینئر، ڈاکٹر، استاد، ہنرمند اور تخلیق کار بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں مسئلہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب تعلیم اور عملی زندگی کے تقاضوں کے درمیان فاصلہ بڑھ جائے ڈگری حاصل کرنے کے بعد بھی اگر نوجوان کے پاس مارکیٹ میں درکار مہارت نہ ہو تو تعلیم اپنے بنیادی مقصد کا ایک حصہ کھو دیتی ہے اسی لیے تعلیم کے ساتھ فنی تربیت، ڈیجیٹل مہارت، زبان، تحقیق، تنقیدی سوچ اور کاروباری صلاحیت کو فروغ دینا ضروری ہے۔

ٹیکنالوجی کی دنیا میں مصنوعی ذہانت ایک بڑی تبدیلی بن کر سامنے آئی ہے کمپیوٹر اب صرف حساب کتاب یا معلومات محفوظ کرنے کا ذریعہ نہیں رہا مصنوعی ذہانت لکھنے، ترجمہ کرنے، تحقیق، پروگرامنگ، کاروباری تجزیے اور کئی دوسرے کاموں میں استعمال ہورہی ہے اس تبدیلی سے بعض روایتی ملازمتوں کی نوعیت تبدیل ہوگی، لیکن نئے شعبے اور نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے پاکستان کے لیے اصل سوال یہ ہے کہ ہم اس تبدیلی کے صرف صارف رہیں گے یا اس میں اپنا حصہ بھی پیدا کریں گے اگر نوجوانوں کو جدید مہارتیں فراہم کی جائیں تو ڈیجیٹل معیشت پاکستان کے لیے آمدنی اور روزگار کا اہم ذریعہ بن سکتی ہے۔

دوسری جانب دنیا کا سیاسی ماحول بھی غیر یقینی کا شکار ہے مختلف خطوں میں جنگیں، مسلح تنازعات اور بڑی طاقتوں کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی صرف متعلقہ ممالک تک محدود نہیں رہتی ان کے اثرات تیل اور گیس کی قیمتوں، عالمی تجارت، خوراک، نقل وحمل اور سرمایہ کاری تک پہنچتے ہیں آج دنیا اس قدر باہم منسلک ہوچکی ہے کہ ہزاروں کلومیٹر دور ہونے والا واقعہ بھی پاکستان جیسے ملک کے بازار اور معیشت کو متاثر کرسکتا ہے۔

اس عالمی ماحول میں پاکستان کے لیے متوازن اور حقیقت پسندانہ خارجہ تعلقات اہم ہیں پاکستان کا جغرافیائی محل وقوع اسے جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا، چین، مشرق وسطی اور بحیرہ عرب کے درمیان ایک اہم مقام دیتا ہے اس جغرافیے کو صرف سیاسی نقطہ نظر سے دیکھنے کے بجائے تجارت، علاقائی رابطوں، توانائی اور معاشی تعاون کے مواقع کے طور پر بھی دیکھنا چاہیے دنیا میں وہ ممالک زیادہ فائدہ اٹھاتے ہیں جو اپنے قومی مفادات کے ساتھ اقتصادی امکانات کو بھی سمجھتے اور طویل مدت کے لیے منصوبہ بندی کرتے ہیں۔

پاکستان کے لیے ایک اور بڑا مسئلہ موسمیاتی تبدیلی ہے کبھی غیر معمولی بارشیں، کبھی سیلاب، کبھی شدید گرمی اور کبھی پانی کی قلت ہمیں یاد دلاتی ہے کہ ماحول کا مسئلہ اب محض سائنسی بحث نہیں رہا اس کا براہ راست تعلق زراعت، خوراک، صحت، شہروں، بجلی اور معیشت سے ہے بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ پانی کا بہتر استعمال، درختوں اور قدرتی ماحول کا تحفظ، شہری منصوبہ بندی اور قدرتی آفات سے نمٹنے کی تیاری مزید اہم ہوتی جارہی ہے۔

معاشرتی سطح پر بھی ہمیں اپنے رویوں کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے سوشل میڈیا نے ہر شخص کو اپنی بات دوسروں تک پہنچانے کی طاقت دی ہے، لیکن اسی کے ساتھ غلط معلومات، افواہوں اور شدید اختلاف کا مسئلہ بھی بڑھا ہے کسی خبر کو پڑھ کر فوراً آگے بھیج دینا آسان ہے، مگر اس کی حقیقت جانچنا زیادہ ضروری ہے اختلاف رائے کسی بھی معاشرے میں فطری ہے، لیکن اختلاف کو دشمنی میں بدل دینا معاشرے کو تقسیم کرتا ہے ہمیں ایسے ماحول کی ضرورت ہے جہاں لوگ مختلف خیالات رکھنے کے باوجود ایک دوسرے کی بات سن سکیں۔

ملک کی بہتری کا سارا بوجھ صرف حکومتوں پر ڈال دینا بھی کافی نہیں حکومت اور اداروں کی ذمہ داریاں اپنی جگہ اہم ہیں، لیکن شہریوں کی ذمہ داریاں بھی موجود ہیں قانون کی پابندی، دیانت داری، ٹیکس اور شہری ذمہ داریوں کی ادائیگی، صفائی، تعلیم، دوسروں کے حقوق کا احترام اور اپنے کام میں معیار پیدا کرنا بظاہر چھوٹے اقدامات ہیں، مگر یہی اقدامات اجتماعی طور پر کسی قوم کی پہچان بن جاتے ہیں۔

پاکستان کے مسائل یقیناً بڑے ہیں، لیکن امکانات بھی کم نہیں۔ زرخیز زمین، نوجوان آبادی، قدرتی وسائل، سمندر تک رسائی، بیرون ملک پاکستانیوں کا تجربہ، کاروباری صلاحیت اور تیزی سے بڑھتی ڈیجیٹل آگاہی ایسی قوتیں ہیں جنہیں درست سمت دی جائے تو ملک کی معاشی اور سماجی تصویر بدل سکتی ہے اس کے لیے پالیسیوں کا تسلسل، بہتر حکمرانی، معیاری تعلیم، انصاف، تحقیق اور میرٹ کو اہمیت دینا ہوگی۔

آج کی دنیا کسی کا انتظار نہیں کرتی۔ جو قومیں علم، ٹیکنالوجی، نظم وضبط اور منصوبہ بندی میں سرمایہ کاری کرتی ہیں، وہ بدلتے حالات میں اپنے لیے نئے راستے پیدا کرتی ہیں پاکستان کے سامنے بھی یہی انتخاب موجود ہے کہ ہم ہر نئے بحران کے بعد صرف وقتی حل تلاش کریں یا اپنی بنیادی کمزوریوں کو دور کر کے مستقبل کی تیاری کریں۔

مایوسی مسائل کا حل نہیں اور محض امید بھی کافی نہیں امید کو عمل، علم اور ذمہ داری کے ساتھ جوڑنا ضروری ہے۔ پاکستان کا مستقبل کسی ایک فرد، جماعت، حکومت یا ادارے سے وابستہ نہیں یہ کروڑوں شہریوں کے اجتماعی فیصلوں، محنت اور رویوں سے تشکیل پاتا ہے اگر ہم تعلیم کو ترجیح دیں، نوجوانوں کو مواقع فراہم کریں، معیشت کو مضبوط بنیادوں پر استوار کریں، اختلاف کو برداشت کرنا سیکھیں اور دنیا میں آنے والی تبدیلیوں کے لیے خود کو تیار کریں تو مشکلات کے باوجود آگے بڑھنے کی گنجائش موجود ہے۔

آج کا پاکستان مشکلات اور امکانات دونوں کی تصویر ہے، جبکہ آج کی دنیا خطرات اور مواقع دونوں اپنے ساتھ لائی ہے اصل کامیابی اس بات میں ہوگی کہ ہم حالات کا صرف تماشائی بننے کے بجائے انہیں سمجھیں، اپنی کمزوریوں سے سیکھیں اور اپنی صلاحیتوں کو استعمال کریں۔ قوموں کی تقدیر ایک دن میں نہیں بدلتی، لیکن درست سمت میں اٹھایا جانے والا ہر قدم آنے والے کل کی بنیاد ضرور بنتا ہے۔

☆☆☆☆

ملک میں نئے صوبے اور نئی طرز حکمرانی کی ضرورت!

تحریر۔ آصف رفیق

پاکستان میں حکمرانی اور سیاست کا یہ طرز عمل بہت پرانا ہے کبھی حکمران عوام کو لسانی اور فرقہ وارانہ بنیادوں پر تقسیم کر کے انہیں آپس میں لڑاتے ہیں تو کبھی عالمی کساد بازاری جنگوں اور دیگر حیلے بہانوں سے بے جا ٹیکسز کی صورت میں عوام پر پریشر ڈالے رکھتے ہیں تاہم سوشل میڈیا کی بدولت پاکستانی عوام میں کافی حد تک شعور اجاگر ہو چکا ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ پاکستان میں اب مزید نئے صوبوں کی ضرورت کو شدت سے محسوس کیا جارہا ہے لیکن اس معاملے میں اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ اختیارات اور وسائل کو مزید گہری نچلی سطح تک منتقل کرنا ضروری ہے کیونکہ نئی حد بندی صوبائی دارالحکومت تک فاصلے کو بھی کم کرے گی اور پھر ریاست اور شہریوں کے درمیان فاصلہ صرف بااختیار مقامی حکومتیں ہی کم کرسکتی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ملک میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق ہونے والی بحث کا اصل موضوع نئی طرز حکمرانی، نمائندگی اور سیاسی و مالی اختیارات کی تقسیم ہونا چاہیے تاکہ مزید صوبوں کے قیام سے انتظامی فاصلے کم کرنے اور علاقائی مطالبات پورے کرنے میں مدد حاصل ہوسکے۔ تاہم صرف نئے صوبوں کے قیام سے عوامی خدمات یا ترقیاتی نتائج میں اس وقت تک خود بخود بہتری نہیں آئے گی جب تک اختیارات کو بااختیار مقامی حکومتوں کے ذریعے نچلی سطح تک منتقل نہیں کردیا جاتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت ملک میں اصل چیلنج یہ نہیں ہے کہ پاکستان میں کتنے صوبے ہونے چاہئیں؟ بلکہ یہ ہے کہ اختیارات وسائل اور جواب دہی کو شہریوں کے کتنے قریب لایا جاسکتا ہے۔ پاکستان میں ایک بار پھر یہ بحث زور پکڑ رہی ہے کہ آیا موجودہ چار صوبوں کا ڈھانچہ ایک ایسے ملک کیلئے موزوں ہے جہاں آبادی بہت زیادہ، علاقائی تنوع نمایاں اور جغرافیہ معاشی سرگرمیوں اور انتظامی صلاحیت میں واضح تفاوت پایا جاتا ہے۔ تاہم ملک میں نئے صوبوں کے قیام سے عوام کو نئی قیادت اور بہتر انتظامی مواقع فراہم کئے جاسکتے ہیں۔ جس کے ذریعے ایک طرف عوام کو درپیش بنیادی مسائل کا حل ممکن ہوگا تو دوسری جانب برسوں سے چند ہی خاندانوں کے گرد گھومنے والی موروثی سیاست اور حکمرانی بھی کمزور ہوگی اور پھر آہستہ آہستہ موروثی سیاست کا خاتمہ بھی ہوجائیگا۔ نئے صوبوں کی تشکیل کسی لسانی یا نسلی بنیاد پر نہیں بلکہ انتظامی بنیادوں پر ہونی چاہیے تاکہ اختیارات اور وسائل کو نچلی سطح پر منتقل کر کے عوام کو حکمرانوں کے قریب لایا جاسکتا ہے اور مقامی سطح پر نئی قیادت کو آگے بڑھنے کے مواقع میسر آسکتے ہیں۔ جب سے پاکستان میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق بحث شروع ہوئی ہے موروثی سیاست کرنے والوں کے ایوانوں میں کہرام مچ ہوا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نئے صوبوں کا تصور بعض سیاسی خاندانوں کیلئے ایک چیلنج کی حیثیت اختیار کرتا جارہا ہے مزید صوبوں کا قیام ایسے خاندانوں اور لوگوں کیلئے ایک ڈراؤنا خواب بنتا جارہا ہے جو دہائیوں سے مخصوص علاقوں میں اپنی سیاسی بالادستی قائم کئے ہوئے ہیں اور اسی سیاست کے ذریعے کھربوں پتی بن چکے ہیں۔ اس قسم کی سیاست کے معاملے میں پورے ملک کا یہی حال ہے۔ سب دیکھ رہے ہیں کہ سندھ میں پیپلز پارٹی کی طویل حکمرانی کے باوجود عوام آج بھی بنیادی سہولیات بہتر انفراسٹرکچر اور موثر انتظامی نظام کیلئے پریشان ہیں عوام اپنے جائز مسائل حل کرانے کیلئے مارے مارے پھر رہے ہیں۔ مسائل حل ہونے کے بجائے ان میں اضافہ کیا جارہا ہے۔ تاہم پاکستان کے سنجیدہ اور باشعور حلقوں میں یہ احساس بڑھ رہا ہے کہ ملک کو انتظامی بنیادوں پر بہتر تقسیم اختیارات اور وسائل کی نچلی سطح تک منتقلی اور نئی قیادت کے مواقع کی ضرورت ہے۔ نئے صوبے میرٹ انتظامی ضرورت اور عوامی مفاد کو سامنے رکھتے ہوئے بنائے جائیں تو یہ پاکستان میں گورننس ترقی اور سیاسی نمائندگی کے نظام کو مزید موثر بنانے کی سمت ایک مثبت قدم ثابت ہوسکتے ہیں۔ ملک کے سیاسی و معاشی اور سماجی حالات نے ہر شخص کو پریشانی میں مبتلا کر رکھا ہے دوسری جانب حکمرانوں کی عیاشیاں ختم ہونے کا نام نہیں لے رہیں صوبائی سطح پر صوبے اپنے اپنے ذاتی مفادات کا تحفظ کررہے ہیں جبکہ 18 ویں ترمیم کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے صوبے اختیارات غلط استعمال کررہے ہیں صوبوں کے وسائل کا استعمال اس طرز پر کیا جارہا ہے کہ کاغذوں میں سب کچھ ہورہا ہے لیکن عملی طور پر اس کی نظیر کہیں نہیں ملتی۔ دوسری جانب اقتدار پر قابض سیاستدانوں نے پولیس کے کردار کو بھی سیاسی رنگ میں بدل دیا ہے آئین اور قانون کو امیر اور غریب کے علیحدہ کردیا گیا ہے غریب انصاف کیلئے دھکے کھا رہا ہے جبکہ امیر دولت اور اثرورسوخ کی بنیاد پر آزادی سے گھوم رہا ہے یہی وجوہات عوام کے دلوں میں حکمرانوں کیلئے نفرت کو بڑھا رہی ہیں۔ پاکستان میں جس تیزی کے ساتھ آبادی بڑھ رہی ہے اس لحاظ سے ملک میں نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہوتا جارہا ہے یہ کہنا کہ نئے صوبوں کے قیام سے کسی کی وحدانیت کو نقصان پہنچے گا تو ایسے لوگوں کو یہ بات بھی سمجھنے کی ضرورت ہے انہوں نے صوبوں میں عوام کے بنیادی مسائل حل کرنے کیلئے کیا ہے؟ انہوں نے ابھی تک مسائل حل کیوں نہیں کئے؟ جبکہ حکمران خود انفرادی طور پر جائیدادوں کے مالک بنتے جارہے ہیں؟ اور عوام غریب سے غریب تر ہوتی جارہی ہے اہل اقتدار میں رہنے والے لوگوں نے اپنی طرز حکمرانی اور طرز سیاست سے ہمیشہ یہی ثابت کیا ہے کہ انہیں عوام اور ملک کو درپیش مسائل سے کوئی دلچسپی نہیں ہے انہیں صرف اپنی جیبیں بھرنی ہیں انہیں اپنے سیاسی و سماجی مفادات کا تحفظ کرنا ہے سیاسدانوں کی اس خودغرضی کے باعث عوام پریشانی کا شکار چلے آرہے ہیں عوام کے مسائل حل ہونے کے بجائے ان میں اضافہ کیا جارہا ہے یہ کیسا نظام ہے جس میں ایک غریب ساری زندگی غریب ہی رہتا ہے جبکہ امیر امیر ترین بن جاتا ہے؟ یہ بہت بڑا اور کھلا تضاد ہے حقیقت تو یہ ہے کہ ملک میں سیاستدانوں کی اکثریت کرپٹ اور مفاد پرست ہے جنہیں نہ تو ملک کی کوئی فکر ہے اور نہ ہی عوام کی اگر انہیں فکر ہے تو صرف اور صرف اپنے ذاتی مفادات کی جس کی تکمیل کیلئے یہ ہر حد پار کرنے کیلئے تیار نظر آتے ہیں لیکن عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے کچھ نہیں کرتے عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ لاد کر پھر انہی عوام کو قومی خزانوں سے صدقہ اور خیرات دینے کی کوشش کرتے ہیں آج ایک غریب ترین شخص بھی حکومت کو اپنی آمدنی کا نصف سے زائد حصہ مختلف ٹیکسوں کی مد میں ادا کررہا ہے لیکن اس کے باوجود اسے کیا سہولیات حاصل ہیں؟ اکثریت عوام کی ماہانہ آمدنی اتنی کم ہے کیونکہ یوٹیلیٹی بلز میں نام نہاد ٹیکسز کی بھرمار ہے یہی وجہ ہے کہ عام آدمی یوٹیلیٹی بلز ادا کرنے سے بھی قاصر ہے اگر ایک عام تجزیہ کیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ ایک عام آدمی حکومت کو اپنی ذاتی آمدنی کا نصف یا اس سے بھی زائد حصہ ٹیکسوں کی صورت میں ادا کرنے پر مجبور ہے۔ تاہم نئے صوبوں کا معاملہ صرف انتظامی نہیں بلکہ سیاسی اور معاشی طاقت کی تقسیم سے بھی جڑا ہیں لہٰذا نئے صوبوں کا مطلب نئی حکومتیں اور اسمبلیاں ہی جبکہ وفاق میں سیاسی نمائندگی اور قومی وسائل کی تقسیم بھی متاثر ہوسکتی ہے۔ صوبائی سرحدوں میں تبدیلی سے پانی ٹیکسوں اور قدرتی وسائل کی تقسیم جیسے پرانے تنازعات بھی دوبارہ سامنے آسکتے ہیں۔ تاہم اس حوالے سے سیاسی مزاحمت اور نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کے قیام کی مخالفت روکنے کیلئے پیشگی اقدامات کرنا ہوں گے۔

☆☆☆☆

نظریاتی صحافت کا سرخیل: الطاف حسن قریشی

تحریر۔ عبدالغفور چوہدری

جناب الطاف حسن قریشی مرحوم کو کون نہیں جانتا۔ انہیں بابائے صحافت بھی کہا جاتا تھا۔ وہ پاکستان کی صحافتی دنیا کی ایک لاثانی ہستی تھے۔ ان جیسا نہ کوئی تھا اور نہ ہی کوئی ہے۔ وہ 03۔ مارچ 1932 کو ضلع حصار، متحدہ ہندوستان میں پیدا ہوئے۔ اور قیام پاکستان کے بعد لاہور آگئے۔ ماہنامہ "اردو ڈائجسٹ" ان کی پہچان تھا۔ یہ عظیم ہستی مورخہ 16۔ مئی 2026 کو ہم سے ہمیشہ کے لیے جدا ہوگئی۔ ان کی رحلت پر ملک کے سینکڑوں دانشوروں نے انہیں خراج تحسین پیش کیا، لیکن جماعت اسلامی پنجاب کے امیر جناب ڈاکٹر طارق سلیم نے ان پر کتاب: "نظریاتی صحافت کا سرخیل: الطاف حسن قریشی" لکھ کر جو معرکہ سرانجام دیا اس کا کوئی جواب نہیں۔ اس کتاب کو علامہ عبدالستار عاصم کی قلم فاؤنڈیشن نے شائع کرکے ڈاکٹر صاحب کی محنت کو چار چاند لگا دیے۔ اس عظیم شاہکار کی فلیٹیز ہوٹل، لاہور میں تقریب رونمائی تھی۔ تقریب کی صدارت کے فرائض جناب لیاقت بلوچ، نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان نے ادا کیے۔ مجھے بھی اس تقریب میں نہ صرف مدعو کیا گیا تھا بلکہ مذکورہ کتاب پر اظہار خیال کا موقع بھی ملا۔ جہاں تک کتاب کے مصنف ڈاکٹر طارق سلیم کا تعلق ہے ہم اپنے پاس سے ان کے بارے میں کچھ نہیں کہیں گے۔ اس کے لیے پاکستان کے معروف صحافی، کالم نگار، مصنف اور دانشور فاروق عادل کی تحریر، جو کتاب میں موجود ہے، کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ وہ "دل جیت لینے والا" کے عنوان کے تحت مصنف کے بارے میں یوں رقمطراز ہیں: "ڈاکٹر طارق سلیم کون ہیں، یہ جاننے سے پہلے ایک واقعہ سن لیجیے۔ احباب کی نشست میں بات سیاست کی طرف چلی گئی۔ پھر اس میں اختلاف پیدا ہوا۔ اختلاف کرنے والوں میں ان سطور کا لکھنے والا بھی شامل تھا۔ چاہیے تو یہ تھا کہ روایت کے مطابق قطع تعلق ہوجاتا۔ اور لوگ بدمزہ ہوکر ایک دوسرے سے منہ موڑ لیتے۔ لیکن ہوا اس کے برعکس۔ اختلاف کا نشانہ بننے والی کشادہ پیشانی سلوٹوں سے محروم رہی۔ اس کے چہرے پر مسکراہٹ کی کرن چمکی۔ پھر اس میں اضافہ ہوتا گیا۔ یہ شخص اٹھ کر میرے پاس آیا اور بغل گیر ہوگیا۔ اس شخص کا کہنا تھا کہ آپ کے اختلاف نے مجھے دکھی نہیں آسودہ کیا۔ یہ شخص "ڈاکٹر طارق سلیم" تھا۔ اب ہم اپنے اصل موضوع یعنی کتاب کی طرف آتے ہیں۔ اس کتاب میں جماعت اسلامی کے 09 اکابرین اور 33 قومی دانشوروں کی تحریریں شامل ہیں۔ جناب سہیل وڑائچ، جناب اوریا مقبول جان اور جناب سید خالد یزدانی کی طرف سے قریشی صاحب کے کیے گئے تین انٹرویوز اور جناب الطاف حسن قریشی کی 21 سدا بہار تحریریں بھی شامل کی گئی ہیں۔ جو یقیناً مصنف کی محنت شاقہ، قریشی صاحب سے ان کی لگن، محبت اور عقیدت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

زیر نظر کتاب میں ملک کے مایہ ناز لکھاریوں کی طرف سے جناب الطاف حسن قریشی مرحوم کی شان میں نچھاور کیے جانے عقیدت کے پھولوں کو جمع کیا گیا ہے۔ ان سب دانشوروں کے احساسات و جذبات کو ایک جگہ پر اکٹھا کرنا، اسے ایک کتابی شکل دینا اور ان یادداشتوں کو مستقبل کے علمی سرمائے کے طور محفوظ بنانا یقیناً مصنف کا قابل ستائش کارنامہ ہے۔ ہم بھی اس نیک کام میں اپنا حصہ ڈالتے ہیں۔ لیکن کالم کی تنگی داماں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے صرف چند دانشوروں کے احساسات و جذبات مشتے از خروارے قارئین کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ کتاب کے مصنف قریشی صاحب کے بارے میں لکھتے ہیں: "میں نے قریشی صاحب کو صرف پڑھا نہیں، ان کے لفظوں میں زندگی کی حرارت محسوس کی۔ ان کے جملے کاغذ پر نہیں بلکہ دل کے اندر اترتے ہیں۔۔۔ ان کے ہاں اختلاف میں بھی تہذیب، تنقید میں بھی شائستگی اور مزاحمت میں بھی وقار۔ یہی وصف بڑے لوگوں کی پہچان ہے۔ عظیم دانشور اور پاکستان کے مایہ ناز سیاستدان جناب لیاقت بلوچ، نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان "الطاف حسن قریشی: عہد وفا کی داستان" کے عنوان کے تحت ان الفاظ میں قریشی صاحب کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں: "ان کی تحریروں کا مطالعہ کرتے ہوئے محسوس ہوتا ہے کہ وہ محض واقعات کے راوی نہیں بلکہ تاریخ کے نباض تھے۔۔۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے اداریے اور کالم وقتی تبصرے نہیں بلکہ فکری دستاویزات کی حیثیت رکھتے تھے"۔ ملک کے سینئر دانشور، صحافی بے بدل، کالم نگار، اینکر پرسن، ماہنامہ قومی ڈائجسٹ اور روزنامہ پاکستان، لاہور کے چیف ایڈیٹر اور، قریشی صاحب کے دیرینہ ساتھی "مٹی میں چراغ" کے عنوان کے تحت قریشی صاحب سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہوئے یوں لکھتے ہیں: "الطاف صاحب ایک فرد نہیں ادارہ تھے۔۔۔ ایک تحریک تھے۔ ایک عہد تھے، بلکہ عہد ساز تھے۔ انہوں نے اپنا زمانہ آپ بنایا۔ ان کے قلم نے دلوں پر حکمرانی کی۔ ان جیسا دوسرا کوئی موجود نہیں۔۔۔ انہوں نے اپنے قارئین کی تربیت کی۔ انہیں بات کہنے کا سلیقہ سکھایا۔ تہذیب و شائستگی سے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کی مثال قائم کی"۔ ملک کے بے باک صحافی اور کالم نگار جناب حامد میر صاحب اپنے کالم بعنوان "الطاف صحافت" میں لکھتے ہیں: "بعض معاملات میں ان کا نقطہ نظر مجھ سے مختلف ہوتا لیکن آئین کی بالادستی پر ہمیشہ مجھ سے اتفاق کرتے۔ وہ مارشل لا کے سخت خلاف تھے۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ جنرل پرویز مشرف نے 1999 میں اقتدار پر قبضہ کیا تو کچھ دنوں بعد الطاف حسن قریشی کو گرفتار کرنے کا حکم دیا۔ لیفٹیننٹ جنرل خالد مقبول کور کمانڈر لاہور تھے۔ انہیں کہا گیا کہ الطاف حسین قریشی کو گرفتار کرلیا جائے۔ کیوں کہ وہ 12۔ اکتوبر 1999 کی فوجی بغاوت کی مخالفت کررہے تھے۔ خالد مقبول صاحب کے علاوہ اس وقت کے ڈائریکٹر جنرل ملٹری انٹیلی جنس میجر جنرل احسان الحق نے بھی قریشی صاحب کی گرفتاری کے خلاف رائے دی۔۔۔ جب جنرل مشرف اقتدار کے جوبن پر تھے تو ان پر اسرائیل کو تسلیم کرنے کا بھوت سوار ہوا۔ الطاف حسن قریشی ان صحافیوں میں سے تھے جنہوں نے اسرائیل کو تسلیم کرنے کی مخالفت کی۔ 2019 میں جنرل قمر جاوید باجوہ نے اس پرانے پراجیکٹ کو دوبارہ شروع کیا تو میں نے روزنامہ جنگ میں کالم لکھا۔ الطاف حسن قریشی صاحب نے میری تائید میں کالم لکھا"۔ لفظوں کے کھلاڑی، دانشور، تاریخ کے حافظ روزنامہ نوائے وقت کے کالم نگار جناب دلاور چودھری اپنے الفاظ کا جادو جگاتے ہوئے لکھتے ہیں: "الطاف حسن قریشی صاحب محض ایک شخص نہیں بلکہ وہ انسان تھے جس میں کئی "عہد" چھپے ہوتے ہیں۔ اقبال نے ان جیسے بلند پایہ درویشوں کے لیے ہی تو کہا تھا کہ "گم اس میں ہے آفاق"۔ الطاف حسن قریشی ایک خوبصورت انسان، عہد ساز صحافی، بہترین دوست اور انتہائی شفیق بزرگ تھے"۔ الغرض ہم تو یہی کہیں گے کہ ڈاکٹر طارق سلیم صاحب نے یہ کتاب لکھ کر فرض کفایہ ادا کردیا۔ اسے جناب الطاف حسن قریشی کی ذات پر لکھا جانے والا ایک انسائیکلو پیڈیا کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ اور پروفیسر ڈاکٹر لبنیٰ ظہیر صاحبہ کی اس بات میں بھی کافی وزن ہے جو انہوں نے کتاب کی تقریب رونمائی کے موقع پر اپنے خطاب میں کہی کہ: "یہ کام تو پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ صحافت کو کرنا چاہیے تھا لیکن ڈاکٹر طارق سلیم صاحب بازی لے گئے"۔

کیوں؟

تحریر۔ عبداللہ طارق سہیل

خلیجی جنگ کے حوالے سے اہم ترین بات یہ ہوئی ہے کہ اس بار چین نے ایران کو زیادہ سختی سے کہا ہے کہ وہ اسلام آباد والے مفاہمتی عمل پر عمل کرے اور حوثیوں کو سعودی عرب پر حملہ آور ہونے سے روکے۔ چین اسلام آباد والی مفاہمت پر عمل کرنے کا ایران کو پہلے بھی بار بار کہہ چکا ہے لیکن اس بار زیادہ سختی سے کہا ہے کہ تو اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ سب سے زیادہ نقصان چین کو ہورہا ہے۔ وہ ایران اور سعودی عرب دونوں سے تیل لیتا تھا۔ اب اسے ایران سے تیل مل رہا ہے نہ سعودی عرب سے۔ ایران کا تیل امریکہ نے ہرمز کے باہر "لاک ڈاؤن" کر کے بند کر رکھا ہے، سعودی تیل پائپ لائن پر حملے اور پھر باب المندب پر حوثیوں کے قبضے کی وجہ سے بند ہوگیا۔

چین کو ایک اور شکوہ بھی ہے۔ اس نے ایران کو طیارہ شکن میزائل دیئے جو سنگر کی طرز پر بنائے گئے تھے۔ ایران نے یہ میزائل حوثیوں کو دے دیئے جنہوں نے اس کی مدد سے ایک سعودی ایف 15- گرا لیا۔ سعودی عرب نے ان سارے معاملات کی شکایت چین سے کی۔

ہرمز کی ناکہ بندی کے بعد سعودیہ نے اپنا مشرقی تیل ایسٹ ویسٹ پائپ لائن کے ذریعے مغربی ساحل یعنی بحیرہ احمر کی بندرگاہ ینبوع تک پہنچانا شروع کردیا جہاں سے یہ تیل شمال میں یورپ اور امریکہ کو، نہر سویز کے ذریعے سے اور جنوب میں مشرقی افریقی اور ایشیائی ممالک کو باب المندب کے ذریعے بھجوایا جاتا تھا۔ حوثیوں نے یلغار کر کے باب المندب پر قبضہ کرلیا۔ میڈیا کے تمام ذرائع بتا رہے ہیں کہ اس ساری یلغار کی قیادت اور رہنمائی ایران کے پاسداران انقلاب کے کمانڈر اور فوجی مشیر کررہے تھے۔ جبکہ اس دوران ایران کا یہ موقف رہا کہ حوثی اس کے کنٹرول میں نہیں ہیں۔ بہرحال، باب المندب سے سعودی تیل کی برآمد رک گئی۔

ایک اور بڑا واقعہ ایسٹ ویسٹ پائپ لائن کی تباہی تھی۔ ڈرون اور میزائل حملوں سے اس لائن کے کئی سٹیشن تباہ کردیئے گئے۔ یہ سٹیشن تیل کی روانی رکھنے کیلئے ضروری ہیں۔ چنانچہ نہر سویز کے ذریعے ہونے والی سپلائی بھی بند ہوگئی۔ سب سے اہم بات یہ کہ یہ حملے حوثیوں نے نہیں کئے تھے۔ یہ حملے عراق کی سرزمین سے کئے گئے۔ عراق میں ایران کی کئی پراکسیز ملیشیائیں ہیں، لیکن یہ حملے کسی بھی ایسی پراکسی نے نہیں کئے۔ خود ان ملیشیاؤں نے انکار کیا اور عراقی حکومت نے بھی تحقیقات کیں تو پتہ چلا کہ یہ حملے ملیشیاؤں نے نہیں کئے۔ عراقی حکومت کو بہرحال یہ پتہ چل گیا کہ یہ حملے کس نے کئے، چنانچہ اس نے ایران سے ملنے والی سرحد دو روز کیلئے بند کردی۔ معاملہ صاف تھا لیکن خاموشی اختیار کی گئی۔

جذباتی طور پر ایک اور واقعے نے سنگینی بڑھا دی۔ حوثیوں نے مکہ پر ڈرون داغ دیئے۔ جس پر تمام مسلمان ممالک نے شدید مذمتی بیان جاری کئے۔ ایران دو روز تک خاموش رہا۔ تیسرے روز اس نے بھی واقعے کی مذمت کردی لیکن ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا کہ پتہ نہیں یہ حملہ حوثیوں نے کیا یا کسی اور نے۔

باب المندب پر قبضہ والے روز حوثیوں نے اعلان کیا کہ صرف سعودی جہازوں کے گزرنے پر پابندی ہوگی، باقی سب جہاز، حوثیوں کی "ٹویٹ" کے الفاظ کے مطابق اسرائیل اور امریکہ کے جہازوں سمیت سب جہاز آ اور جاسکیں گے۔

سلطنت عمان کے دارالحکومت مسقط کے امریکی سفارت خانے میں حوثی رہنما امریکی حکام سے ملے اور انہیں یقین دلایا کہ امریکہ اور اسرائیل کے جہازوں پر حملہ نہیں کریں گے، صرف سعودی عرب اور اس کے حامی مسلمان ممالک پر ہی حملے کریں گے۔ اس صورتحال نے ایران کیلئے مشکلات بڑھا دی ہیں۔ ایرانی کرنسی کی قیمت مزید گر گئی ہے، ایک ڈالر کے 22 لاکھ ریال۔ رپورٹیں ہیں کہ ہسپتال مریضوں سے خالی ہوتے جارہے ہیں کہ مریضوں کے پاس فیس اور دواؤں کے پیسے نہیں رہے اور جو مریض پیسے دے سکتے ہیں ان کیلئے بھی علاج دستیاب نہیں کہ ہسپتالوں میں دوائیں نہیں رہیں۔ خبریں ہیں کہ سعودی عرب نے مصر سے "انٹرسیپٹر" مانگ لئے ہیں تاکہ وہ حوثی حملوں کا موثر جواب دے سکے۔ ادھر جن علاقوں پر حوثیوں نے قبضہ کیا ہے، ان پر سعودی عرب اور عدن کی حکومت نے شدید ترین بمباری شروع کردی ہے۔ ایک ایک دن میں 50، 50 حملے کئے جارہے ہیں۔ حوثی باغیوں کو تاریخ کے شدید ترین جانی نقصان کا سامنا ہے۔ یہ جنگ اب زیادہ لمبی چلتی نظر نہیں آرہی۔ اس نے ختم ہونا ہے۔ ایران عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی تنہائی کا شکار ہے۔ سعودی عرب اور خلیجی ریاستیں کچھ عرصہ بعد اپنی معیشت بحال کرلیں گی لیکن ایران کو بہت طویل عرصہ درکار ہوگا کہ اپنی صورتحال بہتر کرسکے۔

مفاہمت اسلام آباد پر عمل سے ایران اپنا بھلا کرسکتا ہے لیکن چین کے دباؤ کے باوجود وہ آمادہ نہیں ہورہا۔ وہ کیوں مصیبت سے نکلنا نہیں چاہتا؟

☆☆☆☆

خاموش تاریخ کے بولتے راز (1)

تحریر۔ محمد معاذ قریشی

تاریخ کے اوراق میں بعض حقائق ایسے بھی دفن ہوتے ہیں جن پر دانستہ پردے ڈال دیے جاتے ہیں۔ کبھی سیاسی مصلحت کے نام پر، کبھی بااثر قوتوں کے مفادات کے تحفظ کے لئے اور کبھی اس خوف سے کہ ماضی کے کچھ فیصلے اگر پوری طرح آشکار ہوگئے تو طاقت کے ایوانوں میں سوالات اٹھ کھڑے ہوں گے۔ خاموشی کی ایسی تہیں کبھی کبھی اس قدر گہری ہوجاتی ہیں کہ حق کی تلاش میں نکلنے والا انتہائی جستجو رکھنے والا شخص بھی برسوں بھٹکتا رہتا ہے، مگر وقت ایک ایسا بے رحم منصف ہے جو بالآخر پردوں کو چاک کردیتا ہے۔ وہ راز جو ایک زمانے میں طاقت کے زور پر دفن کردیئے گئے ہوں، آنے والی نسلوں کے سامنے کسی نہ کسی صورت میں کھل جاتے ہیں۔

ایسی پوشیدہ حقیقتوں کے نیچے اکثر افراد یا ریاستوں کے وہ اعمال چھپے ہوتے ہیں جنہیں عوامی نگاہ سے اوجھل رکھنا مقصود ہوتا ہے، یا جن کے مرتکب یہ جانتے ہیں کہ ان کا راز فاش ہونا ان کے لئے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ ہوائی کی تاریخ، جو آج بحرالکاہل میں واقع ایک دور افتادہ جزائر پر مشتمل امریکی ریاست ہے، اس حقیقت کی ایک نمایاں مثال پیش کرتی ہے۔ یہ ایک ایسی تاریخ ہے جس سے بہت سے لوگ واقف نہیں اور سچ تو یہ ہے کہ کچھ عرصہ پہلے تک میں خود بھی اس کے تمام پہلوؤں سے پوری طرح آگاہ نہ تھا۔ یہ داستان بتاتی ہے کہ ایک آزاد مملکت کس طرح اس کے جائز حکمران سے چھین لی گئی؛ نہ کسی آزادانہ رضامندی کے ذریعے، نہ کسی کھلے معاہدے یا خرید وفروخت کے نتیجے میں، بلکہ طاقت، دباؤ، سیاسی سازش اور مفادات کے ایک سوچے سمجھے امتزاج کے ذریعے اور ہمارے عہد میں بھی توسیع پسندانہ رجحان کی یہ خواہش پوری طرح ماند نہیں پڑی؛ کبھی دور دراز علاقوں کی طرف نگاہ اٹھتی ہے اور کبھی خلیج کے تیل سے مالا مال ساحلوں اور اس سے آگے کے خطوں کی طرف۔

1893ء میں ہوائی ایک خود مختار مملکت تھی جس کی حکمران ملکہ للی یوکالانی تھیں۔ وہ غیر معمولی صلاحیتوں کی مالک اور اپنی رعایا میں مقبول حکمران تھیں۔ وہ پانچ زبانوں پر عبور رکھتی تھیں، گہری ذہانت کی حامل تھیں اور اپنے عوام کی فلاح و بہبود کو اپنی حکمرانی کا بنیادی مقصد سمجھتی تھیں لیکن ان جزائر میں ایسی نعمتیں بھی موجود تھیں جنہوں نے دور دراز طاقتوں کی نگاہیں اپنی جانب کھینچ لیں۔ زرخیز زمینیں، جہاں گنے اور اناناس کی وافر پیداوار ہوتی تھی اور بحرالکاہل میں ایک ایسا اہم بندرگاہی مقام جس کی تزویراتی قدر غیر معمولی تھی۔

امریکی مشنری اس سے پہلے ہوائی پہنچ چکے تھے۔ وہ اپنے ساتھ مذہبی تعلیمات تو لائے، مگر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ انہوں نے قانونی طریقوں کے ذریعے زمینوں کے حصول کا ایک ایسا سلسلہ بھی قائم کیا جس میں نئے آنے والوں کو نمایاں فائدہ حاصل ہوا۔ ان مشنریوں کی اولاد اور امریکی و یورپی نسل سے تعلق رکھنے والے دوسرے کاروباری عناصر نے رفتہ رفتہ گنے کی صنعت پر غلبہ حاصل کرلیا۔ یوں ہوائی کی معیشت بڑی بڑی جاگیروں اور زرعی پیداوار پر منحصر ہوتی گئی، جبکہ ان کاروباری مفادات کے حامل طبقات نے وسیع اراضی پر قبضہ اور ریاستی معاملات میں غیر معمولی سیاسی اثرورسوخ حاصل کرلیا۔

جب ملکہ للی یوکالانی نے مقامی بادشاہت کے اختیارات بحال کرنے اور 1887ء کے نام نہاد بایونٹ آئین کے اثرات کم کرنے کی کوشش کی، جو ان کے پیش رو پر طاقت کے زور پر مسلط کیا گیا تھا، تو زمیندار اور کاروباری اشرافیہ نے "کمیٹی آف سیفٹی" تشکیل دی۔ جنوری 1893ء میں اس گروہ نے مسلح ہوکر شاہی محل کو گھیر (باقی صفحہ 6 پر بقیہ نمبر 36)

پیٹرول ریلیف پروگرام۔

تحریر۔ محمود خان

مشرق وسطی میں جاری جنگ کے باعث عالمی سطح پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں پیدا ہونے والے اتار چڑھاؤ اور عوام پر اس کے ممکنہ اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت پاکستان نے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ایک اہم اقدام اٹھایا ہے۔ حکومت کی جانب سے شروع کیے گئے پیٹرول ریلیف پروگرام کے تحت مستحق شہریوں کو پیٹرول سو روپے فی لیٹر کے حساب سے فراہم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد کم آمدنی والے اور روزانہ سفر کے لیے موٹر سائیکل، رکشہ اور دیگر چھوٹی گاڑیاں استعمال کرنے والے شہریوں کو بڑھتی ہوئی مہنگائی کے اثرات سے ممکنہ حد تک ریلیف دینا ہے۔ حکومت کی جانب سے جاری کردہ اشتہار کے مطابق پیٹرول سو روپے فی لیٹر کے حساب سے ریلیف پروگرام میں شامل افراد کو فراہم کیا جائے گا۔ اس منصوبے کو عوامی ریلیف اور موجودہ معاشی حالات میں عام شہریوں کے لیے سہولت پیدا کرنے کی کوشش قرار دیا گیا ہے۔ خاص طور پر وہ افراد جو موٹر سائیکل یا چھوٹی گاڑی کے ذریعے روزگار کے سلسلے میں روزانہ سفر کرتے ہیں، ان کے لیے پیٹرول کے اخراجات میں کمی براہ راست بجٹ پر مثبت اثر ڈال سکتی ہے۔ اشتہار کے مطابق اس پروگرام کے لیے رجسٹریشن کا طریقہ بھی آسان رکھا گیا ہے۔ شہری اپنے شناختی کارڈ نمبر کے ذریعے رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے موبائل فون سے مخصوص طریقہ کار اختیار کرنا ہوگا۔ رجسٹریشن کے دوران شناختی کارڈ نمبر اور متعلقہ گاڑی کی معلومات فراہم کی جائیں گی تاکہ اہل افراد کی تصدیق کے بعد انہیں پیٹرول ریلیف کی سہولت فراہم کی جاسکے۔ حکومت نے موٹر سائیکل، رکشہ، لوڈر اور 1300 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان کو اس پروگرام میں شامل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ پیٹرول ریلیف پروگرام کا مرکزی ہدف وہ شہری ہیں جن کا روزمرہ سفر اور روزگار چھوٹی گاڑیوں پر منحصر ہے۔ پاکستان میں بڑی تعداد میں شہری موٹر سائیکلوں، رکشوں اور چھوٹی گاڑیوں کو روزگار، کاروبار، دفاتر، دکانوں اور دیگر ضروری کاموں کے لیے استعمال کرتے ہیں، اس لیے پیٹرول کی قیمت میں کمی ان کے لیے خاص اہمیت رکھتی ہے۔ اشتہار میں بتایا گیا ہے کہ رجسٹریشن کے لیے شہری اپنے موبائل فون سے REG لکھ کر اسپیس دیں اور اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر درج کرکے 9771 پر ایس ایم ایس کریں۔ اس کے بعد متعلقہ طریقہ کار کے تحت گاڑی کی رجسٹریشن اور دیگر ضروری معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔ رجسٹریشن کے بعد اہل افراد کو ریلیف سے متعلق معلومات موبائل پیغام کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔ پیٹرول ریلیف حاصل کرنے کے طریقہ کار میں گاڑی کی رجسٹریشن بھی اہم مرحلہ ہے۔ شہریوں کو اپنی گاڑی کا رجسٹریشن نمبر اور متعلقہ معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔ حکومتی نظام کے ذریعے فراہم کردہ معلومات کی تصدیق کے بعد اہل شہریوں کو پیٹرول ریلیف دیا جائے گا۔ اس عمل کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ حکومتی سہولت حقیقی مستحق اور اہل افراد تک پہنچے اور اس پروگرام کا غلط استعمال نہ ہو۔ اشتہار میں رجسٹریشن کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2026 درج کی گئی ہے۔ اس لیے جو شہری اس پروگرام کے لیے اہل ہیں، انہیں مقررہ مدت کے اندر اپنی رجسٹریشن مکمل کرنی چاہیے۔ رجسٹریشن کے بعد حکومتی نظام کے ذریعے تصدیق اور دیگر ضروری کارروائی مکمل ہونے پر مستحق شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ پیٹرول کی قیمت عام شہری کی زندگی میں براہ راست اثر انداز ہوتی ہے۔ پیٹرول مہنگا ہونے سے نہ صرف موٹر سائیکل یا گاڑی چلانے کا خرچ بڑھتا ہے بلکہ نقل وحمل کی لاگت میں اضافے کے باعث اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر بھی اثر پڑ سکتا ہے۔ مزدور، چھوٹے دکاندار، طلبہ، ملازمین، ڈیلی ویجز پر کام کرنے والے افراد اور دیگر شہری روزانہ سفر کے لیے پیٹرول استعمال کرتے ہیں۔ ایسے میں پیٹرول کی قیمت میں ریلیف ان کے ماہانہ اخراجات کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ خاص طور پر موٹر سائیکل چلانے والے شہریوں کی بڑی تعداد اپنے روزگار اور روزمرہ ضروریات کے لیے پیٹرول پر انحصار کرتی ہے۔ رکشہ اور چنگچی چلانے والے افراد کے لیے بھی ایندھن روزانہ کاروباری اخراجات کا ایک اہم حصہ ہے۔ اسی طرح چھوٹی گاڑیوں کے مالکان بھی پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے سے متاثر ہوتے ہیں۔ حکومت کا موجودہ پروگرام ایسے ہی صارفین کو ریلیف دینے کی کوشش ہے۔ یہ ریلیف ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں فراہم کیا جارہا ہے۔ اس طرح پروگرام کا دائرہ وسیع رکھا گیا ہے تاکہ مختلف علاقوں میں رہنے والے اہل شہری اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔ تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے عوامی فلاحی پروگراموں میں شفافیت، آسان رسائی اور مستحق افراد تک بروقت سہولت کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ رجسٹریشن اور تصدیق کے عمل کو سادہ رکھا جائے تاکہ دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہری بھی بلامشکل اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔ ساتھ ہی شہریوں کو بھی چاہیے کہ وہ مقررہ طریقہ کار کے مطابق اپنی معلومات فراہم کریں اور کسی غیر متعلقہ شخص کو شناختی کارڈ یا دیگر حساس معلومات دینے سے گریز کریں۔

☆☆☆☆

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان عبدالغنی شہزاد ضلعی ڈیجیٹل میڈیائیم کے اجلاس سے خطاب کررھے ہیں

عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

اجلاس میں تعلیمی نظام میں مزید بہتری کے لیے مختلف اقدامات پر غور کیا گیا

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ اجلاس: غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی، اسکولوں کی نگرانی کے لیے کمیٹیاں تشکیل، اساتذہ کی حاضری اور کارکردگی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کا فیصلہ۔ ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں تعلیمی امور، سرکاری اسکولوں کی کارکردگی، اساتذہ کی حاضری، طلبہ کے تعلیمی معیار اور تعلیمی سہولیات کی فراہمی سمیت دیگر متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لطیف اللہ غرشین، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن عبدالمالک تاج، اکاؤنٹس آفیسر عبدالغنی پانیزئی، ڈی ڈی او فیمیل زیارت فرزانہ ارباب، ڈی ڈی او فیمیل سنجاوی فرزانہ کلثوم، ڈی ڈی او زیارت نقیب اللہ کاکڑ، جے ٹی اے کے صدر محمد نور دمڑ، جے ٹی اے آئینی کے صدر فیروز خان اور آر ٹی ایس ایم بدرالدین سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع زیارت کے دونوں تحصیلوں میں تعلیمی اداروں کی مجموعی صورتحال، تدریسی و انتظامی امور، اساتذہ کی حاضری، طلبہ کے تعلیمی معیار اور اسکولوں میں دستیاب سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے تعلیمی نظام میں مزید بہتری کے لیے مختلف اقدامات پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ضلع کی دونوں تحصیلوں میں اسسٹنٹ کمشنرز کی سربراہی میں کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی، جو مختلف سرکاری اسکولوں کے باقاعدہ دورے کرکے تعلیمی و انتظامی صورتحال، اساتذہ کی حاضری اور دیگر امور کا موقع پر جائزہ لیں گی اور اپنی رپورٹ پیش کریں گی۔

جامعہ تربت کے ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز کی تربت پریس کلب کی نئی کابینہ کو دلی مبارکباد

کوئٹہ (آن لائن) جامعہ تربت کے ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز اعجاز احمد نے تربت پریس کلب کی نئی کابینہ کے تمام عہدیداران، بشمول صدر حافظ صلاح الدین سلفی، نائب صدر نور شاہ نور، جنرل سیکرٹری ماجد صمد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ایاز اسلم، اور فنانس سیکرٹری مقبول ناصر کو بلامقابلہ منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز اعجاز احمد کا کہنا تھا کہ جامعہ تربت صحافی برادری کے ساتھ اپنے مثبت اور تعمیری تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پریس کلب اپنی تعلیم دوستی کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے دیگر جملہ مسائل کے ساتھ ساتھ علمی و تعلیمی سرگرمیوں کو بھی اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کرتا رہے گا

قومی مسائل کا حل تصادم، انتقام اور تقسیم میں نہیں، مولانا عبدالواسع

قومی خودمختاری اور عوامی حقوق کے تحفظ کی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اسلام آباد میں اپنی رہائش گاہ پر جے یو آئی کے کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام محض سیاسی جماعت نہیں بلکہ ایک نظریاتی و فکری تحریک ہے جو گزشتہ ایک صدی سے اسلام، آئین، جمہوریت، قومی خودمختاری اور عوامی حقوق کے تحفظ کی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے، یہ جنگ آج کی نہیں بلکہ سو سالہ جدوجہد کا تسلسل ہے، برصغیر میں فرنگی استعمار نے جس فکری و سیاسی مزاحمت کا سامنا کیا تھا، آج اسی جدوجہد کے وارث ان قوتوں اور ان کے نظریاتی و سیاسی اثرات کے خلاف میدان میں […]

عمرہ زائرین اور ریاض الجنہ کا پرمٹ

تحریر۔ ڈاکٹر سرور حسین

[…] حیرت اس بات پر نہیں کہ یہ عبادت بھی کمرشل ازم کی زد میں آ گئی بلکہ اس پر ہے کہ ایسا کرنے والے بصد اطمینان اسے زائرین کی خدمت اور عبادت بھی سمجھنے لگے ہیں۔ الامان الحفیظ

☆☆☆☆

پشتون قومی جرگہ ضلع چمن 22 ستمبر کو نواب ایاز جوگیزئی کے زیر صدارت منعقد ہوگا

مختلف کمیٹیاں تشکیل دے دی گئیں، جرگہ کیلئے تمام تر تیاریاں مکمل کرلی گئیں، حاجی جمال خان

[…] ایاز خان جوگیزئی کریں گے۔ اجلاس میں مقررین نے جرگہ کے مقاصد اور اہمیت پر روشنی ڈالتے اور […] اپیل کی کہ وہ 22 ستمبر کو کثیر تعداد میں شرکت کرکے اپنی قومی ذمہ داری ادا کریں۔

گوٹھ محمد اسماعیل خان کھوسہ میں ایک روزہ مفت آئی کیمپ

مستحق اور غریب لوگوں کی آنکھوں کا تفصیلی معائنہ طبی سہولیات فراہم کی گئیں

[…] زمیندار سماجی خدمت گار میر کاشف خان کھوسہ کی خصوصی کاوشوں اور سربراہی میں گوٹھ محمد اسماعیل خان کھوسہ میں ایک روزہ مفت آئی کیمپ کا کامیاب انعقاد کیا گیا اس کیمپ میں LRBT کے ماہر ڈاکٹرز کی ٹیم نے علاقے کے سینکڑوں مستحق اور غریب لوگوں کی آنکھوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور مفت ادویات وطبی سہولیات فراہم کی گئی جبکہ جن مریضوں کو آپریشن کی […] کے لیے LRBT کی ٹیم مریضوں کو خود لے کر جائے گی اور تمام تر عمل کے بعد انہیں باحفاظت واپس بھی پہنچائے گی میر کاشف خان کھوسہ کی بے لوث خدمات کو خراج تحسین علاقے کے غریب اور مستحق عوام کو ان کی دہلیز پر بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے پر تمام اہل علاقہ میر کاشف خان کھوسہ صاحب کے اس پرخلوص اور عوامی جذبے کو سراہتے ہیں اور ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کی زیر صدارت ڈی سی آفس لسبیلہ میں اہم اجلاس

[…] بلوچ کی زیر صدارت ڈی سی آفس لسبیلہ میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کا بنیادی ایجنڈا موجودہ مون سون سیزن میں بارشوں کی کمی اور اس کے نتیجے میں ممکنہ قحط سالی کی صورتحال سے نمٹنے کی تیاریوں کا جائزہ لینا تھا۔ یہ اجلاس پاک مشن سوسائٹی کے تعاون سے DRR فورم لسبیلہ کے تحت منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں ضلعی انتظامیہ کے مختلف محکموں کے سربراہان اور افسران کے علاوہ غیر سرکاری تنظیموں (NGOs) کے نمائندگان نے بھی بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کے دوران اس سال مون سون سیزن میں توقع سے کم بارشوں اور خدانخواستہ قحط سالی کی صورتحال پیدا ہونے کے احتمالات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے تمام متعلقہ محکموں اور فلاحی اداروں کو باہم مل کر ایک مؤثر اور مربوط حکمت عملی اپنانی ہوگی تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال یا پانی کی قلت سے بروقت نبرد آزما ہوا جا سکے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سراج احمد بلوچ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وہ اس حوالے سے تمام ممکنہ اقدامات کو پیشگی حتمی شکل دیں تاکہ عوام کو کسی بھی مشکل سے بچایا جا سکے۔

صارفین کے حقوق کا ہر صورت تحفظ یقینی بنایا جائے گا، خسرو دلاوری

زائد المیعاد اشیاء کی فروخت سے مکمل اجتناب کیا جائے، اسسٹنٹ کمشنر پسنی

گوادر/پسنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو دلاوری نے عوامی شکایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے شہر کے مختلف پٹرول پمپس کا اچانک معائنہ کیا۔ اس دوران پٹرولیم مصنوعات کی مقررہ سرکاری نرخوں کے مطابق فروخت، پیمانے اور فی لیٹر ایندھن کی مقدار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ معائنے کے دوران ایک پٹرول پمپ پر مقررہ مقدار سے کم ایندھن فراہم کرنے کی شکایت درست ثابت ہونے پر اسے موقع پر سیل کر دیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے پٹرول پمپ انتظامیہ کو واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر درست مقدار میں ایندھن کی فراہمی یقینی بنائی جائے، جبکہ پیمانے میں کمی، زائد نرخ وصول کرنے یا صارفین کو کسی بھی صورت میں نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر خسرو دلاوری نے پٹرول پمپ مالکان کو خبردار کیا کہ مقررہ نرخوں اور پیمانے کی خلاف ورزی پر بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ عوامی مفاد اور صارفین کے حقوق کا ہر صورت تحفظ یقینی بنایا جائے گا۔ بعد ازاں اسسٹنٹ کمشنر نے مین بازار پسنی میں مختلف جنرل اسٹورز کا بھی معائنہ کیا اور اشیائے خورونوش کی قیمتوں، معیار اور زائد المیعاد مصنوعات کی موجودگی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ عوام کو معیاری اور مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنائیں اور زائد المیعاد اشیاء کی فروخت سے مکمل اجتناب کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی، ناجائز منافع خوری اور غیر معیاری و زائد المیعاد اشیاء کی فروخت کی روک تھام ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆گوادر رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کلسٹر ہیڈز کے اجلاس کی صدارت کررھے ہیں☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

صحبت پور ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر پانچ روزہ مہم کا افتتاح کررہی ہیں

حرمین شریفین کا تحفظ ایمان کا حصہ ہے، مولانا عبدالقادر لونی

مکہ مکرمہ کا دفاع اور اس کا امن ہر مسلمان کے ایمان اور وجود کے ساتھ جڑا ہوا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، صوبائی امیر مولانا قاری مہر اللہ، صوبائی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، صوبائی محتسب اعلی مولانا نیاز محمد، صوبائی محتسب مولانا نیاز محمد مولانا رفیع اللہ آغا، صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولانا رحمت اللہ حقانی مرکزی رکن شوری مولانا علاالدین مولانا محمد ابراہیم مولانا احسان اللہ قاری ہدایت اللہ قاری آغا محمد جامعہ فاروقیہ کے جلسہ دستار بندی علامہ حافظ فضل محمد کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حرمین شریفین کی تحفظ ایمان کا حصہ ہے لاکھوں کارکن حرمین شریفین کی تحفظ کے لیے تیار ہے استعماری قوتیں امت مسلمہ […]

بجلی کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے، ناصر عالم

لسبیلہ (خ ن) چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل لسبیلہ سردار غلام فاروق شیخ سے ان کے دفتر میں کے الیکٹرک لسبیلہ کے کمرشل منیجر سید ناصر عالم رضوی اور ڈپٹی منیجر عابد شبیر نے ملاقات کی، جس میں ضلع لسبیلہ میں بجلی کی فراہمی اور شہریوں کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی ملاقات میں نئے بجلی کے میٹرز کی تنصیب اور خراب میٹرز کی تبدیلی سمیت دیگر مسائل زیر بحث آئے۔ کے الیکٹرک حکام نے شہریوں سے اپیل کی کہ نئے میٹرز کے حصول یا خراب میٹرز کی تبدیلی کے لیے اپنی درخواستیں کے الیکٹرک دفتر میں جمع کرائیں تاکہ مسائل کے حل کے لیے ضروری کارروائی کی جا سکے۔ اس موقع پر درگاہ بابا فدا حسین شاہ کے چار روزہ عرس کے دوران زائرین کی سہولت کے لیے لوڈشیڈنگ میں ریلیف دینے کا بھی اعلان کیا گیا ملاقات میں وائس چیئرمین لسبیلہ آغا محمد گدور بھی موجود تھے انہوں نے بھی بیلہ کے مضافاتی علاقوں میں بجلی کے مسائل پر کے الیکٹرک کے کمرشل منیجر سید ناصر عالم رضوی کو آگاہ کیا سید ناصر عالم رضوی نے کہا کہ بجلی کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

ڈپٹی کمشنر چمن کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس

فرائض میں غفلت کے معاملے پر کسی قسم کی مصلحت پسندی یا نرمی کا مظاہرہ نہیں کیا جائے گا

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع چمن کے تمام ہسپتالوں، بی ایچ یوز، ڈسپنسریز، ایم سی ایچ سی سینٹرز اور نیو ڈی ایچ کیو ہسپتال چمن میں طبی سہولیات اور صحت عامہ کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایم ایس نیو ڈی ایچ کیو ہسپتال چمن اور محکمہ صحت کے متعلقہ افسران نے ڈپٹی کمشنر کو ضلع بھر کے مختلف ہیلتھ یونٹس میں دستیاب سہولیات، ڈاکٹرز و طبی عملے کی حاضری، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی خدمات اور درپیش مسائل و ضروریات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کی اہم ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ہسپتالوں اور ہیلتھ یونٹس میں ڈاکٹرز سمیت تمام طبی و معاون عملے کی حاضری ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ڈاکٹرز کی غیر حاضری اور فرائض میں غفلت کے معاملے پر کسی قسم کی مصلحت پسندی یا نرمی کا مظاہرہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شعبہ صحت انتہائی حساس اور اہم شعبہ ہے، جہاں معمولی سی غفلت یا لاپرواہی بھی مریض کی زندگی کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہے، لہٰذا تمام ڈاکٹرز اور طبی عملہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ایمانداری، دیانتداری اور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت، صوبائی حکومت اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کے مطابق عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔

23 ستمبر کو پشتون کلچر ڈے کے طور پر منایا جائیگا، پشتونخوا نیپ

تقریبات سادگی، سنجیدگی اور باوقار انداز میں منعقد کی جائیں گی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ 23 ستمبر پشتون کلچر ڈے پشتون قوم کی قدیم ثقافت، تہذیب، زبان، رسم و رواج اور روایات کو اجاگر کرنے کا ایک اہم عالمی دن ہے۔ اس دن کو ہر سال ملک اور بیرون ملک مختلف علاقوں میں پشتون ثقافت اور تہذیب کے اظہار کے طور پر منایا جاتا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا وطن، بالخصوص جنوبی پشتونخوا میں موجودہ حالات انتہائی تشویشناک ہیں۔ دہشت گردی، بدامنی، قتل و غارت گری، مختلف سانحات اور امن و امان کی ابتر صورتحال کے باعث اس سال 23 ستمبر پشتون کلچر ڈے کی تقریبات سادگی، سنجیدگی اور باوقار انداز میں منعقد کی جائیں گی۔ پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ نے تمام اضلاع کی تنظیموں کو تاکید کی ہے کہ وہ اپنے اپنے اضلاع میں 23 ستمبر کو پشتون کلچر ڈے کی تقریبات سادگی اور وقار کے ساتھ منعقد کریں اور اس موقع پر پشتون قوم کی زبان، تاریخ، ثقافت، تہذیب، روایات اور مثبت سماجی اقدار کو اجاگر کریں۔ کوئٹہ میں بھی پشتون کلچر ڈے کے حوالے سے کوئٹہ پریس کلب میں تقریب منعقد کی جائے گی۔ بیان میں کہا گیا کہ پشتون ثقافت اس خطے کی قدیم، وسیع اور تاریخی ثقافتوں میں سے ایک ہے، جس کی بنیاد پشتو زبان، ادب، موسیقی، لباس، رسم و رواج، روایات، جرگہ، رواداری اور دیگر سماجی و تہذیبی اقدار پر قائم ہے۔ یہ ثقافتی ورثہ صدیوں اور ہزاروں سال پر محیط ایک تاریخی تسلسل رکھتا ہے، جسے نئی نسل تک منتقل کرنا ایک […]

حاجی محمد شاہ آغا نورزئی انتقال کرگئے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا امیپ ضلع کوئٹہ سٹی تحصیل لانڈی پشتون آباد دوئم کے سینئر رکن ممتاز ٹرانسپورٹر حاجی محمد شاہ آغا نورزئی ماشنگزئی انتقال کرگئے۔ وہ حاجی غاش آغا نورزئی کے بھائی، امان اللہ کے والد، عبداللہ نورزئی کے چچا تھے۔ فاتحہ خوانی بلوچ خان چوک مسجد پشتون آباد میں جاری ہے۔ دریں اثناء پشتونخوا امیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان اور دیگر رہنماؤں نے مرحوم کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمانے کی دعا کی ہے۔

تربت ڈین فیکلٹی آف لینگویج اینڈ لیٹریچر عبدالصبور بلوچ یونیورسٹی آف تربت کے ایفیلی ایٹ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، حبیب احمد بنگلزئی

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع چمن کی مجموعی تعلیمی صورتحال، مختلف اسکولوں میں جاری ترقیاتی و تزئین و آرائش کے کاموں، بنیادی سہولیات اور کلاس رومز میں جاری درس و تدریس کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران محکمہ تعلیم کے افسران نے ڈپٹی کمشنر چمن کو اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیوں، طلبہ و طالبات کی حاضری، اساتذہ کی کارکردگی اور جاری کاموں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور تعلیمی اداروں میں سازگار ماحول کی فراہمی ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم کی اولین ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اسکولوں میں جاری کاموں کو مقررہ معیار کے مطابق بروقت مکمل کیا جائے، تعلیمی سرگرمیوں اور درس و تدریس کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے اور طلبہ و طالبات کو بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع چمن میں تعلیم کے فروغ، اسکولوں کی بہتری اور طلبہ و طالبات کو معیاری تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

عنقریب بی آئی ایس پی ریٹیلر شاپس کا قیام عمل میں لایا جائے گا، ڈاکٹر جلال فیض

مستحقین کو شفاف، آسان اور بروقت سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی

دالبندین (این این آئی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ضلع چاغی کے ڈپٹی ڈائریکٹر حاجی محمد اکرم نے ڈائریکٹر جنرل بی آئی ایس پی بلوچستان ڈاکٹر جلال فیض سے اہم ملاقات کی، جس میں ضلع چاغی میں بی آئی ایس پی سے متعلق مختلف امور، مستحقین کو درپیش مشکلات اور بالخصوص دور دراز علاقوں میں سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران یونین کونسل پدگ، چھتر اور امین آباد میں بی آئی ایس پی مستحقین کو بہتر اور آسان سہولیات کی فراہمی کے لیے نئے ریٹیلر شاپس کے قیام سے متعلق امور پر خصوصی گفتگو ہوئی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر بی آئی ایس پی ضلع چاغی حاجی محمد اکرم نے ڈائریکٹر جنرل کو ضلع کے مختلف علاقوں میں مستحقین کو درپیش مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ دور دراز علاقوں کے مستحق افراد کو رقوم کے حصول کے لیے طویل سفر اور اضافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے پدگ، چھتر اور امین آباد میں ریٹیلر شاپس کے قیام کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل بی آئی ایس پی بلوچستان ڈاکٹر جلال فیض نے ضلع چاغی کے مسائل کو غور سے سنا اور متعلقہ امور کے حل کے لیے ضروری اقدامات اور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ بی آئی ایس پی کے مستحقین کو شفاف، آسان اور بروقت سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ ڈاکٹر جلال فیض نے کہا کہ یونین کونسل پدگ، چھتر اور امین آباد میں عنقریب بی آئی ایس پی ریٹیلر شاپس کا قیام عمل میں لایا جائے گا، جس سے ان علاقوں کے مستحقین کو اپنے علاقوں کے قریب رقوم کے حصول کی سہولت میسر آئے گی۔ ملاقات میں ضلع چاغی میں بی آئی ایس پی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے، مستحقین کی مشکلات کم کرنے اور دور دراز علاقوں تک سہولیات کی رسائی بہتر بنانے کے مختلف پہلوؤں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

ضلع قلات کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں، عائشہ زہری

طلبہ و طالبات کو جدید کمپیوٹر سہولیات اور ٹیکنالوجی کے استعمال کا موقع ملے گا

قلات (خ ن) گورنمنٹ کالج آف ایلیمنٹری ایجوکیشن قلات میں قائم آئی ٹی حب کے افتتاح کی پروقار تقریب منعقد کی گئی ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری اور 329 بریگیڈ کے کمانڈر بریگیڈیئر غلام فاروق نے فیتہ کاٹ کر باقاعدہ افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ثناء اللہ ثناء، پرنسپل ایلیمنٹری کالج غزالہ رحیم، لیکچرار شمس پندرانی، ایس ڈی او بی اینڈ آر نوید موسیانی سمیت طلبہ و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ آئی ٹی حب کے ماسٹر ٹرینر اکرام مینگل نے تقریب کے شرکاء کو آئی ٹی حب میں طلبہ و طالبات کی تعداد، مختلف کورسز، تربیت کے دورانیے، زیر تربیت طلبہ و طالبات کے لیے وظائف اور دیگر امور سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ گورنمنٹ کالج آف ایلیمنٹری ایجوکیشن قلات میں آئی ٹی حب کا قیام نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرانے اور ان کی تعلیمی و فنی صلاحیتوں کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ آج کے دور میں […] نوجوان کسی بھی معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں۔ انہیں معیاری تعلیم، جدید ٹیکنالوجی اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرکے ملک و قوم کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی حب کا قیام قلات کے طلبہ و طالبات کے لیے ایک مفید تعلیمی سہولت ہے، جس سے وہ جدید دنیا کے تقاضوں کے مطابق اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنا سکیں گے۔

جنگل پیر علیزئی اور گلستان میں خصوصی فیسلیٹیشن ڈیسک قائم

قلعہ عبداللہ (خ ن) وزیراعظم پاکستان کے عوام دوست اعلان کی روشنی میں اور ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی خصوصی ہدایات پر ضلع قلعہ عبداللہ کے عوام کو سہولت اور رہنمائی فراہم کرنے کے لیے وزیراعظم خصوصی ریلیف اسکیم (سستا پٹرول) کی رجسٹریشن اور رہنمائی کے سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر آفس قلعہ عبداللہ، ایٹ جنگل پیر علیزئی اور گلستان میں خصوصی فیسلیٹیشن ڈیسک قائم کر دیے گئے ہیں۔ ان ڈیسکوں پر شہریوں کو پٹرول پر فی لیٹر 100 روپے رعایت کے حصول کے لیے رجسٹریشن، ٹوکن اور ایس ایم ایس کے ذریعے رجسٹریشن کے طریقہ کار سے متعلق مکمل رہنمائی فراہم کی جائے گی، جبکہ رجسٹریشن کے دوران پیش آنے والی مشکلات کے ازالے کے لیے بھی ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو حکومتی ریلیف اسکیموں سے مستفید کرنے اور سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی رہنمائی یا رجسٹریشن میں معاونت کے لیے قائم کردہ فیسلیٹیشن ڈیسک سے استفادہ کریں۔

واپڈا ہاؤسنگ اسکیم میں قبضے پر کارروائی پر مزدور انھیں داد دیتے ہیں، محمد رمضان اچکزئی

صوبائی حکومت مزدوروں کی ویلفیئر اور ان کے بین الاقوامی، آئینی اور قانونی حقوق انہیں دلائے

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) کے مرکزی جوائنٹ صدر و صوبائی چیئرمین محمد رمضان اچکزئی نے اپنے اخباری بیان کے ذریعے کہا کہ واپڈا فاؤنڈیشن کی زمین واقعہ واپڈا ہاؤسنگ سوسائٹی نواں کلی پر قبضہ کرکے دیوار اور گیٹ لگانے پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے فوری نوٹس لیا اور انہوں نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت جاری کی کہ مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے قائم کیے گئے واپڈا فاؤنڈیشن کی زمین جس پر مزدوروں کیلئے فلیٹس اور کوارٹرز بنائے جاسکتے ہیں ان پر بنائی گئی غیر قانونی دیوار اور گیٹ کو گرایا جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے ایکشن کے بعد ضلعی انتظامیہ حرکت میں آئی اور فوری طور پر وہاں لگائے گئے گیٹ کو منہدم کرکے مسلح افراد کو زمین سے بھگایا۔ واضح رہے کہ گزشتہ 2 دنوں کے دوران رات کے اندھیرے میں قبضہ مافیا نے مزدوروں کی ویلفیئر کی زمین پر قبضہ جمایا اور واپڈا ہاؤسنگ سوسائٹی کے کرتا دھرتا فنانس ڈائریکٹر کیسکو محسن احسان، واپڈا ہاؤسنگ سوسائٹی کے سیکریٹری سید اسماعیل آغا اور ایم ڈی واپڈا فاؤنڈیشن نے قبضہ مافیا کی جانب سے قبضہ جمانے کا خاموشی سے تماشا دیکھا اور ایسا لگتا ہے کہ جیسے قبضہ مافیا سے ان افسران کا خاموش معاہدہ ہو۔ واپڈا ہاؤسنگ سوسائٹی کے ایک ذمہ دار شہری کی طرف سے دی جانے والی اطلاع جب یونین نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو دی تو انھوں نے اسی وقت ایکشن لے کر مزدوروں کی ویلفیئر کی زمین کو قبضے سے بچانے کی ہدایت جاری کی۔ یونین رہنماء نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے اس ایکشن پر پورے ملک اور صوبے کے واپڈا/ کیسکو کے مزدور انھیں داد دیتے ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ صوبائی حکومت مزدوروں کی ویلفیئر اور ان کے بین الاقوامی، آئینی اور قانونی حقوق کی پاسداری پر عمل پیرا ہوکر پورے صوبے کے مزدوروں کا اعتماد صوبائی حکومت پر بحال کرسکتی ہے۔

گوادر رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ آؤٹ آف سکول چلڈرن پروگرام کے سالانہ رزلٹ ڈے کی تقریب کے موقع پر بچوں کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

☆☆☆☆☆ سوراب، اسسٹنٹ کمشنر محمد طحہٰ سب ڈویژن کے انتظامی امور کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں ☆☆☆☆☆

بقیہ 1

میزائل نے تقریباً 450 کلومیٹر تک پرواز کی اور ممکنہ طور پر اس کا تعلق 'ہواسونگ '11'-میزائل سیریز سے ہے۔جنوبی کوریا کی قومی سلامتی کونسل نے کم فاصلے تک مار کرنے والے اس میزائل تجربے کی شدید مذمت کی ہے۔کونسل نے شمالی کوریا پر زور دیا کہ وہ فوری طور پر میزائل سرگرمیاں بند کرے اور خبردار کیا کہ یہ تجربہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کی براہ راست خلاف ورزی ہے۔

بقیہ 2

کے مطابق امریکی محکمہ دفاع نے تحقیقات شروع کر دی ہیں جبکہ کانگریس کی قومی سلامتی سے متعلق کمیٹیوں نے بھی معاملے کی چھان بین شروع کر دی ہے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ امریکی حکام نے جون سے کمیٹیوں کے عملے کو معاملے پر بریفنگ دینا شروع کیں اور اس معاملے پر مزید اجلاس متوقع ہیں۔ایف35 پروگرام کے دفتر نے بھی طیارے کے پرزوں کی کھیپ سے متعلق مسئلے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکام متعلقہ کمپنیوں کے ساتھ مل کر پرزے واپس حاصل کرنے،واقعے کی تحقیقات اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے حفاظتی اقدامات کر رہے ہیں۔رپورٹس کے مطابق آسٹریلیا میں ایف 35-طیاروں کی دیکھ بھال کی سہولتیں موجود ہیں تاہم فی الحال کوئی بھی مرکز ان طیاروں کے شیلٹر کی مرمت کی صلاحیت نہیں رکھتا۔طیارے بنانے والی کمپنی نے انفرادی کھیپ پر تبصرے سے انکار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ طیاروں کے پرزوں کی نقل وحرکت سے متعلق امریکی قوانین پر عمل کرتی ہے اور ہر کھیپ کی حفاظت کے لیے ضروری اقدامات کیے جاتے ہیں۔ایف35 کے پرزوں کی نگرانی پہلے بھی امریکی حکام کے لیے تشویش کا باعث رہی ہے۔ 2023 کی سرکاری رپورٹ کے مطابق مئی 2018 کے بعد ایک بڑے ٹھیکیدار کے پاس ایف 35-کے 1 ملین سے زائد پرزے،جن کی مالیت 85 ملین ڈالر سے زیادہ تھی گم ہو گئے تھے، حکام نے ان میں سے 2 فیصد سے بھی کم نقصانات کا جائزہ لیا۔رپورٹس کے مطابق اکتوبر 2022 تک مزید 9 لاکھ سے زائد پرزے جائزے کے لیے متعلقہ دفتر کو رپورٹ نہیں کیے گئے تھے جن کی مالیت 66 ملین ڈالر سے بھی زیادہ تھی۔جون 2026 کی تازہ رپورٹ میں بھی پرزوں کی دستیابی اور ٹھیکیداروں پر زیادہ انحصار کو امریکی محکمہ دفاع کے لیے مسلسل مسئلہ قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 3

یکٹو پارٹنر سعودی سینٹر فار کلچر اینڈ ہیریٹیج کی فیلڈ ٹیموں نے امداد وصول کی، نئے خیموں کی آمد سے تنظیم کی فیلڈ ٹیموں کو متاثرہ خاندانوں کو شیلٹر کی فراہمی کی کوششوں کو مزید تیز کرنے میں مدد ملے گی۔یہ امداد ان امدادی کوششوں کا تسلسل ہے جس کا مقصد غزہ کی پٹی میں فلسطینی عوام کے مصائب کو کم کرنا ہے۔

بقیہ 4

حوثیوں کے حملے ناکام بنا دیے۔حوثیوں نے شہری علاقوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی تھی۔

بقیہ 5

ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق خلاف ورزی کرنے والی جنرل ایوی ایشن پرواز کو ایف 16 طیارے نے واپس کر دیا۔صدر ٹرمپ جمعہ کو اسی رہائش گاہ آئے تھے۔اس سے پہلے جون میں بھی اس طرح کی خلاف ورزی کا واقعہ پیش آچکا ہے۔

بقیہ 6

اجلاس میں مملکت کی شرکت بین الاقوامی تعاون اور کثیر الجہتی کارروائی کو مضبوط بنانے کے اس [illegible]

بقیہ 7

[illegible]

درمیان جنگ ختم کرنا چاہتا ہے۔

بقیہ 8

پچھلے دو ہفتوں کے دوران آبنائے ہرمز سے گزرنے والے خام تیل، کارگو اور مائع قدرتی گیس کے حجم میں اضافہ ہوا ہے۔کمانڈر ایڈمرل بریڈ کوپر نے کہا کہ امریکی فوج نے دو ماہ کے دوران آبنائے ہرمز سے ایک ارب بیرل سے زائد تیل کی نقل وحمل میں معاونت فراہم کی ہے۔

بقیہ 9

چمک کے ساتھ طوفان کی پیش گوئی بھی کی گئی تھی۔ٹرمپ کی وائٹ ہاؤس واپسی سے قبل امریکی محکمہ خارجہ نے مشرق وسطی میں موجود امریکی شہریوں کے لیے انتباہ جاری کیا تھا۔انتباہ میں کہا گیا تھا کہ سعودی عرب اور یمن کے حوثیوں کے درمیان جاری کشیدگی میں تیزی سے اضافہ ہو سکتا ہے۔

بقیہ 10

سے جاری اسرائیلی حملوں میں زخمی فلسطینیوں کی تعداد ایک لاکھ 75 ہزار کے قریب پہنچ چکی ہے۔غزہ کی وزارت صحت نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ ہزاروں فلسطینی اب بھی تک ملبے تلے دبے ہوئے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ خدشات ہیں کہ جاری حملے میں شہید فلسطینیوں کی حتمی گنتی مکمل ہونے پر یہ تعداد ایک لاکھ سے تجاوز کر جائے گی۔

بقیہ 11

آگئے ہیں ... ہم یہاں ہیں اور ہمیشہ یہیں رہیں گے۔عرب ٹی وی کے مطابق انہوں نے اس مقام کو قدس الاقداس اور ہمارے وجود کی چٹان کے انتہائی قریب قرار دیا۔یہ منظر 27 اکتوبر 2026 کو ہونے والے اسرائیلی انتخابات سے قبل سیاسی اور انتخابی اہمیت کا حامل تھا۔ ایسے وقت میں جب سیاسی میدان میں سخت مقابلہ جاری ہے اور کسی بھی انتخابی دھڑے کو حکومت بنانے کی واضح راہ نظر نہیں آ رہی۔

بقیہ 12

احمر میں زقر جزیرے کے اندر ریڈار کی تنصیب کے عمل پر تبادلہ خیال کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ ماہرین حدیدہ سے آئے تھے اور انہوں نے الگ الگ دورے کیے۔

بقیہ 13

میں لڑائی ختم کرنے کی پیشکش بھیجی ہے۔

بقیہ 14

نیتن یاہو، متعدد وزرا اور سیکڑوں اسرائیلی بھی فوج کی سخت سیکیورٹی میں دیوار براق کے احاطے میں داخل ہوئے۔حماس نے نیتن یاہو کی مسجد اقصی کے نیچے سرنگوں اور کھدائی کے مقامات اور دیوار براق کے دورے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے مقدس مقام کی شناخت اور حیثیت پر کھلا حملہ قرار دیا ہے۔حماس نے اپنے ردعمل میں کہا کہ مسجد اقصی اپنے صحنوں، نمازگاہوں، دیواروں اور دروازوں سمیت مکمل طور پر مسجد رہے گی اور اسے تبدیل کرنے کی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی۔ یہ واقعہ یہودی مذہبی تہوار یوم کپور کے آغاز سے ایک روز قبل پیش آیا ہے جو پیر کی رات تک جاری رہے گا۔

بقیہ 15

افغانستان سے باہر طالبان انٹیلی جنس چیف اور بھارتی را کے نمائندوں نے پاکستان میں مشترکہ حملوں کی مالی معاونت کا فیصلہ کیا،طالبان رجیم کے اعلی حکام کیجانب سے جاری حکم میں بلوچ ریفیوجی کو آرڈی نیشن آفس نامی تنظیم کو اسلحہ فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی۔ 26 اگست کو قندھار میں طالبان کی سرپرستی میں فتنہ الہندوستان، فتنہ الخوارج اور القاعدہ کی شخصیات کی ہنگامی ملاقات ہوئی، افغان انٹرنیشنل اجلاس میں فتنہ الہندوستان سے وابستہ بشیر زیب، خلیل بلوچ، صفت اللہ مینگل، انور نظامی اور مجید بلوچ کی شرکت کا بھی انکشاف ہوا، دستاویز کے مطابق، زیادہ تر حملے فتنہ الخوارج اور القاعدہ [illegible]

بقیہ 16

[illegible]

بقیہ 17

[illegible]

بقیہ 18

[illegible]

بقیہ 19

[illegible]

گے۔خاتون اول میلانیا ٹرمپ اور پنگ لی یوان کی اس دوران الگ ملاقات ہوگی جبکہ دونوں کے شوہر اہم مذاکرات میں مصروف ہوں گے۔ صحافیوں کو شی جن پنگ کے دورے کے بارے میں بریفنگ دینے والے حکام نے اس ملاقات کی مزید تفصیلات جاری نہیں کیں۔ آئندہ جمعرات کی شب صدر شی جن پنگ اور ان کی اہلیہ پنگ لی یوان اس سرکاری عشائیے میں مہمان خصوصی ہوں گے جو صدر ٹرمپ اور خاتون اول وائٹ ہاس کے ایسٹ روم میں چینی وفد کے اعزاز میں دیں گے۔ دونوں رہنما تقریب سے خطاب بھی کریں گے۔ وائٹ ہاس نے سرکاری عشائیے کے کچھ مہمانوں کے نام جاری کر دیے ہیں، کاروباری رہنماں میں ایمازون کے بانی جیف بیزوس، ٹیسلا اور سپیس ایکس کے سربراہ ایلون مسک، گوگل کے سندر پچائی، ڈیل ٹیکنالوجیز کے چیف ایگزیکٹو مائیکل ڈیل سمیت ٹیکنالوجی کے شعبے کی کئی اہم شخصیات شامل ہیں۔بعدازاں جمعے کو شی جن پنگ اور پنگ لی یوان دوبارہ وائٹ ہاس آئیں گے جہاں ان کی صدر ٹرمپ اور خاتون اول کے ساتھ چائے کی نجی نشست ہوگی، اس کے بعد ٹرمپ جوڑے کو نیشنل آرکائیوز کا دورہ کرائیں گے۔امریکی حکام نے دورے کے دیگر اہم اور پالیسی سے متعلق امور کے بارے میں کہا کہ امریکا اور چین کچھ غیر سٹریٹجک اشیا پر ٹیرف میں کمی کے لیے تیار ہو سکتے ہیں۔سینئر امریکی حکام نے صحافیوں کو دورے کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے ایسی محدود نوعیت کی اشیا متاثر ہو سکتی ہیں جس سے دونوں ممالک کو فائدہ پہنچے۔حکام نے یہ اعتراف ضرور کیا کہ انہیں توقع نہیں کہ امریکا اپنی برآمدی پابندیوں میں ایسی نرمی کے لیے تیار ہوگا جس سے نایاب معدنیات کی عالمی منڈی میں رسد میں نمایاں اضافہ ہو سکے۔ یہ معدنیات مصنوعات کی ایک وسیع رینج میں استعمال ہونے والے اہم اجزا ہیں۔امریکی وزیر خزانہ سکاٹ بیسنٹ ہفتے کے اختتام پر الگ سے نیویارک میں چین کے نائب وزیر اعظم ہے لفنگ سے ملاقات کریں گے جس میں متعدد اقتصادی امور پر بات ہوگی۔ منصوبے سے واقف ایک شخص نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر یہ کہا کہ مصنوعی ذہانت بھی مذاکرات کا ایک اہم موضوع ہوگی۔ایجنڈے میں چین کے پاس موجود نایاب معدنیات کے ذخائر بھی شامل ہوں گے جو سمارٹ فونز سے لے کر لڑاکا طیاروں تک ہر چیز کی تیاری کے لیے ضروری ہیں۔ بیجنگ نے ان معدنیات پر اپنی تقریباً اجارہ داری کو امریکا کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لیے استعمال کیا ہے۔صدر ٹرمپ نے مئی میں چین کا دورہ کیا تھا اور اپنے پہلے صدارتی دور میں بھی وہاں گئے تھے جہاں انہوں نے شی جن پنگ سے مذاکرات کیے تھے۔اس موقع پر چینی صدر نے اپنے امریکی ہم منصب کا انتہائی پرتکلف استقبال کیا تھا۔شی جن پنگ آخری مرتبہ ستمبر 2015 میں امریکا کے سرکاری دورے پر آئے تھے جب ڈیموکریٹ صدر براک اوباما کے دور حکومت میں انہوں نے امریکا کا دورہ کیا تھا۔

بقیہ 20

18 کو سب سے پہلے حاصل کرنے کے لیے رات بھر قطاروں میں کھڑے رہے۔ڈیوائسز کی شدید شارٹیج اور مانگ کے باعث جن لوگوں نے پری آرڈر یا پہلے مرحلے میں فون خریدے، وہ اسٹور کے باہر ہی دیگر بے صبری سے انتظار کرنے والے خریداروں کو 1,500 سے 3,000 درہم تک کے اضافی منافع پر فون بیچنے لگے۔ری سیلرز کے مطابق 'آئی فون 18 پرو میکس (iPhone 18 Pro Max)' اور اس کے مخصوص نایاب رنگوں کی مانگ سب سے زیادہ ہے، جس کی وجہ سے خریدار اس کیلئے اصل قیمت سے کہیں زیادہ رقم دینے کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ 21

کی علامت نہ سمجھا جائے۔ان کے مطابق ایرانی وفد کی شرکت سے ایران کی حقیقی طاقت اور خودمختاری کا اظہار ہونا چاہیے۔امریکا نے اس سے قبل ایرانی وفد کو آئندہ ہفتے نیویارک میں ہونے والی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے لیے ویزے جاری کرنے کی تصدیق کی تھی۔

بقیہ 22

کے واقعے میں ایک اسرائیلی شدید زخمی ہوا۔ ذرائع کے مطابق کفی تسوف کے علاقے میں آبادکاروں پر ایک گاڑی سے فائرنگ کی گئی، جبکہ حملہ آور فرار ہو گیا۔اسرائیلی نشریاتی ادارے کے مطابق واقعے کے بعد اس کی تلاش جاری ہے۔دوسری جانب اسرائیلی فوج نے اعلان کیا کہ اس نے مغربی کنارے کے شمال میں تخیم چیک پوسٹ پر اسرائیلی فوجیوں کو گاڑی سے کچلنے کی کوشش کرنے والے ایک شخص پر فائرنگ کی۔تقریباً دو ہفتے قبل نابلس کے قریب بھی چاقو سے حملے کے نتیجے میں ایک اسرائیلی آبادکار زخمی ہوا تھا۔ بعد ازاں اسرائیلی فوج نے حملہ آور کو ہلاک کرنے کا اعلان کیا تھا۔یہ واقعات ایسے وقت میں پیش آئے ہیں، جب مغربی کنارے میں کئی ماہ سے مسلح اسرائیلی آبادکاروں کی جانب سے فلسطینیوں اور ان کی املاک کے خلاف تقریباً روزانہ حملے اور ہراساں کرنے کے واقعات سامنے آ رہے ہیں۔تاہم ان حملوں میں ملوث مشتبہ افراد کی گرفتاری کی کارروائیاں محدود ہیں اور انہیں عدالت میں پیش کیے جانے کے واقعات اس سے بھی کم ہیں۔واضح رہے کہ 1967 سے اسرائیل کے زیر قبضہ مغربی کنارے میں تشدد کے واقعات اکتوبر 2023 میں غزہ کی پٹی میں جنگ شروع ہونے کے بعد سے بڑھ گئے ہیں۔

بقیہ 23

میں 0.5 فیصد کمی ہوئی۔قطر کی اسٹاک مارکیٹ پر بھی دباؤ دیکھا گیا اور مرکزی انڈیکس QSI میں 0.9 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ قطر میں انڈسٹریز قطر کے حصص 3.7 فیصد گر گئے، جس سے مارکیٹ کی مجموعی کارکردگی متاثر ہوئی۔حوثیوں نے دعویٰ کیا تھا کہ انہوں نے ریاض میں بعض حساس اہداف کو میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا۔ان حملوں کے دعوے کے بعد سرمایہ کاروں میں خطے کی سیکورٹی اور توانائی کی تنصیبات سے متعلق خدشات بڑھ گئے۔خلیجی اسٹاک مارکیٹس میں ہونے والی مندی اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ خطے میں فوجی کشیدگی میں اضافے کی خبریں سرمایہ کاروں کے اعتماد اور کاروباری سرگرمیوں پر فوری اثر ڈال سکتی ہیں۔

بقیہ 24

2016 میں نیس شہر میں ہونے والے حملے کی ذمہ داری قبول کی تھی۔عدلیہ نے مزید کہا کہ 450 سے زائد شامی شہری رہا کر دیے جائیں گے کیونکہ تحقیقات میں ان کے خلاف قانونی کارروائی کا جواز پیش کرنے والا کوئی ثبوت نہیں ملا۔

بقیہ 25

مطابق سعودی مرکزی بینک نے ایم برج نیٹ ورک میں شرکت روکنے کی تصدیق کی ہے۔فنانشل ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق ایم برج نیٹ ورک ایسا سسٹم ہے جس میں شامل ممالک امریکی ڈالر سسٹم کے بجائے براہ راست لین دین کر سکتے ہیں۔رپورٹ کے مطابق سعودی مرکزی بینک نے مئی 2025 میں ایم برج کا تجرباتی مرحلہ مکمل کیا تھا۔فنانشل ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق ایم برج کا مقصد مختلف ممالک کے سینٹرل بینکس کے درمیان براہ راست ڈیجیٹل کرنسی لین دین کو ممکن بنانا ہے۔رپورٹ کے مطابق اسے امریکی ڈالر اور عالمی ادائیگیوں کے نظام سوئفٹ سسٹم کے متبادل کے طور پر بھی دیکھا جاتا ہے۔

بقیہ 26

کہا کہ ماسکو اپنے یورپی ہمسایوں کے ساتھ تعاون اور تعلقات بحال کرنے کے لیے تیار ہے۔روسی صدر نے بالٹک سمندر میں ہونے والی حالیہ فوجی مشقوں پر بھی تنقید کی اور دعوی کیا کہ ان میں شہری بحری جہازوں پر قبضے کی مشق شامل تھی۔ ان کے مطابق اگر ایسے اقدامات روس کے مفادات کے خلاف جاری رہے تو ماسکو مناسب جواب دے سکتا ہے۔پیوٹن نے اسی اجلاس میں روس کے نئے ریاستی دفاعی پروگرام کی ترجیحات بھی بیان کیں۔انہوں نے جوہری صلاحیتوں پر مشتمل نیوکلیئر ٹرائیڈ کو اہم ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا کہ روس کی اسٹریٹجک میزائل فورسز کے 92 فیصد ہتھیار جدید نظام پر مشتمل ہیں۔انہوں نے فضائی دفاع، ڈرونز، روبوٹک نظام، درست نشانے والے ہتھیاروں اور سیٹلائٹ نظام کی ترقی کو بھی ترجیحات میں شامل کیا۔

بقیہ 27

دفاعی معاہدے نے مشرق وسطی کے عسکری توازن میں ہلچل مچا دی ہے۔امریکی محکمہ خارجہ کی جانب سے سعودی فضائیہ کو 24.3 ارب ڈالر کی مالیت کے 48 عدد جدید ترین ایف35 لائٹننگ اسٹیلتھ طیارے بیچنے کے فیصلے پر اسرائیل نے گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنی فوجی برتری کو برقرار رکھنے کے لیے اسرائیلی دفاعی حکام نے وہائٹ ہاس کے سامنے بھاری مطالبات کی فہرست رکھنے کا حتمی منصوبہ بنا لیا ہے۔اسرائیلی ذرائع ابلاغ کی رپورٹس کے مطابق اسرائیل اب امریکا سے تلافی کے طور پر ایسے جدید ترین وارفیئر سسٹمز اور گائیڈڈ ہتھیاروں کے سودے منظور کرنے کا مطالبہ کرے گا جنہیں ٹرمپ انتظامیہ نے پہلے سیکیورٹی وجوہات کی بنا پر مسترد کر دیا تھا۔اس اسٹریٹجک اقدام کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ سعودی عرب کے پاس ایف 35- طیارے آنے کے باوجود خطے میں عسکری بالادستی صرف اور صرف اسرائیل کے پاس ہی رہے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ اسرائیل اب محض روایتی فضائی طاقت یا نئی نسل کے طیاروں تک محدود نہیں رہنا چاہتا بلکہ اس کی نظریں انتہائی حساس عسکری صلاحیتوں پر ٹکی ہیں۔جن میں فضا اور خلا کے کنارے پر دشمن کے بیلسٹک میزائلوں کو تباہ کرنے والے جدید انٹرسپیٹر طیارے اور دفاعی شیلڈ، اسپیس ویپنز اور بنکر بسٹر بارود شامل ہیں جن سے بالترتیب خلا سے لیکر پہاڑوں اور چٹانوں کو چیر کر زمین کی گہرائی میں بنے خفیہ بنکروں اور زیر زمین فوجی و جوہری تنصیبات کو نیست و نابود کیا جا سکتا ہے۔یاد رہے کہ جمعرات کے روز امریکا نے سعودی عرب کے دفاع کو مضبوط بنانے کے لیے چوتھی اور پانچویں نسل کے ان لڑاکا طیاروں کی فروخت کو ہری جھنڈی دکھائی تھی جس کا توڑ کرنے کے لیے اب اسرائیل امریکہ پر دباؤ بڑھا رہا ہے۔

بقیہ 28

بیک وقت جنگ بھی لڑنی ہے اور مذاکرات بھی کرنے ہیں۔قالیباف کا کہنا تھا کہ تہران اپنے دشمنوں کا مقابلہ کرنے کے لیے فوجی طاقت استعمال کرے گا، جبکہ مناسب وقت آنے پر سفارت کاری کے ذریعے میدان جنگ میں حاصل ہونے والی پیش رفت کو مستحکم کیا جائے گا۔

بقیہ 29

قبل مصنوعی ذہانت اور ڈیٹا سینٹرز کے خلاف ہونے والی تنقید کو بھی مسترد کیا تھا اور کہا تھا کہ امریکا کو اے آئی کے شعبے میں اپنی عالمی برتری برقرار رکھنی چاہیے۔ٹرمپ کے اعلان کے بعد مصنوعی ذہانت کے ضابطہ کار، سکیورٹی اور ممکنہ خطرات پر امریکا میں جاری بحث مزید اہم ہو گئی ہے۔ اسی دوران امریکی حکام چین کے ساتھ آئندہ مذاکرات میں بھی مصنوعی ذہانت کا معاملہ اٹھانے کی تیاری کر رہے ہیں۔ امریکا اور چین مصنوعی ذہانت کو معاشی اور فوجی مسابقت کے لیے اہم سمجھتے ہیں، تاہم دونوں ممالک کے درمیان جدید چپس، ٹیکنالوجی اور اے آئی کی نگرانی سے متعلق اختلافات بھی موجود ہیں۔ٹرمپ نے دعوی کیا کہ مصنوعی ذہانت آنے والے دور کی ایک بڑی صنعتی تبدیلی ثابت ہو سکتی ہے اور امریکا کو اس شعبے میں چین اور دیگر ممالک پر اپنی برتری برقرار رکھنی چاہیے۔دوسری جانب اے آئی صنعت کے بعض اہم رہنماں نے ٹیکنالوجی کی ترقی کی رفتار سست کرنے اور اس کے ممکنہ خطرات پر زیادہ مؤثر نگرانی کا مطالبہ کیا ہے۔اینتھروپک کے سربراہ ڈاریو اموڈی، اوپن اے آئی کے سربراہ سیم آلٹمین اور ایلون مسک سمیت بعض ٹیکنالوجی رہنماں نے اے آئی کی تیز رفتار ترقی سے پیدا ہونے والے خطرات پر احتیاط کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

بقیہ 30

ہوتے ہیں اور ان کی کشش ثقل روشنی اور مادے کے باہر نکلنے کے حوالے سے بہت زیادہ مضبوط ہوتی ہے۔ بلیک ہولز کی سرحد کو ایونٹ ہورائزن کہا جاتا ہے جہاں سے باہر نکلنے کے لیے روشنی کی رفتار سے زیادہ سے سفر کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔مگر آسٹریلیا کی کرٹین یونیورسٹی کی نئی تحقیق میں بتایا گیا کہ آپ کو بلیک ہول کے بہت زیادہ قریب جانا ہوتا ہے تاکہ ایونٹ ہورائزن میں داخل ہو سکیں اور وہاں پہنچنے پر ستارے تباہ ہو جاتے ہیں۔سائنسدانوں کی جانب سے کئی بار بلیک ہولز کے قریب پہنچنے پر ستاروں کی تباہی کا مشاہدہ کیا ہے جس کے لیے اسپیگیٹی فیکیشن کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ انتہائی کشش ثقل کی وجہ سے کسی جسم کا کھنچ کر لمبی لکیر یا اسپیگیٹی کی طرح پتلا ہو جانا۔اسپیگیٹی فیکیشن کے بعد بلیک ہول بتدریج ستاروں کو نگل لیتا ہے، جس کے بعد دیگر مادے واپس خلا میں ایک فوارے کی طرح خارج ہوتے ہیں۔ محققین کے مطابق آپ ایسا کہہ سکتے ہیں کہ یہ بلیک ہول کی جانب سے لی جانے والی ڈکار ہے۔مگر تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ ایسا 2 مختلف مراحل کے دوران ہوتا ہے۔ محققین نے بتایا کہ اس سے پہلے یہ عمل ایک اسرار تھا کیونکہ کئی بار مادوں کا اخراج 2 مراحل میں کبھی ایک سال کے درمیان ہوتا ہے جبکہ کئی بار 3 یا 5 سال بعد ایسا ہوتا ہے۔اس تحقیق کے دوران ریڈیو ٹیلی اسکوپس کو استعمال کر کے بلیک ہول سے مادوں کے اخراج کے 20 ایونٹس کا تجزیہ کیا گیا۔تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ بہت بڑے بلیک ہولز ستاروں کو ہضم کرنے کے بعد مادوں کو 2 مختلف مراحل میں خارج کرتے ہیں۔ پہلی بار ایسا اس وقت ہوتا ہے جب بلیک ہول ستارے کو تیزی سے نگل رہے ہوتے ہیں اور دوسری بار سیکڑوں یا ہزاروں دن بعد ہوتا ہے۔خیال رہے کہ کائنات کے اسراروں میں سے ایک اسرار بلیک ہول بھی ہے جسے جاننے اور سمجھنے کے لیے سائنسدان تگ ودو میں لگے رہتے ہیں۔ بلیک ہول کائنات کا وہ اسرار ہے جسے کئی نام دیے گئے ہیں، کبھی اسے ایک کائنات سے دوسری کائنات میں جانے کا راستہ کہا جاتا ہے تو کبھی موت کا گڑھا۔کوئی بھی ستارہ بلیک ہول اس وقت بنتا ہے جب اس کے تمام مادے کو چھوٹی جگہ میں قید کر دیا جائے۔ اگر ہم اپنے سورج کو ایک ٹینس بال جتنی جگہ میں مقید کر دیں تو یہ بلیک ہول میں تبدیل ہو جائے گا۔

بقیہ 31

ہیومن رائٹس کے سربراہ باسم طریفی نے کہا یہ گرفتاری سیاسی وجوہ پر کی گئی ہے۔اس لیے یہ سیاسی قیدی ہیں۔ ان کی جلد رہائی کی جائے۔ انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والے گروپ نے 2025 کے بعد ایک فلوٹیلا کے غزہ لے جانے کی تیاری کی تھی مگر بعد ازاں یہ منصوبہ منسوخ کر دیا گیا۔این جی او کے سربراہ نے کہا فلسطینیوں کی حمایت میں اس تحریک کے حق میں بڑی تعداد میں لوگ آئے ہیں۔ان کارکنوں کے لیے عوامی حمایت موجود ہے کیونکہ یہ معاملہ فنڈز کی محض بندوبستی غلطی کا تھا۔گزشتہ برس فلوٹیلا تیونس کی بندرگاہ سیدی بوسعید پر لنگر انداز تھا جب دو ڈرونز کے ذریعے اس پر حملہ کیا گیا۔

بقیہ 32

آبنائے باب المندب کے راستے تجارت شامل ہے۔انہوں نے سعودی جہازوں کو نشانہ بنانے والے حملوں کو مسترد کرتے ہوئے انہیں "مکمل طور پر ناقابل قبول "قرار دیا۔گوتیریس نے بحری نقل وحمل کے حقوق اور آزادی کے احترام کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

بقیہ 33

ادارے کے مطابق اسماعیل بقائی نے ایک بیان میں کہا کہ پاکستانی وزیر داخلہ کے دورہ ایران سے متعلق کسی امریکی پیغام سے آگاہ نہیں۔اس سے پہلے ایران کی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی نے ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ قطری اور پاکستانی ثالثوں کے ساتھ مشاورت جاری ہے۔

بقیہ 34

میں واقع صوبے چیبا کے جزیرہ نما بوسو سے ٹکرا سکتا ہے جس کے نتیجے میں موسلا دھار بارش، شدید ہوائیں چلنے اور سمندر میں اونچی لہریں اٹھنے کا امکان ہے، اس سے نشیبی علاقوں میں سیلاب کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔ یہ سمندری طوفان ایسے وقت میں آ رہا ہے جب جاپان میں پانچ روزہ تعطیلات جاری ہیں۔ممکنہ متاثرہ علاقوں کے مکینوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ موسم کی تازہ ترین صورتحال سے آگاہ رہیں اور احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔شہری علاقوں میں لوگوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ سڑکوں اور زیر زمین تنصیبات میں ممکنہ سیلابی صورتحال کے حوالے سے محتاط رہیں۔

بقیہ 35

خاص طور پر حوثیوں اور سعودی عرب کے درمیان حالیہ جھڑپوں کا حوالہ دیا جن میں ہوائی اڈوں پر حملے بھی شامل ہیں اور خبردار کیا کہ کشیدگی میں اضافہ ہو سکتا ہے۔امریکی محکمہ خارجہ نے بھی ایک الگ وارننگ جاری کرتے ہوئے کہا کہ یمن میں سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان تنازعے میں کشیدگی بڑھنے کا امکان موجود ہے۔

بقیہ 36

لیا۔اس دوران امریکی وزیر جان ایل اسٹیونز نے امریکی بحری جہاز یو ایس ایس بوسٹن سے میرینز اور بحری فوج اتارے۔ بظاہر یہ اقدام امریکی شہریوں اور املاک کے تحفظ کے لئے کیا گیا تھا، مگر ان مسلح دستوں کی موجودگی نے عملی طور پر ملکہ کے حامیوں کو خوف زدہ اور دباؤ میں مبتلا کر دیا۔اپنے عوام کی جانیں خطرے میں ڈالنے کے بجائے ملکہ نے مزاحمت ترک کر دی۔انہوں نے واضح کیا کہ وہ "ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی برتر قوت" کے سامنے اقتدار سے دستبردار ہو رہی ہیں،اس امید کے ساتھ کہ انصاف بالآخر ان کا تخت انہیں واپس دلا دے گا۔اس کے فوراً بعد سانفورڈ بی ڈول کی سربراہی میں ایک عبوری حکومت قائم ہوئی، جسے امریکی نمائندے اسٹیونز نے تسلیم کر لیا۔ڈول خود بھی ان مشنری خاندانوں سے تعلق رکھتے تھے جنہوں نے ہوائی میں گہری جڑیں قائم کر لی تھیں۔صدر گروور کلیولینڈ نے معاملے کی تحقیقات کرائیں۔ کمشنر جیمز بلاؤنٹ کی رپورٹ کے بعد ان کا نتیجہ یہ تھا کہ آئینی حکومت کو امریکی نمائندوں کی فعال معاونت اور امریکی بحری افواج کی مسلح موجودگی کے ذریعے کمزور اور معطل کیا گیا تھا۔صدر کلیولینڈ نے الحاق کا زیر غور معاہدہ واپس لے لیا اور ملکہ کو دوبارہ تخت پر بحال کرنے کی کوشش کی، مگر عبوری حکومت نے انکار کر دیا اور کانگریس بھی عملی اقدام کے لئے آمادہ نہ ہوئی۔(جاری ہے)

بقیہ 37

کے ساتھ ہمارا رابطہ ہے، جماعت اسلامی کے پرامن اور سمجھدار لوگ ہیں، قانون سب کے لئے یکساں ہے، فیول ریلیف سکیم کے حوالے سے شکایات بھی آ رہی ہیں، جو شکایات آ رہی ہیں، انہیں حل کیا جا رہا ہے، پٹرولیم ریلیف سکیم ٹارگٹڈ سبسڈی ہے، تقریباً اڑھائی کروڑ موٹر سائیکلیں پاکستان میں رجسٹرڈ ہیں جو اس سکیم سے مستفید ہوں گے۔ اتوار کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے موجودہ صورتحال میں عوام کے لئے خصوصی فیول ریلیف سکیم کا اجراء کیا، پرائم منسٹر فیول ریلیف سکیم کامیابی سے جاری ہے، پوری دنیا میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے، خطے میں کشیدگی کی وجہ سے تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم نے غریب طبقے کا احساس کرتے ہوئے تمام متعلقہ محکموں کو بروقت ہدایات جاری کیں، وزیراعظم نے خصوصی ریلیف سکیم کی ہر مرحلے پر خود نگرانی کی۔ انہوں نے کہا کہ رجسٹریشن کا عمل وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تعاون سے کامیابی سے مکمل کیا گیا، وزیراعظم کو عوام کی فلاح و بہبود کا خصوصی خیال ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے 15 سال کی بجائے 20 سال پرانی موٹر سائیکل، رکشہ اور گاڑیوں کو بھی سکیم کا حصہ بنایا۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ یکم جنوری 2006ء کے بعد رجسٹرڈ تمام موٹر سائیکل، رکشے، چنگ چی سکیم میں رجسٹریشن کے لئے اہل ہو گئے ہیں، سکیم میں اندراج کے لئے ایس ایم ایس بھی فری کر دیا گیا ہے، ایک ٹوکن پر پانچ لیٹر پٹرول کی حد کو ختم کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام صوبائی حکومتوں بشمول آزاد کشمیر و گلگت بلتستان کی حکومتوں نے سکیم پر عمل درآمد کے لئے بھرپور کردار ادا کیا، موٹر سائیکل، چنگ چی یا رکشہ استعمال کرنے والوں کو مہینے میں چار ٹوکن ملیں گے، 800 سی سی تک کی گاڑیوں کو ہر دس دن بعد 10 لیٹر پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر رعایت دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ سہولت تمام پٹرول پمپوں پر دستیاب ہیں، اوگرا کے ذریعے پٹرول اسٹیشنوں کو باقاعدہ ہدایات جاری کی جاتی ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ اسکیم کا پورے پاکستان میں کامیاب اجراء ہوا ہے، اس وقت تک اسکیم کے تحت 22 لاکھ سے زائد افراد رجسٹرڈ ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 92 فیصد موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشہ استعمال کرنے والے ہیں، موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشوں کے لئے مالک ہونے کی شرط بھی ختم کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف گزشتہ روز 5 لاکھ 57 ہزار سے زائد رجسٹریشن ہو چکی ہے، اب تک 19 لاکھ ٹوکن جاری کئے جا چکے ہیں، ایک لاکھ 52 ہزار 800 سی سی گاڑیوں کو ٹوکن جاری کئے گئے ہیں، صرف گزشتہ روز 5 لاکھ 45 ہزار سے زائد ٹوکن جاری کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کو اسکیم کے حوالے سے لمحہ بہ لمحہ آگاہ کیا جا رہا ہے، عوام کی آراء کی روشنی میں اس سکیم میں مزید بہتری لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اسکیم سب سے زیادہ مستحق افراد کے لئے لائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ اس میں کسی قسم کا خلل نہ آئے، ہماری ذمہ داری ہے، کوئی پرتشدد جتھہ اسلام آباد نہیں آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ فیول ریلیف سکیم کے حوالے سے شکایات بھی آ رہی ہیں، جو شکایات آ رہی ہیں، انہیں حل کیا جا رہا ہے، عوام کے لئے آگاہی مہم بھی چلائی جا رہی ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ عوام کو فیول ریلیف سکیم میں رجسٹریشن کے لئے باقاعدہ ٹیوٹوریل کے ذریعے آگاہ کیا جا رہا ہے، امپلی منٹیشن کمیٹی کی میٹنگ میں تمام صوبوں کے نمائندے موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ فیول ریلیف اسکیم کے تحت ڈیٹا اکٹھا کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم ریلیف سکیم ٹارگٹڈ سبسڈی ہے، تقریباً اڑھائی کروڑ موٹر سائیکلیں پاکستان میں رجسٹرڈ ہیں جو اس سکیم سے مستفید ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے کفایت شعاری مہم کے تحت بہت سے اقدامات پر عمل درآمد شروع کر دیا ہے، اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے اجلاس میں کئی وزراء وزیراعظم کے ہمراہ روانہ نہیں ہوئے، انتہائی مختصر وفد وزیراعظم کے ہمراہ دورہ پر روانہ ہوا ہے۔

بقیہ 38

۔ذرائع کے مطابق سیاسی جماعتوں کے احتجاج کے پیش نظر خیبر پختونخوا سے وفاق آنے والے راستوں کے سروے کے بعد اسلام آباد آنے والوں مظاہرین روکنے کیلئے حکمت عملی تیار کر لی گئی۔ وفاقی پولیس نے خیبر پختونخوا سے اسلام آباد آنے والی شاہراہوں پر خندقیں کھودنے کا فیصلہ کر لیا، جی ٹی روڈ پر احتجاجی قافلوں کو روکنے کیلئے خندقیں کھودی جائیں گی، 26 نمبر چونگی، پیرودھائی، آئی جی پی روڈ، اسوال موڑ، کٹی پہاڑی پر خندقیں کھودنے کا فیصلہ ہوا ہے۔خیبر پختونخوا سے اسلام آباد آنے والے راستوں پر رکاوٹیں کھڑی کی جائیں گی، اسلام آباد کی اہم شاہراہوں پر رکھے کنٹینرز میں مٹی کی بوریاں بھرنے کا فیصلہ ہوا ہے۔ ریڈزون کے گرد رکھے کنٹینرز میں مٹی سے بھری بوریاں ڈالی جائیں گی، گاڑیوں کی آمدورفت روکنے کیلئے بھی مٹی کی بوریاں رکھی جائیں گی، بوریوں میں مٹی بھرنے کیلئے درجنوں مزدوروں کو کام پر لگا دیا گیا۔ بوریاں بھرنے کیلئے مٹی کی ٹرالیاں ریڈزون میں بھی منگوائی جا رہی ہیں۔

بقیہ 39

کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کارروائیاں جاری رہیں گی اور غیر ملکی سرپرستی و معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔اتوار کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے مؤثر کارروائی کے نتیجے میں فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی کارکردگی کو سراہا۔صدر مملکت نے دہشت گردوں کے ٹھکانے سے مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرانے ، ٹرک، بسیں اور گاڑیاں برآمد کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے قلات کے قریب پاکستان ہائی وے (این 25) پر دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔اتوار کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کرتے ہوئے پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کیا اور دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 23 مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا، جو لائق تحسین ہے۔دہشت گردوں کی جانب سے قومی شاہراہ پر عوام کی پرامن نقل و حرکت کو متاثر کرنے، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کی مذموم کوشش کو سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی سے ناکام بنایا۔وزیراعظم نے دہشت گردوں کے قبضے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور دو گاڑیوں سمیت بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد برآمد کرنے پر بھی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کارروائیاں جاری رہیں گی اور غیر ملکی سرپرستی و معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔

بقیہ 40

پارلیمنٹ ہاؤس سمیت وفاقی وزارتوں اور سیکرٹریٹ کی جانب جانے کے راستے محدود کردیے گئے ۔وفاقی حکومت نے جماعت اسلامی، کسان اتحاد اور تحریک انصاف کے احتجاج کے پیش نظر وفاقی دارالحکومت کی مختلف شاہراہوں پر کنٹینرز پہنچا دیے ہیں۔ ریڈزون کی جانب جانے والے راستے بھی بند کردیے گئے ہیں ۔پارلیمنٹ ہاؤس سمیت شاہراہ دستور پر داخلے کے لئے مارگلہ روڈ استعمال کیا جا رہا ہے جہاں پر پولیس اور سیکورٹی اہلکاروں کی بھاری نفری تعینات ہے۔

بقیہ 41

نوید اشرف نے بحری مشق سی اسپارک 2026 کے دورہ کے دوران مختلف بحری جہازوں ، کریکس کے علاقے ، نیول تنصیبات کا دورہ اور مشق کی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق مشق سی اسپارک 2026 کے دوران ملٹی ڈومین آپریشنز کا عملی مظاہرہ اور خودکار سسٹمز کا وسیع پیمانے پر استعمال کیا گیا۔دورے کے دوران چیف آف دی نیول اسٹاف نے پاک بحریہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر اطمینان کا اظہار کیا، امیر البحر نے ملکی سمندری حدود کے دفاع میں افسران اور جوانوں کی بے لوث لگن اور عزم کو سراہا۔

بقیہ 42

توڑیں گے اور نہ راستے بند کریں گے جبکہ لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کا بالکل استعمال نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ عدالت کو آئی جی خیبر پختونخوا سے حلف نامہ طلب نہیں کرنا چاہیے تھا، ایسا تاثر بھی نہیں دینا چاہیے کہ خیبر پختونخوا کے عوام اور پولیس آپس میں لڑ پڑیں گے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس کی استعداد کار بڑھانے کی کوشش کی جا رہی ہے،صوبے نے گزشتہ سال پولیس محکمے پر 45 ارب روپے خرچ کیے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ یقینی بنائیں گے کہ پولیس میں سیاسی مداخلت نہ ہو، وزیراعلی کو پولیس کے اختیارات ملنے کے بعد وہ انہیں من پسند بنیادوں پر استعمال نہیں کریں گے بلکہ پولیس کی بہتری کے لیے اقدامات کریں گے۔

بقیہ 43

درمیانی شب دہشت گردوں نے چمن- کراچی نیشنل ہائی وے این 25 پر قلات کے قریب جعلی ناکہ لگا کر گاڑیاں چھین کر اغوا برائے تاوان اور بھتہ خوری کے ذریعے پرامن آمد و رفت کو متاثر کرنے کی کوشش کی۔اطلاع ملتے ہی سیکیورٹی فورسز نے فوری اور بھرپور ردعمل دیا، جس کے نتیجے میں فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔فورسز کی موثر کارروائی کے باعث بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والی پراکسی 'فتنہ الہندوستان' کے 5 دہشت گرد موقع پر ہی ہلاک ہو گئے۔سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے سے کامیابی کے ساتھ 23 مغویوں کو بازیاب کرایا۔ اس کے علاوہ ٹھکانے سے 6 ٹرک، 3 بسیں اور 2 کاریں بھی برآمد کر لی گئیں، جبکہ بڑی مقدار میں اسلحہ، بارودی مواد اور دھماکہ خیز مواد بھی قبضے میں لے لیا گیا۔ترجمان پاک فوج کا کہنا ہے کہ علاقے میں موجود کسی بھی ممکنہ دہشت گرد کے خاتمے اور اہم قومی شاہراہوں سمیت مقامی آبادی کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے۔آئی ایس پی آر نے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ قومی ایکشن پلان کی فیڈرل ایپکس کمیٹی کی منظوری کے مطابق ویژن "عزم استحکام" کے تحت دہشت گردی کے خلاف جاری مہم پورے عزم کے ساتھ جاری رہے گی۔ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے غیر ملکی سرپرستی میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ادھروزیراعظم محمدوزیراعظم محمد شہباز شریف نے قلات کے قریب پاکستان ہائی وے)چمن- کراچی،این 25 پر دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کیا اور دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 23 مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا، جو قابل تحسین ہے دہشت گردوں کی جانب سے قومی شاہراہ پر عوام کی پرامن نقل و حرکت کو متاثر کرنے، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کی مذموم کوشش کو سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی سے ناکام بنایا۔دہشت گردوں کے قبضے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور دو گاڑیوں سمیت بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد برآمد کرنے پر بھی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کارروائیاں جاری رہیں گی اور غیر ملکی سرپرستی و معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔

بقیہ 44

مظاہرہ کیا اور دہشت گردوں کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔23 سالہ کیپٹن ابوذر فاروق کا تعلق ضلع گوجرانوالہ سے تھا، جبکہ 22 سالہ لیفٹیننٹ شیراز بابر ضلع چکوال سے تعلق رکھتے تھے۔فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق جھڑپ کے بعد علاقے میں ممکنہ طور پر بھارتی سرپرستی میں سرگرم خوارج کے خاتمے کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو محفوظ بنانے اور دہشت گرد عناصر کی موجودگی ختم کرنے کے لیے کارروائیاں جاری رکھی ہوئی ہیں۔آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ ملک سے دہشت گردی کے خاتمے اور دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ سیکیورٹی فورسز کے افسران اور جوانوں کی قربانیاں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عزم اور حوصلے کی علامت ہیں۔

بقیہ 45

کر رہے تھے۔جیل ذرائع کے مطابق میڈیکل ٹیم کو اڈیالہ جیل اسپتال کے طبی عملے کی بھی معاونت حاصل تھی۔خیال رہے کہ اس سے قبل بھی پمز اسپتال کے ماہر ڈاکٹرز کی ٹیم اڈیالہ جیل میں عمران خان کا طبی معائنہ کر چکی

بقیہ 46

عوام کی پرامن آمدورفت متاثر کرنے، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کی مذموم کوشش کو سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی سے ناکام بنا دیا۔ وزیراعلی نے دہشت گردوں کے ٹھکانے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور دو گاڑیوں سمیت بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کرنے پر بھی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزیراعلی بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے متحد اور پرعزم ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے خلاف موثر کارروائی کے ذریعے عوام اور قومی شاہراہوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 47

اسلام آباد سے نیویارک چلے گئے ہیں، جہاں وہ 21 سے 25 ستمبر تک وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے ہمراہ ہوں گے۔وزارت خارجہ کی جانب سے جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا گیا کہ اس اعلی سطحی ہفتے کے دوران نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ کا پروگرام وسیع اور مختلف نوعیت کی سرگرمیوں پر مشتمل ہوگا۔بیان کے مطابق وزیر خارجہ اور وزیراعظم کشمیر کے معاملے پر او آئی سی رابطہ گروپ کے اجلاس میں شرکت کریں گے جس میں وہ کشمیریوں کے حقوق کیلئے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کریں گے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے مزید کہا گیا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موقع پر ہونے والے او آئی سی کے متعدد وزارتی اجلاسوں میں بھی شرکت کریں گے جن میں او آئی سی وزرائے خارجہ کا سالانہ رابطہ اجلاس اور او آئی سی رابطہ گروپ کے دیگر اجلاس شامل ہیں۔ تفصیلی بیان میں بتایا گیا کہ فلسطینی کاز کے لیے پاکستان کی مضبوط حمایت کے اظہار کے طور پر نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ فلسطین کے معاملے پر ہونے والے کئی اعلیٰ سطحی اجلاسوں میں شرکت کریں گے۔ان اجلاسوں میں آٹھ عرب اور اسلامی ممالک کے گروپ کا اجلاس اور دو ریاستی حل کے نفاذ کے لیے عالمی اتحاد کا اعلیٰ سطحی وزارتی اجلاس بھی شامل ہیں۔نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ مصنوعی ذہانت کے معاملے پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی اعلیٰ سطحی بریفنگ میں بھی خطاب کریں گے، اس کے علاوہ وہ وبائی امراض سے بچاؤ، تیاری اور ردعمل سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس میں بھی شرکت کریں گے۔ وہ اقتصادی تعاون تنظیم کی وزرائے خارجہ کونسل کے اجلاس کی صدارت بھی کریں گے۔ بیان کے مطابق نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ کئی ممالک کے ہم منصب وزرائے خارجہ سے دوطرفہ ملاقاتیں کریں گے جبکہ وزیر اعظم کے ہمراہ اعلیٰ سطحی دوطرفہ ملاقاتوں اور دیگر سرگرمیوں میں بھی شریک ہوں گے۔وزارت خارجہ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ ان وسیع سفارتی سرگرمیوں کے دوران وہ علاقائی اور عالمی امن و استحکام کے لیے پاکستان کی جاری کوششوں کو اجاگر کریں گے اور اہم علاقائی و بین الاقوامی چیلنجز پر تبادلہ خیال کریں گے۔

بقیہ 48

نے دو مرحلوں پر مشتمل منصوبہ تیار کر لیا، 5 سالہ شارٹ ٹرم پلان سے 3 ارب 45 کروڑ ڈالر اور لانگ ٹرم پلان سے 7 ارب ڈالر سے زائد درآمدی بچت کا تخمینہ لگایا گیا۔ پاکستان میں خوردنی تیل کی درآمد پر خرچ ہونے والے اربوں ڈالر بچانے کی پالیسی تیار کر لی گئی، حکومت نے درآمدی بل گھٹانے اور مقامی پیداوار بڑھانے کیلئے دو مرحلوں پر مشتمل منصوبہ بنا لیا۔ وزارت غذائی تحفظ کی دستاویز کے مطابق پہلے مرحلے میں 2026 تا 2031 شارٹ ٹرم پلان پر کام ہوگا۔ سورج مکھی، کینولا، تل اور سویا بین کی پیداوار بڑھائی جائے گی۔ شارٹ ٹرم منصوبے سے 3 ارب 45 کروڑ ڈالر مالیت کی درآمدی بچت کا تخمینہ ہے۔منصوبے کے تحت تقریبا 967 ارب روپے کے معاشی فوائد حاصل ہونے کا تخمینہ ہے۔ دوسرے مرحلے میں 10 سالہ لانگ ٹرم پلان کے تحت قابل کاشت رقبہ بڑھانے کی تجویز ہے۔لانگ ٹرم منصوبے سے 7 ارب ڈالر سے زائد درآمدی متبادل فوائد حاصل ہونے کا امکان جبکہ تقریبا 1965 ارب روپے کی معاشی سرگرمی کی توقع ہے۔سورج مکھی کی پیداوار 20 لاکھ ٹن تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا گیا۔ قومی آئل سیڈ پالیسی کے تحت درآمدی خوردنی تیل پر 40 فیصد تک ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کرنے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ پاکستان کا پام آئل کا سالانہ درآمدی بل 3 ارب 80 کروڑ ڈالر تک پہنچ چکا، ملکی ضرورت کا صرف 10 فیصد خوردنی تیل مقامی طور پر پیدا جبکہ 90 فیصد درآمد کیا جاتا ہے۔ مجموعی طور پر اشیائے خورونوش کا سالانہ درآمدی بل بھی 7 ارب ڈالر سے زائد ہے۔ کثیر زرمبادلہ بچانے کیلئے مقامی پیداوار بڑھا کر درآمد پر انحصار کم کرنے کا منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔

بقیہ 49

۔اسلام آباد میں اہم گفتگو میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان کا معاشی سفر استحکام سے معاشی ترقی کی جانب گامزن ہے، زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے ، مالیاتی خسارہ کم ہو کر 22 سال کی کم ترین سطح 2.6 فیصد پر آ گیا، محصولات میں اضافے اور اخراجات میں کمی سے مالیاتی خسارہ کم ہوا، کرنٹ اکاؤنٹ 14 سال بعد سرپلس میں آیا ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ مالی سال کرنٹ اکاؤنٹ تقریبا متوازن رہا، رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ میں بھی یہی رجحان برقرار ہے ،ترسیلات زر میں مسلسل بہتری کا رجحان برقرار ہے، آئی ٹی برآمدات 4.6 ارب ڈالر سے بڑھ کر 5.5 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے، اشیا کی برآمدات میں بھی بہتری آنا شروع ہو گئی ہے۔وزیر خزانہ نے کہا کہ اشیا کی برآمدات میں بہتری سے کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ صفر سے ایک فیصد جی ڈی پی تک محدود رکھنے میں مدد مل رہی ہے، گزشتہ مالی سال جی ڈی پی گروتھ 3.7 فیصد رہی، رواں سال معاشی شرح نمو چار فیصد سے زائد رہنے کی توقع ہے، لارج اسکیل مینوفیکچرنگ میں گزشتہ سال نمایاں بحالی ہوئی، جولائی اور اگست میں لارج اسکیل مینوفیکچرنگ میں ماہانہ اور سالانہ بنیادوں پر اضافہ ہوا، کارپوریٹ منافع میں بھی اضافہ ہوا ہے، اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاروں، خصوصا نوجوانوں کی شرکت میں اضافہ ہوا ہے۔وزیر خزانہ نے کہا کہ گزشتہ سال 11 آئی پی اوز جبکہ رواں سال پہلے دو ماہ میں 5 آئی پی اوز ہو چکے ہیں، آئی پی اوز میں اضافہ کاروبار میں توسیع اور نئے یونٹس کے قیام کے لیے سرمایہ کاری کے رجحان کی علامت ہے۔انہوں نے کہا کہ آئی پی اوز میں اضافہ کاروباری اور سرمایہ کاری کے اعتماد میں بہتری کا اہم اشارہ ہے، مشرق وسطی اور خلیج کی صورتحال عالمی تجارت کے لیے بڑے چیلنجز کا باعث ہے۔سپلائی چین میں خلل، فریٹ اور انشورنس اخراجات میں اضافہ عالمی تجارت کو متاثر کر رہا ہے۔دہشت گردی کی حالیہ لہر اور قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع بڑا نقصان ہے، پاک فوج اور سول آرمڈ فورسز دہشت گردی کے خلاف پوری طرح متحرک ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ہڑتالوں، دھرنوں، لانگ مارچ اور سڑکوں کی بندش سے معاشی سرگرمیوں میں تعطل خود اپنے ہاتھوں سے پیدا کیا ہوا نقصان ہو سکتا ہے، ہڑتالوں، دھرنوں اور سڑکوں کی بندش سے یومیہ 120 ارب روپے کا معاشی نقصان ہو سکتا ہے، سروسز سیکٹر کو یومیہ تقریبا 86 ارب روپے نقصان کا تخمینہ ہے، صنعتی شعبے کو معاشی تعطل سے یومیہ تقریبا 25 ارب روپے نقصان کا خدشہ ہے تعمیرات، تیار شدہ اشیاء، خام مال اور سپلائی چین سے متعلق سرگرمیاں متاثر ہو سکتی ہیں، زرعی شعبے کو یومیہ تقریبا 9 ارب روپے نقصان کا تخمینہ ہے ٹرانسپورٹ، جلد خراب ہونے والی اشیاء، ڈیری سپلائی چین اور زرعی تجارت متاثر ہو سکتی ہے۔وزیر خزانہ نے کہا کہ گزشتہ دو سال میں ٹیکس محصولات میں تقریبا 40 فیصد اضافہ ہوا ہے، مالیاتی نظم وضبط کو مستقل بنیادوں پر برقرار رکھنے میں ایف بی آر کا اہم کردار ہے، رواں سال اشیا کی برآمدات کا ہدف 32.9 ارب ڈالر مقرر ہے، اشیا کی برآمدات میں تقریبا 6 فیصد اضافے کی توقع ہے، پہلے دو ماہ میں اشیا کی برآمدات درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہیں، اشیا کی برآمدات کا اوسط یومیہ حجم تقریبا 90 ملین ڈالر ہے۔

بقیہ 1

حکمرانوں نے عملی اقدامات اور حقوق دینے کے بجائے صرف وعدوں اور اعلانات پر اکتفا کیا، جس کے باعث آج بلوچستان بارود پر کھڑا ہے اور عوام بدحال و پریشان ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے اسلام آباد لانگ مارچ و دھرنے کی تیاریوں کے حوالے سے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امرا زاہد اختر بلوچ، مولانا محمد عارف دمڑ، عبدالمجید سربازی، عبدالنعیم رند، پروفیسر سلطان محمد کاکڑ، ارشد محمود، طیب فرید خان، عبدالولی خان شاکر، احمد شاہ غازی، روح اللہ سالار سمیت دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔اجلاس میں لانگ مارچ و دھرنے کے حوالے سے اب تک کی سرگرمیوں، تیاریوں، رابطوں، شرکا کی تعداد، سفری انتظامات اور مختلف اضلاع سے روانہ ہونے والے قافلوں کا جائزہ لیا گیا جبکہ متعلقہ کمیٹیوں نے اپنی رپورٹس بھی پیش کیں۔مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ اسلام آباد دھرنے میں بلوچستان کے نوجوان، علمائے کرام، طلبہ و طالبات، اساتذہ کرام، تاجر، مزدور اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کثیر تعداد میں شریک ہوں گے۔ بلوچستان سے کچھ قافلے کراچی کے قافلوں کے ساتھ روانہ ہو چکے ہیں، جبکہ مختلف اضلاع سے مزید قافلے آج اور کل اسلام آباد کے لیے روانہ ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے مسائل، مطالبات، دکھ اور درد بھی اسلام آباد دھرنے میں اپنے قائدین اور پوری قوم کے سامنے پیش کریں گے۔ بلوچستان کے عوام بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی، بارڈرز اور سڑکوں کی بندش سمیت متعدد مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ حکمران بلوچستان کے مشکلات اور مسائل سے منہ نہ موڑیں بلکہ عوام کو ان کے حل کے لیے عملی اقدامات اور فوری ریلیف فراہم کریں۔امیر جماعت اسلامی بلوچستان نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات پر مختلف ٹیکسز اور لیوی کے نام پر عوام پر مزید بوجھ ڈالنے کے بجائے حکمران اپنی شاہ خرچیوں اور غیر ضروری اخراجات میں کمی کریں۔عوام پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، ایسے میں نئے ٹیکسز اور اضافی مالی بوجھ عوام کے مسائل میں مزید اضافہ کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے ہمیشہ آئینی، جمہوری اور پرامن جدوجہد کے ذریعے عوام کے مسائل اجاگر کیے ہیں اور آئندہ بھی بلوچستان سمیت ملک بھر کے عوام کے حقوق کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ اسلام آباد دھرنے میں بلوچستان کے عوام کی بھرپور نمائندگی ہوگی اور صوبے کے بنیادی حقوق، امن، روزگار، تعلیم، صحت، بارڈر تجارت اور عوام کو درپیش دیگر مسائل کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جائے گا۔

بقیہ 2

کوئلہ مائنز ایریا میں نامعلوم مسلح افراد نے 5 کوئلہ کانوں پر حملہ کر کے وہاں پر نصب مشینری جس میں 13 انجن اور 2 کمپریسر سمیت دیگر قیمتی مشینوں کو آگ لگادی اور فرار ہوگئے بتایا جاتا ہے کہ ٹھیکیدار عبدالخالق ،حضرت، محمد نبی، شیخ محمد اور نجیب کی کوئلہ کانوں کی مشینری کو جلایا گیا ہے۔مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔کوہلو کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے پولیس کے مطابق گزشتہ شب کوہلو کے نواحی علاقے سنجار میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی جس کی شناخت خان محمد کے نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 3

آف ویمن اور اسلامک ریلیف کے درمیان خواتین اور بچیوں کے حقوق کے تحفظ سے متعلق مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ دیا جائے گا ۔اس موقع پر چیئرپرسن کرن بلوچ نے کہا کہ کم عمری کی شادی ایک اہم سماجی مسئلہ ہے جو بچیوں کی تعلیم، صحت، تحفظ اور مستقبل کے مواقع پر منفی اثرات مرتب کرسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے صرف قانون سازی کافی نہیں بلکہ معاشرے میں آگاہی، والدین اور کمیونٹیز کی شمولیت، ادارہ جاتی تعاون اور مؤثر پالیسی اقدامات بھی ضروری ہیں۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن خواتین اور بچیوں کے حقوق کے تحفظ، صنفی مساوات کے فروغ اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے اپنے آئینی و قانونی مینڈیٹ کے تحت مؤثر کردار ادا کر رہا ہے۔اسلامک ریلیف کے ساتھ مفاہمتی یادداشت اس مقصد کے حصول کے لیے ایک اہم تعاون ثابت ہوسکتی ہے۔محترمہ کرن بلوچ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ BCSW بلوچستان میں خواتین اور بچیوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سرکاری اداروں، غیر سرکاری تنظیموں، ترقیاتی شراکت داروں اور سول سوسائٹی کے ساتھ تعاون کو مزید وسعت دے گا۔انہوں نے کہا کہ مشترکہ کوششوں کے ذریعے ایسی حکمت عملی تشکیل دی جاسکتی ہے جو بچیوں کے حقوق کے تحفظ، ان کی تعلیم کے تسلسل اور خواتین کے لیے باوقار اور بااختیار زندگی کے مواقع کو فروغ دے۔

بقیہ 4

اور گاڑیاں چھیننے میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائی کی گئی۔ دہشت گردوں کے ٹھکانے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور دو گاڑیاں بھی برآمد ہوئیں، جبکہ بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد قبضے میں لیا گیا۔شاہد رند نے سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاستی ادارے اور عوام متحد ہیں۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔انہوں نے کہا کہ غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مؤثر اور بھرپور اقدامات جاری ہیں۔بلوچستان کے عوام امن، استحکام اور معمول کی پرامن زندگی کے خواہاں ہیں، اور ریاستی ادارے عوام کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں۔

بقیہ 5

(PTA) بلوچستان وحید شریف عمرانی کی ہدایت اور ایس ایس پی پچھی غلام مرتضیٰ بھٹو کی زیر نگرانی پی ٹی اے بلوچستان اور ٹریفک پولیس پچھی نے قلم دین چیک پوسٹ پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کی۔کارروائی کے دوران بغیر روٹ پرمٹ گاڑیوں، غیر قانونی روٹ کے استعمال، گاڑیوں کی چھتوں پر مسافروں کو بٹھانے، مقررہ حد سے زائد سامان لادنے اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر گاڑیوں کے کاغذات، روٹ پرمٹ اور دیگر ضروری دستاویزات کی جانچ پڑتال کی گئی۔حکام کے مطابق کارروائی کے دوران چھتوں پر مسافروں کو بٹھانے اور اوورلوڈنگ کی خلاف ورزی پر 25 گاڑیوں کے چالان کیے گئے، جبکہ 15 گاڑیوں کو بند کردیا گیا۔متعدد گاڑی مالکان اور ڈرائیوروں کو مسافروں کو گاڑیوں کی چھتوں پر بٹھانے سے گریز کرنے کی وارننگ بھی جاری کی گئی۔حکام نے بتایا کہ بعض مسافر گاڑیوں، ٹرکوں اور دیگر بھاری گاڑیوں میں مقررہ حد سے زائد لوڈنگ، چھتوں پر مسافروں کو بٹھانے اور غیر قانونی روٹ کے استعمال کی خلاف ورزیاں سامنے آئیں، جن کے خلاف متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی عمل میں لائی گئی۔حکام کا کہنا ہے کہ گاڑیوں کی چھتوں پر مسافروں کو بٹھانا غیر قانونی ہونے کے ساتھ ساتھ انسانی جانوں کے لیے بھی خطرناک ہے، جس کے باعث حادثات کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔مسافروں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ایسے عمل کی حوصلہ شکنی ضروری ہے۔آئندہ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ گاڑی کا روٹ پرمٹ معطل کر کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔حکام نے واضح کیا کہ بغیر روٹ پرمٹ گاڑی چلانے، غیر قانونی روٹ استعمال کرنے، مقررہ حد سے زائد سامان لادنے، گاڑیوں کی چھتوں پر مسافروں کو بٹھانے اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں

کے خلاف کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

بقیہ 6

نے کہا کہ اکثر پولیس اسٹیشنوں میں جرائم کی باقاعدہ ایف آئی آر درج نہیں کی جاتی بلکہ ابتدائی رپورٹ کے نام پر سائلین کو ٹرخا دیا جاتا ہے، جو عوام کے ساتھ کھلی زیادتی اور قانون کی خلاف ورزی ہے، ڈکیتی جیسے سنگین جرم کو معمولی چوری کی واردات میں تبدیل کرنا نہ صرف مظلوم کے ساتھ ناانصافی ہے بلکہ جرائم پیشہ عناصر کی حوصلہ افزائی اور جرائم کے اصل اعداد و شمار چھپانے کے مترادف ہے، انہوں نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ واقعے کی فوری طور پر قانون کے مطابق ایف آئی آر درج کر کے ملزمان کو گرفتار، لوٹا ہوا سامان برآمد اور ایف آئی آر کے اندراج سے گریز کرنے والے ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے، انہوں نے آئی جی پولیس بلوچستان اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے تمام تھانوں کو واضح ہدایات جاری کریں کہ ہر شہری کی شکایت پر قانون کے مطابق فوری مقدمہ درج کیا جائے اور عوام کو انصاف کے حصول میں غیر ضروری رکاوٹوں سے نجات دلائی جائے۔

بقیہ 7

ایرانی حکام کے بعض تحفظات موجود ہیں جنہیں دونوں جانب کے حکام باہمی رابطے اور مذاکرات کے ذریعے جلد حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ینا مجید بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی نے اس صورتحال کو سیاسی طور پر اپنے نام کرنے کی کوشش کی اور یہ تاثر دیا کہ بیس ستمبر کو وہ بارڈر کھلوانے کے لیے عوامی طاقت کا مظاہرہ کر کے انتظامیہ کو بلیک میل کریں گے۔تاہم بارڈر سے وابستہ لوگوں نے اس سیاست کو سمجھتے ہوئے اس کال کا ساتھ نہیں دیا۔انہوں نے کہا کہ کاروباری طبقہ اور بارڈر سے منسلک افراد نیشنل پارٹی کے سیاسی منافقت سے واقف ہیں اور انہیں معلوم ہے کہ عوامی مسائل کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا نیشنل پارٹی کا پرانا وطیرہ ہے۔انہوں نے کہا کہ بارڈر کھولنے کے لیے پہلے سے عملی پیش رفت جاری ہے۔ جیرک بارڈر کے لئے ہر ہفتے کیچ کی نوبت لسٹیں جاری کی جا رہی ہیں جبکہ جالگی بارڈر کے معاملے پر دونوں جانب کی سرکاری انتظامیہ کے درمیان باقاعدہ اجلاس اور رابطے جاری ہیں۔ایسے میں عوام کو سڑکوں پر لا کر سیاسی کریڈٹ لینے کی کوشش مسئلے کا حل نہیں بلکہ کھلی منافقت ہے۔ ینا مجید بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی کو بارڈر کے معاملے پر عوام کو گمراہ کرنے کے بجائے اپنے ماضی کے فیصلوں کا بھی جواب دینا چاہیے۔جب یہ جماعت اقتدار میں تھی تو بارڈر سے متعلق اس کی پالیسی اور فیصلے سب کے سامنے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر مالک بلوچ کا بی بی سی کو دیا گیا انٹرویو آج بھی موجود ہے عوام اسے سنیں اور خود فیصلہ کریں کہ ماضی میں بارڈر کے معاملے پر کس کا کیا مؤقف رہا ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ سیاسی نعروں اور احتجاجوں کے بجائے عملی ڈیولپمنٹ کو دیکھیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ ادارے بارڈر کے مسائل کے حل کے لیے عملی طور پر کام کر رہے ہیں اس لیے عوام کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال ہونے سے گریز کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ کیچ میں آج کا ناکام احتجاج اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عوام اب قوم پرست جماعتوں کی منافقانہ سیاست سے بخوبی واقف ہو چکے ہیں اور مزید ان کے سیاسی مقاصد کے لیے کندھا بننے کو تیار نہیں۔

بقیہ 8

حوالے سے نوٹسز بھی جاری کیے گئے۔بی آر اے ٹیم نے شادی ہالز کے انتظامیہ کو رجسٹریشن، ٹیکس تعمیل، درست ریکارڈ رکھنے اور قانون کے مطابق واجب الادا ٹیکس کی بروقت ادائیگی کی اہمیت سے آگاہ کیا۔اس موقع پر بتایا گیا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا مقصد ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ٹیکس نظام میں شفافیت، ٹیکس نیٹ میں توسیع اور صوبائی محصولات میں اضافہ یقینی بنانا ہے۔متعلقہ کاروباری اداروں پر زور دیا گیا کہ وہ قابل اطلاق قوانین کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔

بقیہ 9

کا واضح ثبوت ہے کہ بارڈر کی بندش کا مسئلہ صرف کسی ایک سیاسی جماعت یا گروہ کا نہیں بلکہ پورے عوام کا مسئلہ ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں عوام مختلف خدشات اور خوف کا سامنا کر رہے ہیں، مگر یہ سمجھ سے بالاتر ہے کہ لوگ کس چیز سے خوفزدہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ وہ اختلافات ختم کر کے ایک پلیٹ فارم پر متحد ہوں اور بارڈر کی بحالی اور امن وامان کے لیے مشترکہ جدوجہد کریں۔ان کا کہنا تھا کہ اگر ادارے یہ سمجھتے ہیں کہ سیاسی جماعتوں کو تقسیم کر کے عوامی مسائل کو دبایا جاسکتا ہے تو یہ درست طرز عمل نہیں، کیونکہ بارڈر کی بندش براہ راست ہزاروں خاندانوں کے روزگار اور معاشی زندگی کو متاثر کر رہی ہے۔سابق سینیٹر نے کہا کہ گوادر، پنجگور، تفتان اور چمن کے بارڈر کراسنگ پوائنٹس کھلے ہیں، لیکن گزشتہ تقریباً دو سال سے ضلع کیچ کا کراسنگ پوائنٹ بند ہے۔سوال یہ ہے کہ کیچ کے عوام کا آخر کیا قصور ہے کہ ان کے لیے بارڈر بند کردیا گیا ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ عبدوی یا جالگی کراسنگ پوائنٹ کو فوری طور پر کھولنے کا اعلان کیا جائے۔ڈاکٹر اسماعیل بلیدی نے خبردار کیا کہ طویل عرصے تک بارڈر بند رہنے کے باعث شہریوں کے معاشی مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے اور بعض لوگ منفی سرگرمیوں اور غیر قانونی راستوں کی طرف جانے پر مجبور ہو رہے ہیں، جبکہ چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں بھی اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسی صورتحال ریاست اور معاشرے دونوں کے لیے نیک شگون نہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر حکومت اور متعلقہ اداروں نے بارڈر کھولنے کے معاملے پر جلد سنجیدہ فیصلہ نہ کیا تو سخت لائحہ عمل اختیار کیا جائے گا۔ بلیدہ اور زامران میں تحریک شروع کی جائے گی اور عبدوی یا جالگی کراسنگ پوائنٹ کھولنے کے اعلان تک دھرنا جاری رکھا جائے گا، خواہ اس کے لیے مرتے دم تک دھرنا کیوں نہ دینا پڑے۔سابق سینیٹر نے مزید کہا کہ اس کے بعد مکران بچاؤ تحریک کا اعلان کیا جائے گا، جس میں تربت، گوادر اور پنجگور کے عوام کو متحد کیا جائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ مکران کے تینوں اضلاع کے عوام مل کر امن وامان کی بحالی، بارڈر کی بحالی اور عوام کے معاشی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ جدوجہد کریں گے تاکہ مکران میں بدامنی کا خاتمہ ہو اور مسخ شدہ لاشیں گرنے کا سلسلہ بند ہو۔ڈاکٹر اسماعیل بلیدی نے کہا کہ وہ ہر وقت عوام کے درمیان موجود ہیں اور عوام کے ساتھ کھڑے ہیں، عوام کے حقوق کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔انہوں نے ساؤتھ بلوچستان کے نئے تعینات ہونے والے آئی جی کے حوالے سے کہا کہ ان کی تعیناتی مکران کے عوام کے لیے ایک آزمائش ہے، اب دیکھنا یہ ہے کہ وہ مکران کے عوام کے مسائل کو سمجھتے ہوئے بارڈر کھلوانے کے لیے کیا اقدامات کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بارڈر کی مسلسل بندش کے باعث عوام نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں، معاشی مشکلات شدت اختیار کر گئی ہیں اور لوگ انتہائی مایوسی کا شکار ہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت عوام کی مشکلات کا فوری نوٹس لے، بارڈر کراسنگ پوائنٹس کھولے اور کیچ کے عوام کو روزگار اور معاشی سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرے۔

بقیہ 10

اڑا دیا جس سے ٹاور تباہ ہو گیا اور ٹاور تباہ ہونے سے ڈھاڈر سمیت ملحقہ علاقوں کو بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی۔

بقیہ 11

یا ایمرجنسی کی صورت میں سول انتظامیہ و سیکورٹی فورسز سے رابطہ کریں خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 12

بہہ رہا ہے عوامی حلقوں نے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ضلعی انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ شہر میں صفائی کی ناقص صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو تنبیہ کریں کہ وہ صفائی کو یقینی بنائیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ کوئٹہ جس کو ماضی میں لٹل پیرس کے نام سے جانا پہچانا جاتا تھا آج وہی کوئٹہ گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے جس کی بڑی وجہ ارباب اختیار، حکام اور متعلقہ اداروں کے سربراہوں کی عدم دلچسپی کی وجہ سے صفائی کو یقینی بنانے والے ادارے اور عملہ اپنی ذمہ داری نبھانے سے قاصر ہیں اور سڑکوں پر کئی کئی دن گٹر بند ہونے کی وجہ سے ان کا گندا پانی بہتا رہتا ہے جس کی وجہ سے گزرنے والے شہریوں اور لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ وی آئی پی سڑکوں پر موجود نالیاں اور گٹر بند ہونے کی وجہ سے ان کا گندا پانی سڑکوں پر بہتا رہتا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو شدید تکلیف اور ذہنی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ حالانکہ صفائی نصف ایمان ہمارے دین کا حصہ ہے لیکن ہمارے لوگ اپنی ذمہ داری پوری کرنے سے قاصر ہیں جس کی وجہ سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ شہر میں نالیوں کی صفائی اور سیوریج سمیت کچرے کو بروقت اور فوری طور پر ٹھکانے لگانے کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں۔

بقیہ 13

امتحانی عمل کو کامیاب بنانے میں تعاون کرنے والے تمام متعلقہ اداروں اور انتظامی افسران کی کاوشوں کو بھی سراہا۔اس موقع پر وائس چانسلر بیوٹمز پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ، وائس چانسلر BMUHS ڈاکٹر شبیر لہڑی اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ 14

لہڑی، نور بخش بنگلزئی اور علاقہ کے دیگر معززین بھی موجود تھے۔اس موقع پر علاقہ مکینوں نے نیشنل ٹاؤن شاہ زمان روڈ میں درپیش مختلف مسائل سے پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی کو آگاہ کیا میر لیاقت لہڑی نے عوام کے مسائل سنے اور انہیں حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔میر لیاقت لہڑی نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں حلقہ انتخاب میں کروڑوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں جن کی تکمیل عوام کو بنیادی سہولیات انکی دہلیز پر فراہمی میں مدد ملے گی، حلقے کے عوام نے جن مسائل کی نشاندہی کی ہے انہیں حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی بلا رنگ و نسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور تاریخ میں پہلی مرتبہ پیپلز پارٹی کی مخلوط حکومت نے صوبے کے تمام حلقوں کو یکساں فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے اور صوبے میں اربوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ میری کوشش ہے کہ اپنے حلقہ انتخاب کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی، صحت کی سہولیات سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کی مشکلات میں کمی لائی جاسکے۔انہوں نے حافظ انجینئر محمد ندیم قاضی، حبیب بلوچ، کامریڈ ظہور بلوچ، محمد لطیف چوہان اور انکے ساتھیوں کو پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ نئے ساتھیوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے قائدین پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے انشاءاللہ اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے۔انہوں نے کہا کہ نئے ساتھیوں کی شمولیت سے کوئٹہ اور خاص کر شاہ زمان روڈ پر پاکستان پیپلز پارٹی مزید فعال اور منظم ہوگی اور نئے ساتھی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں گے۔

بقیہ 15

یمیں صوبے کے اہم آمد و رفت اور نقل و حرکت کے مقامات پر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔ساتھ روزہ مہم کے دوران صوبے کے 32 اضلاع میں انسداد پولیو سرگرمیاں جاری رہیں گی، جن میں بارکھان، چاغی، ڈیرہ بگٹی نارتھ، ڈیرہ بگٹی ساؤتھ، دکی، گوادر، حب، جعفرآباد، جھل مگسی، قلات، کیچ، خضدار، قلعہ سیف اللہ، لسبیلہ، لورالائی، موسیٰ خیل، نصیرآباد، نوشکی، سبی، شیرانی، صحبت پور، اوستہ محمد، وڈھ، ژوب، زیارت، کوئٹہ ایسٹ، کوئٹہ ویسٹ، قلعہ عبداللہ، مستونگ، بارشور، پشین اور چمن شامل ہیں۔ماحولیاتی نمونوں کے مطابق اگست کے دوران بلوچستان میں پولیو وائرس کے دو مثبت ماحولیاتی نمونے سامنے آئے، جن میں ایک چمن اور دوسرا ژوب سے رپورٹ ہوا۔ای او سی کوآرڈینیٹر انعام الحق نے بتایا کہ ماحولیاتی نمونوں میں پایا جانے والا وائرس بلوچستان کا مقامی وائرس نہیں بلکہ اس کا تعلق پڑوسی صوبے اور افغانستان سے ہے۔انہوں نے کہا کہ پولیو وائرس اب بھی ماحول میں موجود ہے اور اس خطرے کا مکمل خاتمہ نہیں ہوا۔جب تک وائرس ماحول میں موجود رہے گا، بچوں میں پولیو سے متاثر ہونے کا خطرہ برقرار رہے گا، اس لیے ہر انسداد پولیو مہم انتہائی اہم ہے۔انعام الحق نے کہا کہ پولیو وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے اور بچوں کو اس خطرناک مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے بار بار ویکسینیشن ضروری ہے۔ای او سی کوآرڈینیٹر نے والدین اور بچوں کی نگہداشت کرنے والے افراد پر زور دیا کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلائیں۔انہوں نے سول سوسائٹی، اساتذہ اور مذہبی رہنماؤں سے بھی اپیل کی کہ وہ عوام میں شعور اجاگر کرنے اور والدین کو اپنے بچوں کی پولیو ویکسینیشن یقینی بنانے کی ترغیب دینے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 16

منیر سومرو کو نوشکی خاران روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ طور پر اغواء کرلیا پولیس ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر خاران منیر سومرو اور ان کے دو ذاتی محافظوں سے رابطہ منقطع ہوگیا۔پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈپٹی کمشنر منیر سومرو اور ان کے دونوں محافظوں کے موبائل فون مسلسل بند جا رہے ہیں، تاہم تاحال ڈپٹی کمشنر یا ان کے محافظوں کے اغوا کی تصدیق نہیں کی جاسکتی۔ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر خاران سے رابطے کی مسلسل کوشش کی جارہی ہے جبکہ ان کی تلاش کے لیے نوشکی، خاران اور چاغی پولیس کو متحرک کردیا گیا ہے۔

بقیہ 17

ساتھ مچھلی کی باقاعدہ نیلامی کا نظام بھی شروع کیا جا رہا ہے۔اس اقدام کا مقصد سربندر کے ماہی گیروں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا، مچھلی کی خرید و فروخت کو منظم کرنا اور ماہی گیری کے شعبے کو مزید فروغ دینا ہے۔باقاعدہ نیلامی کا نظام سربندر کے ماہی گیروں کو ان کے شکار کی بہتر اور مناسب قیمتیں حاصل کرنے میں مدد دے گا، جبکہ مچھلی کی خرید و فروخت کے عمل کو زیادہ منظم اور شفاف بنانے میں بھی معاون ثابت ہوگا۔فش آکشن ہال اور دیگر سہولیات سے حاصل ہونے والی آمدنی اسی جیٹی پر موجود سہولیات کے آپریشن، دیکھ بھال، مرمت اور مزید بہتری پر خرچ کی جائے گی۔رپورٹ کے مطابق اس موقع پر جی ڈی اے کے چیف انجینئر حاجی سید محمد، سپرنٹنڈنگ انجینئر روڈز نادر بلوچ، پروجیکٹ ڈائریکٹر سربندر جیٹی حاجی حنیف حسین، ایگزیکٹو انجینئر قاسم بلوچ، سربندر یونین کونسل کے چیئرمین نصیب نوشیروانی، معروف کاروباری و سماجی شخصیت کدہ حمید عیسیٰ سمیت بڑی تعداد میں ماہی گیر، متعلقہ افسران اور دیگر اہم شخصیات موجود تھیں۔

بقیہ 18

فاروق جتوئی اور عرفان بدوزئی شامل تھے اس موقع پر صدر ڈھاڈر پریس کلب محمد عارف بنگلزئی نے ڈسٹرکٹ چیئرمین سردارزادہ میر ہیبر گ خان رند کو ڈھاڈر اور گردونواح کے علاقائی مسائل خصوصاً بجلی کی بندش اور اس کے باعث عوام کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا انہوں نے کہا کہ بجلی کی بندش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ شدید گرمی میں بجلی کی عدم دستیابی سے عوام کی پریشانی مزید بڑھ گئی ہے سردارزادہ میر ہیبر گ خان رند نے صحافیوں کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بجلی کی بحالی کے معاملے پر کیسکو حکام سے بات ہوئی ہے اور متعلقہ حکام ٹرانسمیشن لائن کی بحالی کے لیے اقدامات اٹھا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ڈھاڈر کے عوام کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی اور جلد بجلی کی فراہمی بحال ہونے کی امید ہے انہوں نے مزید کہا کہ علاقے کے دیگر بنیادی مسائل سے بھی آگاہ ہیں اور عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں اور حکام سے رابطہ کر کے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ عوامی مشکلات میں کمی آسکے

بقیہ 19

افراد نے مسلح حملہ آوروں کا مقابلہ کیا، جس کے بعد حملہ آور فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے فائرنگ کے نتیجے میں متعدد گاڑیوں کو شدید نقصان پہنچا۔ذرائع کے مطابق فرار ہوتے ہوئے مسلح افراد نے راستے میں بم دھماکا کیا جس سے ایک پل کو بھی نقصان پہنچا۔ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین گوادر ہوت نعمت اللہ نے حملے کو بلوچستان کی عظیم روایات کی پامالی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ماموں کی فاتحہ خوانی پر بیٹھے شخص پر حملہ اور اغوا کی کوشش بزدلانہ کارروائی ہے، ایسے حملوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ مسلح افراد اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے، عوام اور علاقے کے لوگوں کے حوصلے بلند ہیں۔ہوت نعمت اللہ نے مشکل وقت میں تعزیتی مجلس میں موجود افراد کی جانب سے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرنے کو قابل تحسین قرار دیا۔

بقیہ 20

کی حرمت و تقدس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔رہنماؤں نے کہا کہ حرمین شریفین کی سلامتی پوری امت مسلمہ کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہے، اس لیے مقدس مقامات کو کسی بھی قسم کی کشیدگی، تنازع یا عسکری کارروائی سے محفوظ رکھنا تمام فریقین کی ذمہ داری ہے۔انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی طرف اٹھنے والا ہر جارحانہ قدم امت مسلمہ کے لیے شدید تشویش کا باعث ہے اور مقدس مقامات کے امن و سلامتی کو نقصان پہنچانے والی ہر کوشش کی بھرپور مذمت کی جائے گی۔سنی علماء کونسل کوئٹہ کے رہنماؤں نے عالمی برادری اور مسلم ممالک سے مطالبہ کیا کہ حرمین شریفین کے تحفظ، تقدس اور سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 21

آئل مینلرز پر فائرنگ کردی جس سے آئل مینلرز کے ٹائر برسٹ اور شیشے ٹوٹنے سے تین افراد زخمی ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچ گئے ملزمان فرار ہوگئے زخمیوں کو سول اسپتال سبی منتقل کردیا گیا۔پولیس مزید کارروائی کررہی ہے۔

بقیہ 22

پیپلز پارٹی وہ واحد سیاسی و جمہوری جماعت ہے جس کی قیادت نے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے لیکن کبھی بھی اصولوں پر سودے بازی نہیں کی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی وفاقی سطح پر بھی قومی مفاہمت، بین الصوبائی ہم آہنگی اور جمہوریت کے تسلسل پر یقین رکھتی ہے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پارٹی نے ہمیشہ یہی موقف اختیار کیا ہے کہ ملک کے چاروں صوبوں کے درمیان اعتماد اور تعاون کا ماحول پیدا کیا جائے تاکہ ایک مضبوط اور متحد پاکستان تشکیل پا سکے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے میں امن و امان کے قیام، صحت، تعلیم اور روزگار کے شعبوں میں کیے جانے والے اقدامات قابل تحسین ہیں۔انہوں نے کہا کہ صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ نوجوانوں کو میرٹ پر نوکریاں فراہم کی جا رہی ہیں جس سے نوجوانوں میں پائی جانے والی مایوسی ختم ہوگی۔انہوں نے کہا کہ پارٹی کے جیالے پاکستان پیپلز پارٹی کیلئے ایک قیمتی اثاثہ ہیں جن کے جائز مسائل حل کرنے کیلئے پارٹی کی مرکزی اور صوبائی قیادت ،صوبائی وزراء اور ارکان اسمبلی کو عملی اقدامات اٹھانے ہونگے۔انہوں نے کہا کہ پارٹی کے کارکن بلاول بھٹو زرداری، آصف علی زرداری، فریال تالپور اور آصفہ بھٹو کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں۔

بقیہ 23

کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز حب پولیس کو لنک لوہار پولیس چوکی کے قریب سے نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کے جسم پر گولی کے نشان ہے نعش ہسپتال منتقل کردی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دیا گیا مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 24

لوگ پیدل، موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کے ذریعے بازار سے نکل گئے، شہری اپنے گھروں میں محصور ہوکررہ گئے۔

بقیہ 25

کمپلیکس میں جاری ترقیاتی کام 80 فیصد مکمل ہوچکے ہیں جس کی بدولت جلد ہی ضلع کے بہت سارے آفیسران ایک ہی چھت کے نیچے عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے سہولیات فراہم کریں گے

بقیہ 26

تاہم پاکستان کو سعودی عرب، ایران، ترکی اور یمن کے مختلف فریقوں کے ساتھ اپنے روابط کو بروئے کار لاتے ہوئے ثالثی اور مذاکرات کی راہ ہموار کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ خلیجی ممالک میں لاکھوں پاکستانی مقیم ہیں جو ملکی معیشت کیلئے سالانہ اربوں ڈالر کا قیمتی زرمبادلہ بھیجتے ہیں، حکومت کو خلیجی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کی حفاظت یقینی بنانے اور کسی ہنگامی صورت حال میں ان کے محفوظ انخلا کیلئے ابھی سے جامع منصوبہ تیار کرنا چاہیے۔چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے کہا کہ خلیج اور بحیرہ احمر میں کشیدگی بڑھنے سے تیل، ایل این جی اور تجارتی جہاز رانی متاثر ہونے کا خدشہ ہے جس کے نتیجے میں پاکستان میں مہنگائی اور پیداواری لاگت مزید بڑھ سکتی ہے۔انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ ممکنہ توانائی بحران سے نمٹنے کیلئے متبادل درآمدی ذرائع، تیل کے محفوظ ذخائر اور مؤثر توانائی پالیسی کے حوالے سے قوم کو اعتماد میں لیا جائے۔سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ دفاعی معاہدوں یا بیرون ملک فوجی ذمہ داریوں سے متعلق کوئی بھی بڑا فیصلہ پارلیمان کو اعتماد میں لے کر اور پاکستان کے وسیع تر قومی مفاد کو سامنے رکھتے ہوئے کیا جانا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو سعودی عرب کی دفاعی سلامتی، ایران کے ساتھ اہم ہمسائیگی اور ملک کے اندر فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے تقاضوں میں نہایت محتاط توازن برقرار رکھنا ہوگا۔سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ علاقائی تنازعات کا پائیدار حل میزائلوں اور ڈرون حملوں میں نہیں بلکہ مذاکرات، سفارت کاری اور بین الاقوامی قانون کی پاسداری میں ہے۔

بقیہ 27

دوسرے شہر اور مختلف صوبوں تک پہنچانے کے لیے بڑی تعداد میں ٹرک، ٹریلر، مزدا اور دیگر مال بردار گاڑیاں استعمال ہوتی ہیں، اور یہ تمام ٹرانسپورٹ بڑی حد تک ڈیزل پر چلتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہائی وے ٹرانسپورٹ میں ایندھن کا خرچ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ جب ڈیزل مہنگا ہوتا ہے تو اس کا براہِ راست اثر مال برداری کے کرایوں اور بالآخر اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں پر پڑتا ہے۔ لہٰذا اگر حکومت واقعی عوام کو ریلیف دینا چاہتی ہے تو ڈیزل کی قیمت میں مزید اور حقیقی معنوں میں کمی کی جائے، تاکہ اس کا فائدہ صرف ٹرانسپورٹرز تک محدود نہ رہے بلکہ اشیائے خورد و نوش اور دیگر ضروری سامان کی قیمتوں میں بھی عوام کو ریلیف مل سکے۔ترجمان نے کہا کہ موٹر سائیکل سواروں، کار مالکان یا مخصوص افراد کو ایس ایم ایس، رجسٹریشن یا کسی نمبر پر درخواست دینے کے بعد چند سو، ایک ہزار یا چند ہزار روپے دینا عوام کے لیے مستقل اور جامع ریلیف نہیں۔حقیقی ریلیف وہ ہے جو بلا امتیاز پورے عوام کو براہِ راست ملے۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ سبسڈی کے نام پر عوام کو مختلف مراحل اور دفتری چکروں میں ڈالنے کے بجائے ڈیزل کی فی لیٹر قیمت کو جتنا ممکن ہو کم کیا جائے۔اس اقدام سے ہائی وے گڈز ٹرانسپورٹ کے اخراجات کم ہوں گے، مال برداری کا نظام بہتر ہوگا اور ضروری اشیاء کی قیمتوں میں کمی لانے میں مدد ملے گی۔ بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن نے وزیراعظم پاکستان اور متعلقہ ذمہ داران سے اپیل کی کہ عوام کو حقیقی

ڈھاڈر: سیکرٹری پی ٹی اے بلوچستان کی ہدایت پر قلم دین چیک پوسٹ پر ٹریفک پولیس کچھی غیر قانونی روٹ استعمال کرنے اور غیر پرمٹ گاڑیوں کیخلاف کارروائی کر رہی ہے

عوام پر عائد بھتہ خوری اور ناروا ٹیکسز کا خاتمہ کیا جائے، مولانا ہدایت الرحمن بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر اسکیمیں متعارف کرانے کے بجائے عوام پر عائد بھتہ خوری اور ناروا ٹیکسز کا خاتمہ کیا جائے، دھرنے اور لانگ مارچ کی راہ میں کسی قسم کی رکاوٹ برداشت نہیں کریں گے۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر لبیک کہتے ہوئے بلوچستان کے تمام اضلاع سے لانگ مارچ کے قافلے اسلام آباد دھرنے میں بھرپور شرکت کریں گے۔ گزشتہ سال بھی ہم نے بلوچستان کے حقوق کے لیے اسلام آباد مارچ کیا تھا مگر اسلام آباد کے (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد: چیئرپرسن بی سی ایس ڈبلیو کرن بلوچ اسلامک ریلیف کیساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہی ہیں

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاستی ادارے اور عوام متحد ہیں، شاہد رند

تمپ، نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا

ہرنائی میں نامعلوم ملزمان نے 5 کوئلہ کانوں پر حملہ کر کے نصب مشینری کو نذر آتش کر کے فرار ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) تمپ کے علاقے میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تمپ کے علاقے آسیہ آباد میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے ایک نوجوان کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔ ہرنائی کے علاقے میں نامعلوم ملزمان نے 5 کوئلہ کانوں پر حملہ کر کے نصب مشینری کو نذر آتش کر کے فرار ہو گئے پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ شب ہرنائی میں طالب لیز (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

پاکستان پیپلز پارٹی بلا رنگ و نسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، لیاقت لہڑی

پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، رکن صوبائی اسمبلی کا وفد سے بات چیت

میری کوشش ہے کہ اپنے حلقہ انتخاب کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی، صحت کی سہولیات سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کو روٹی، کپڑا اور مکان کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے یہی وجہ ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے دلوں میں بستی ہے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو نیشنل ٹاؤن شاہ زمان روڈ حافظ انجینئر محمد ندیم قاضی، حبیب بلوچ، کامریڈ ظہور بلوچ، محمد لطیف چوہان، محمد اظہر اور حاجی سعد اللہ کاکڑ سمیت دیگر افراد کی پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر فہیم سالانی، کاشف (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر)

بلوچستان میں امن کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مؤثر اور بھرپور اقدامات جاری ہیں، معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے قلات کے قریب دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ بروقت اور مؤثر کارروائی کے نتیجے میں پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کرنا اہم کامیابی ہے۔ اپنے ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 23 مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا، جو قابل تحسین اور بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کارروائی کے دوران قومی شاہراہ پر عوام کی پرامن آمد و رفت متاثر کرنے کی دہشت گردوں کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور نے کہا کہ کارروائی میں اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7 پر)

کم عمری کی شادی ایک اہم سماجی مسئلہ ہے، کرن بلوچ

بچیوں کی تعلیم، صحت، تحفظ اور مستقبل کے مواقع پر منفی اثرات مرتب کر سکتا ہے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن (BCSW) کی چیئرپرسن محترمہ کرن بلوچ نے اسلام آباد میں اسلامک ریلیف کے ساتھ مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے۔ مفاہمتی یادداشت کا مقصد بلوچستان میں کم عمری اور بچپن کی شادیوں کے خاتمے، بچیوں کے حقوق کے تحفظ، خواتین کے بااختیار بنانے اور انہیں بنیادی سہولیات و مواقع تک بہتر رسائی فراہم کرنے کے لیے مشترکہ کوششوں کو مضبوط بنانا ہے۔ اس موقع پر رکن کمیشن مشتاق مینگل بھی موجود تھے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

گاڑیوں کی چھتوں پر مسافروں کو بٹھانا انسانی جانوں کے لیے بھی خطرناک ہے، ٹرانسپورٹ حکام

ڈھاڈر (خ ن) صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ، سیکرٹری پروانشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر)

صوبائی دارالحکومت میں بدامنی اور لاقانونیت عروج پر پہنچ چکی ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

شہر کے تھانوں کی کارکردگی پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار، آئی جی پولیس سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بدامنی اور لاقانونیت عروج پر پہنچ چکی ہے اور رٹ حکومت نام کی کوئی چیز دکھائی نہیں دے رہی، شہر کے تھانوں کی کارکردگی پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہوں (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

بلوچستان کے 32 اضلاع میں سات روزہ انسداد پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی

بلوچستان بھر میں 23 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، انعام الحق

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے 32 اضلاع میں سات روزہ انسداد پولیو مہم پیر 21 ستمبر 2026 سے شروع ہوگی، جس کے دوران صوبے بھر میں پانچ سال سے کم عمر تقریباً 23 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق نے کہا ہے کہ انسداد پولیو مہم کے لیے تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں اور بچوں کو پولیو ویکسین پلانے کے لیے مجموعی طور پر 9,193 ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں انہوں نے بتایا کہ مہم میں 621 فکسڈ سائٹ ٹیمیں بھی حصہ لیں گی، جبکہ 392 ٹرانزٹ پوائنٹ (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر)

ڈپٹی کمشنر خاران منیر سومرو کو مبینہ طور پر اغواء کر لیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر خاران منیر سومرو کو مبینہ طور پر اغواء کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اتوار کو ڈپٹی کمشنر خاران (بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پر)

مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ سوک موبائل ٹاور کی نو منتخب کابینہ سے حلف لے رہے ہیں

بارڈر ٹریڈ کے معاملے پر حکومت بخوبی آگاہ ہے، مینا مجید

بارڈر کے نام پر نیشنل پارٹی کا احتجاج فلاپ، عوام نے سیاسی ڈرامے کو مسترد کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما و مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ نیشنل پارٹی نے ایک بار پھر کیچ کے عوام کو ... کھوکھلے نعروں، احتجاجی کالز اور سیاسی ڈراموں سے عوام کو گمراہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر ٹریڈ کے معاملے پر حکومت بخوبی آگاہ ہے۔ (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر)

گوادر فش آکشن ہال طویل عرصے بعد دوبارہ فعال

سربندر جیٹی پر مچھلی کی باقاعدہ نیلامی شروع

گوادر (این این آئی) گوادر کے رکن صوبائی اسمبلی (ایم پی اے) مولانا ہدایت الرحمٰن اور گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمٰن خان ... مال ہولڈرز کو الاٹمنٹ آرڈرز بھی حوالے کیے۔ رپورٹ کے مطابق فش آکشن ہال اور مال ہولڈنگ سیکشن طویل عرصے سے غیر فعال تھے۔ (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پر)

گوادر میں مسلح افراد کا ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین کے گھر پر حملہ، اغوا کی کوشش ناکام

مکہ مکرمہ ہماری ریڈ لائن ہے، سنی علماء کونسل کوئٹہ

بی آر اے کی ٹیم کا شادی ہالز کا دورہ، ٹیکس قوانین سے آگاہی اور رجسٹریشن کے حوالے سے نوٹسز جاری



آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے زیر اہتمام اہم گرینڈ جرگے کا انعقاد

چوری، ڈکیتی اور لوٹ مار کی مسلسل وارداتوں کے باعث عوام شدید خوف و تشویش میں مبتلا ہیں، شرکاء

بھاگ (آن لائن) بھاگ ناڑی میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال، چوری، ڈکیتی، لوٹ مار اور دیگر وارداتوں کے خلاف آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے زیر اہتمام ایک اہم گرینڈ جرگے کا انعقاد کیا گیا، جس میں بھاگ ناڑی اور تحصیل بھر سے قبائلی معتبرین، سیاسی و سماجی شخصیات، علماء کرام، صحافیوں اور عوامی حلقوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے شرکاء نے کہا کہ چوری، ڈکیتی اور لوٹ مار کی مسلسل وارداتوں کے باعث عوام شدید خوف و تشویش میں مبتلا ہیں۔ شہر کی گلیاں، بازار، شاہراہیں اور دیہی راستے سمیت (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر)

ہمیں تحفظ فراہم کر کے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں، غلام عباس

ہمیں جانی نقصان پہنچانے کے ساتھ ساتھ جان سے مارنے کی دھمکیاں دیا جا رہا ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) سندھ کے علاقے ٹھل کے رہائشی غلام عباس نے اپنی اہلیہ سونی کے ہمراہ وزیر اعلیٰ بلوچستان، آئی جی پولیس اور متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ ہم نے کچھ روز قبل پسند کی شادی کی ہے کہ میری بیوی کے والد، کزن اور دیگر رشتہ دار ہمیں جان سے مارنے اور نقصان پہنچانے کی دھمکیاں دے رہے ہیں ہمیں تحفظ فراہم کر کے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں اور میری بیوی جیکب آباد کے علاقے ٹھل کے رہائشی ہیں کچھ دن قبل ہم نے کوئٹہ (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ: پسند کی شادی کرنیوالا جیکب آباد تحصیل ٹھل کا رہائشی غلام عباس اپنی اہلیہ سونی کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہا ہے

انجینئرنگ کے پروموشن کوٹہ 17 فیصد کو 2020ء میں ختم کر دیا گیا ہے جس کے تمام نقصانات کے اثرات ڈپلومہ انجینئرز پر پڑے ہیں حالانکہ صوبے کے تمام ٹیکنیکل ڈیپارٹمنٹ میں ڈپلومہ انجینئرز کے سروس رولز میں (بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر)

نیشنل پارٹی ضلع قلات کی سینئر باڈی کا اہم اجلاس

قلات (آن لائن) نیشنل پارٹی ضلع قلات کی سینئر باڈی کا ایک اہم اور فکری اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر کامریڈ ظہور بلوچ منعقد ہوا اجلاس کے مہمان خاص نیشنل پارٹی کے صوبائی فنانس سیکرٹری میر اشرف علی مینگل تھے، جبکہ قلات ڈویژن کے رہنما ایڈووکیٹ حمید بلوچ نے بطور اعزازی مہمان شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع قلات، تحصیل اور خواتین فورم کی کابینہ کے عہدیداروں نے شرکت کی اور تنظیم کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے اپنی اپنی تفصیلی کارکردگی رپورٹ پیش کیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر)

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
"روزنامہ عوام"
302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

متاثرین کی بحالی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، کلیم اللہ کاکڑ

متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن سرکاری سطح پر مدد اور نقصانات کا ازالہ یقینی بنایا جائے

شیرانی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ سے عبدالغنی شیرانی کی سربراہی میں وفد نے ملاقات کی، ملاقات کے دوران چند روز قبل مغربل خوازہ کے علاقے میں بارش کے باعث آنے والی بارانی ریلی کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصانات، متاثرہ خاندانوں کی مشکلات اور فوری امداد کی ضرورت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے ڈپٹی کمشنر کو متاثرہ علاقے اور متاثرین کی صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن سرکاری سطح پر مدد اور نقصانات کا ازالہ یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے متاثرین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قدرتی آفت میں انسانی جانوں اور (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر)

جماعت اسلامی نوشکی کا اہم مشاورتی اجلاس

ٹیکسوں اور لیوی کے نتیجے میں بڑھنے والی مہنگائی پر شدید تشویش کا اظہار

نوشکی (آن لائن) جماعت اسلامی نوشکی کے ارکان کا ایک اہم اور غیر معمولی مشاورتی اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان حافظ مطیع الرحمٰن مینگل نے کی۔ اجلاس میں جماعت اسلامی نوشکی کے امیر مولانا محمد قاسم مینگل سمیت ضلع بھر سے بڑی تعداد میں ارکان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ملکی سیاسی و معیشتی صورتحال پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا، بالخصوص پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے اور ان پر عائد بھاری اضافی ٹیکسوں اور لیوی کے نتیجے میں بڑھنے والی مہنگائی پر شدید تشویش کا اظہار (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر)

یونیورسٹی آف تربت میں تدریسی و انتظامی امور پر تنازع شدت اختیار کر گیا

تربت (این این آئی) یونیورسٹی آف تربت میں تدریسی و انتظامی امور پر تنازع شدت اختیار کر گیا۔ اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن (ASAUT) نے اپنے جائز اور قانونی مطالبات کے حق میں جاری پُرامن احتجاج کو برقرار رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ شوکاز نوٹسز پر مشتمل سرکلر کو شدید تشویش کے ساتھ مسترد کر دیا ہے۔ ASAUT کونسل کا کہنا ہے کہ جائز مطالبات حل کرنے کے بجائے تادیبی کارروائی کی دھمکیاں دینا افسوسناک اور ناقابل قبول

حاجی جمعہ خان بڑیچ انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) حاجی جمعہ خان بڑیچ انتقال کر گئے وہ مرحوم حاجی کبیر بڑیچ مرحوم یار محمد بڑیچ اور ایم کیو ایم پاکستان صوبائی نائب صدر کمانڈر ناصر خان بڑیچ کا دادا اور محمد صادق خلیل احمد جلیل احمد کا والد محمد نسیم محمد اسلم حاجی خالد محمد طارق کے چچا تھے ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی اور ڈاکٹر فاروق (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری کے انتخابات 2026-28 کا پہلا مرحلہ مکمل

کارپوریٹ اور ایسوسی ایٹ کلاس سے تعلق رکھنے والے تمام امیدوار بلا مقابلہ منتخب ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری کے سالانہ انتخابات برائے 2026-28 کا پہلا مرحلہ کامیابی سے مکمل ہو گیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق پہلے مرحلے میں کارپوریٹ اور ایسوسی ایٹ کلاس سے تعلق رکھنے والے تمام امیدوار بلا مقابلہ منتخب ہو گئے ہیں۔ انتخابی عمل کو شفاف، منظم اور مقررہ انتخابی ضوابط کے مطابق مکمل کیا گیا۔ وزارت تجارت ڈائریکٹریٹ اور ٹریڈ آرگنائزیشن، ڈی جی ٹی او نے تمام الیکشن کو مانیٹر کیا، اور موقع پر ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کوئٹہ کے نمائندے زین العابدین نے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر)

بلوچستان پولیس کی ہیلپ لائن 1715 فعال

تمام شہریوں کو شکایات کے فوری اندراج کی سہولت فراہم کر دی گئی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پولیس کی جانب سے عوام کو انصاف کی فراہمی اور عوامی شکایات کے لئے فوری اندراج اور اس پر کارروائی کے حوالے سے پولیس ہیلپ لائن 1715 فعال بنا دی گئی ہے جس پر شہری اپنی شکایت کا اندراج کرا کر فوری کارروائی کے حصول کو ممکن بنا کر انصاف حاصل کر سکتے ہیں۔ بلوچستان پولیس کے ترجمان کے مطابق بلوچستان پولیس کی جانب سے آگاہی کے سلسلے میں شہری ایف آئی آر یا شکایت درج نہ کیے جانے، پولیس اہلکاروں کے ناجائز یا نامناسب رویے، رشوت اور بدعنوانی سمیت فوری نوعیت کے قابل شکایت معاملات ہیلپ لائن 1715 پر رپورٹ کر سکتے ہیں۔ عوامی شکایات کی مؤثر مانیٹرنگ اور ان پر بروقت کارروائی کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا گیا ہے تاکہ شہریوں کو درپیش مسائل کے ازالے کے لیے فوری اقدامات (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر)

سابق ایم این اے آسیہ ناصر، پادری سائمن بشیر، اسسٹنٹ کمشنر حبیب سردار، آسٹر مہک اور اے کیون مسیح میتھوڈسٹ چرچ میں یوتھ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں